★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | منگل 8 ذیقعد 1446ھ، 6 مئی 2025ء، 23 بیساکھ 2082ء | 2 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 179

پاکستان کا زمین سے زمین پر مار کرنے والا الفتح میزائل کا کامیاب تجربہ

میزائل کی رینج 120 کلومیٹر ہے اور یہ تجربہ جاری مشق اندس کا حصہ تھا، یہ تجربہ پاک فوج کے سینئر افسران کے ساتھ ساتھ پاکستان کے اسٹریٹجک اداروں کے سائنسدانوں اور انجینئروں نے بھی ملاحظہ کیا: آئی ایس پی آر

وزیراعظم نے زمین سے زمین پر وار کرنے والے فتح میزائل کی تربیتی لانچ کی کامیابی پر جیئر میں جوائنٹ چیفس آف اسٹاف، آرمی چیف اور اسکی تیاری میں شامل سائنسدانوں وانجینیئرز کی کوششوں کی پذیرائی کی



اسلام آباد، پاکستان فتح سیریز کے زمین سے زمین پر مار کرنیوالے میزائل کا کامیاب تجربہ کیا جارہا ہے

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پاکستان نے فتح سیریز کے زمین سے زمین پر مار کرنے والے میزائل کا کامیاب تربیتی تجربہ کیا ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق میزائل کی رینج 120 کلومیٹر ہے اور یہ تجربہ جاری مشق اندس کا حصہ تھا۔ تربیتی تجربے کا مقصد افواج کی عملی تیاری کو یقینی بنانا اور میزائل کے جدید نیویگیشن سسٹم سمیت اس کی تکنیکی صلاحیتوں اور درستگی کو جانچنا تھا۔ یہ تجربہ پاک فوج کے سینئر افسران (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

وزیراعلیٰ مریم نواز کا انڈیا سے واپس آنیوالے مریضوں کے مفت علاج کا حکم

ٹرانسپلانٹ اور دیگر امراض میں مبتلا مریضوں کا پنجاب میں علاج تکنیکی بنانے کا فیصلہ، اٹشیا سے آنیوالے ہر مریضوں کو تنہا نہیں چھوڑیں گے: مریم نواز شریف

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے اٹشیا سے واپس آنے والے مریضوں کے مفت علاج کی ہدایت کی ہے۔ عالیہ کشفی کی بعد اٹشیا سے پاکستانی مریضوں کو علاج ادھورا چھوڑ کر واپس بھیج دیا گیا تھا۔ ٹرانسپلانٹ اور دیگر امراض میں مبتلا مریضوں کا پنجاب میں علاج تکنیکی بنانے کا فیصلہ، اٹشیا سے آنیوالے ہر مریضوں کو تنہا نہیں چھوڑیں گے: مریم نواز شریف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

4 لاپتہ بھائیوں کی بازیابی کا کیس، والدہ کمرہ عدالت میں غم نڈھال ہو کر گر گئیں

خواتین پولیس اہلکاروں اور ڈیسنری کے عملے کو بلا لیا گیا جنہوں نے خاتون کو سنبھالا، چاروں بھائیوں کے بارے میں تاحال کوئی سراغ نہیں مل سکا: کورٹ ذرائع

اسلام آباد اور پنجاب پولیس کی جانب سے بازیابی میں ناکامی پر عدالت کا سخت اظہار برہمی، ہمارے پاس ہر تین چار دن بعد کیس آتا ہے کہ بندہ غائب ہو گیا، ریمارکس

اسلام آباد (یوانپی) اسلام آباد ڈیکیورٹ میں 4 لاپتہ بھائیوں کی بازیابی کے کیس میں والدہ کمرہ عدالت میں غم سے نڈھال ہو کر رونے لگیں، جس پر خواتین پولیس اہلکاروں اور ڈیسنری کے عملے کو بلا لیا گیا جنہوں نے خاتون کو سنبھالا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد ہائیکورٹ میں چار لاپتہ بھائیوں کی بازیابی سے متعلق کیس کی سماعت ہوئی جسکی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

بھارت خطے کو جنگ کی طرف دھکیل رہا، پاکستان پہلا قدم نہیں اٹھائے گا، اسحاق ڈار

بھارت نے بغیر کیس ثبوت کے بے بنیاد الزامات لگائے، بھارت نے جارحیت کی تو بھرپور جواب دیں گے، اسلام آباد میں علاقائی مکالمہ 2025 کے عنوان سے تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیرخارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ بھارت شطے کو جنگ کی طرف دھکیل رہا ہے، پاکستان کسی صورت پہلا قدم نہیں اٹھائے گا، ہم اٹرٹ ہیں، بھارت نے جارحیت کی تو بھرپور جواب دیں گے۔ اسلام آباد میں علاقائی مکالمہ 2025 کے عنوان سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اسحاق ڈار کا کہنا تھا کہ پہلگام واقعے کا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

ٹیکس نیٹ سے باہر عام آدمی پر بوجھ کم ہو، وزیراعظم

وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت ایف بی آر کے امور پر اجلاس منعقد ہوا، انکم ٹیکس آرڈیننس اور فیڈرل ایکسائز ایکٹ کی مختلف شقوں میں ترامیم کا مقصد ٹیکس کی وصولی میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنا ہے

نئی ترامیم کے تحت کاروباری شخصیات و کمپنیوں کو ایف بی آر افسران کی طرف سے بلاوجہ ہراساں کرنے کی روک تھام ہوگی، غیر قانونی طور پر تیار شدہ سگریٹ و دیگر اشیا کی خرید وفروخت کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے



اسلام آباد: پاکستان میں یو کے کی ہائی کمشنر مین میرٹ وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کر رہی ہیں

اسلام آباد (یوانپی) وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت ایف بی آر کے امور پر اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ٹیکس نیٹ بڑھنے اور سرکاری آمدن میں اضافے کے لیے جاری اصلاحات سے عام آدمی پر ٹیکس کا بوجھ کم ہوگا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ٹیکس نیٹ بڑھنے اور امور پر اجلاس منعقد ہوا جس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

حکومت کا بھارتی جارحیت کیخلاف قومی اسمبلی میں قرارداد لانے کا فیصلہ

اجلاس میں بھارتی جارحیت اور ریاستی سرحد پار دہشت گردی پر بھی مکمل کہرات کی جائے گی، ذرائع

اسلام آباد کراچی (این این آئی) حکومت نے پہلگام فالس فلیگ آپریشن اور بھارتی جنگی جارحیت کے خلاف قومی اسمبلی میں قرارداد لانے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ متفقہ قرارداد قومی اسمبلی کے اجلاس میں لائی جائے گی۔ اجلاس کے موقع پر ارکان اسمبلی اس اہم ترین معاملے پر اظہار خیال کریں گے۔ اس کے علاوہ بھارتی جارحیت اور ریاستی سرحد پار دہشت گردی پر بھی مکمل کہرات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

واہگہ اور گنڈا سنگھ والا بارڈر پر جوش و جذبے کی گونج

پاکستانی قوم کا دشمن کو مردِ قوی پیغام، لاہور کے واہگہ بارڈر پر جشنِ خیر سگالی کی پریڈ دیکھنے پہنچے

لاہور/قصور (این این آئی) پاک بھارت کشیدگی کے سائے میں بھی پاکستانی قوم کے حوصلے بلند اور وطن سے محبت کا جذبہ ہر لمحہ جواں ہے۔ واہگہ بارڈر پر اتوار کو عوام کا جم غفیر جشنِ خیر سگالی کی پریڈ دیکھنے پہنچا جہاں جذبہ حب الوطنی عروج پر دکھائی دیا، فضا مسلسل اللہ اکبر اور پاکستان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)

بھارتی اقدامات سے علاقائی امن و استحکام کو خطرہ لاحق ہے، صدر

جنوبی ایشیا میں امن و استحکام کی دونوں ممالک کی مشترکہ خواہش کے حصول کیلئے ہمیشہ پاکستان کی حمایت کریگا: چینی سفیر

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ بھارتی اقدامات سے علاقائی امن و استحکام کو خطرہ لاحق ہے۔ ایوان صدر میں صدر مملکت آصف علی زرداری سے چینی سفیر چیانگ زے ڈونگ نے ملاقات کی جس میں دو طرفہ اہمیت کے امور اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)



اسلام آباد: صدر آصف زرداری سے ایوان صدر میں چینی سفیر چیانگ زے ڈونگ ملاقات کر رہے ہیں

مسقط: محسن نقوی کا عمان پولیس و کسٹمز ہیڈ کوارٹر کا دورہ

وفاقی وزیر داخلہ نے عمان پولیس کو پاکستان میں ٹریننگ کی پیشکش کی دونوں فریقین کا اتفاق

مسقط (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن لیفٹیننٹ جنرل حسن بن محسن الشرفی نے ہیڈ کوارٹر کا دورہ کیا اور پاکستانی کمیونٹی اور سفارتخانے کے محسن نقوی کا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)



چیئرمین: وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری قیصر احمد شیخ "پاکستان فوج زندہ باد" ریلی کی قیادت کر رہے ہیں

وزیراطلاعات کا ملکی و غیر ملکی میڈیا کیساتھ ایل او سی کا دورہ

میڈیا کے نمائندوں کو بھارت کی جانب سے مبینہ دہشت گردی کے ٹھکانے قرار دی جانیوالی جگہ لیجایا گیا

مظفر آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاءاللہ تارڑ نے ملکی و غیر ملکی میڈیا کو ایل او سی کنٹرول (ایل او سی) کا دورہ کرا کر بھارت کے دہشتگردی کے کیمپوں کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

اگر بھارت نے حملہ کیا تو وہ ٹکڑوں میں بٹ جائیگا، گورنر پنجاب

حملے کی وجہ سے بھارتی پنجاب آزاد ہو کر خالصتان بن جائے گا اور اس کے ساتھ مقبوضہ کشمیر بھی آزاد ہو جائے گا: سردار سلیم حیدر خان

ہماری فوج کے سپہ سالار جنرل عاصم منیر ہمارا فخر ہیں، جنہوں نے بھارت کی دھمکیوں کا جواب آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر دیا ہے: بیان



لاہور: اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کر رہے ہیں

محتسب پنجاب کا جنوبی پنجاب کے مختلف اضلاع کا تفصیلی دورہ

محتسب پنجاب نے جنوبی پنجاب میں عوامی شکایات کے ازالے اور فوکل کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے علاقہ دنوں میں تفصیلی دورہ کیا

دوروں کے دوران انہوں نے متعلقہ دفاتر میں عملے سے ملاقاتیں کیں، عوامی دادرسی کے عمل میں بہتری، سائلین کا اظہار اطمینان

لاہور (نمائندہ خصوصی) محتسب پنجاب نے جنوبی پنجاب میں عوامی شکایات کے ازالے اور دفاتر کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے علاقہ دنوں میں تفصیلی دورہ کیا۔ دوروں کے دوران انہوں نے متعلقہ دفاتر میں ملتان، خانیوال، ڈی جی خان، بہاولپور، لودھراں، رحیم یار خان، راجن پور اور وہاڑی کے دفاتر کا تفصیلی جائزہ لیا۔ عملے سے ملاقاتیں کیں، دائر شدہ درخواستوں کی سماعت کی اور سائلین سے براہ راست ان کے مسائل اور شکایات کے بارے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)



اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے کامرس جام کمال خان سے جاپان کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

بھارت کی آبی جارحیت، بگلیہار ڈیم کے ذریعے دریائے چناب کا پانی روک دیا

بھارت کی کشن گنگا اور بگلیہار ڈیم پر جیٹک پانی کے ذریعے پانی کے بہاؤ کو بھی کم کرنے کی تیاری، دریائے جہلم میں پانی کی کمی کا خدشہ

بگلیہار ڈیم کے ذریعے پاکستان کی طرف پہنچنے والا پانی روکنا شروع کیا جواب 90 فیصد تک روک دیا گیا، بھارتی حکام

اسلام آباد (این این آئی) بھارت نے سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے دریائے چناب پر بگلیہار ڈیم سے پاکستان آنے والا پانی 90 فیصد روک دیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق بھارت نے کشن گنگا پر جیٹک کے ذریعے پانی کا بہاؤ کو بھی کم کرنے کی تیاری شروع کر دی، جس سے دریائے جہلم میں پانی کی کمی کا خدشہ ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بھارتی حکام کا کہنا ہے کہ ہم نے پہلے کے روز سے بگلیہار ڈیم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

شام ترکیے سے بجلی درآمد کرنے کے معاہدے پر دستخط کرے گا

دمشق (این این آئی) شام ترکیہ سے بجلی درآمد کرنے کے معاہدے پر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

بغداد میں عرب سربراہی اجلاس، شاہ سلمان کو عراقی صدر کی دعوت موصول

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے فرمانروا شاہ سلمان بن عبدالعزیز کو جمہوریہ عراق کے صدر ڈاکٹر عبداللطیف رشید کی جانب (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

سعودی عرب سوڈان پورٹ پر ڈرون حملوں کی مذمت

ریاض (این این آئی) سعودی عرب نے پورٹ سوڈان اور مشرقی تھیلے کے اہم تنصیبات پر حالیہ ڈرون حملوں کی شدید مذمت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

امارات کا 7 مئی سے لبنان پر سفری پابندی ختم کرنے کا اعلان، لبنانی وزیراعظم کا خیر مقدم

دبئی (این این آئی) متحدہ عرب امارات کی وزارت خارجہ نے اعلان کیا ہے کہ وہ اپنے شہریوں پر لبنان کا سفر کرنے پر عائد پابندی 7 مئی 2025ء سے ختم کر دے گی۔ عرب نیوز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

میرا جانشین بننے کے لیے جے ڈی وینس بہترین انتخاب ہیں، ٹرمپ

میرے نائب کو اپنے دیگر حریفوں پر برتری حاصل ہے اور ان کے اندرونی نظریات ہیں، انٹرویو

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے تصدیق کی ہے کہ وہ اپنی مدت کے اختتام پر سالکوٹ: وزیر مملکت برائے قومی خوراک ملک رشید احمد خان پر وفیسر ساجد میر کے گھر کا دورہ کر رہے ہیں

چوہدری شافع حسین کا ڈیفنس روڈ بوتیاں چوک پر شوماسنگ فیلڈری کا دورہ

چیئرمین بزنس کونسل جائنٹ بزنس پارک کے قیام کے لئے اپنا حتمی پلان دے، ڈپٹی کمشنر لاہور چوہدری شافع حسین نے فیلڈری میں جوتے کی تیاری کے مختلف مراحل کا مشاہدہ کیا۔ یہ فیلڈری یومیں کی دو ملین شوز ریٹنگ کپیٹی چوک پر شوماسنگ فیلڈری کا دورہ کیا۔ صوبائی وزیر نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)

پی آر اے نے اپریل میں 23.7 ارب روپے کی ٹیکس وصولی کی

جولائی سے اپریل کے دوران 214 ارب روپے کی ٹیکس وصولی کی گئی، ترجمان

لاہور (این این آئی) پنجاب ریونیو اتھارٹی نے رواں مالی سال کے گزشتہ ماہ اپریل میں بیلز ٹیکس کی مد میں 23.7 ارب روپے کی ٹیکس وصولی کی جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

26 نومبر احتجاج کیس، تحریک انصاف کے رہنماؤں کو گرفتار نہ کرنے کا حکم

انسداد دہشتگردی عدالت نے خانت قبل از گرفتاری کی درخواستوں پر ساعت 24 جون تک ملتوی کر دی

گرفتار نہ کرنے کا حکم دیدیا، تفصیلات کے مطابق

انسداد دہشت گردی عدالت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

عمران خان سے ملاقات کیلئے بہنوں کی درخواست مسترد

اڈیالہ جیل انتظامیہ نے درخواست مسترد کر دی، بہنوں کو 3 روز بعد ملاقات کی اجازت

راولپنڈی (این این آئی) اڈیالہ جیل انتظامیہ نے عمران خان سے ملاقات کیلئے بہنوں کی درخواست مسترد کر دی۔ بہنوں کو 3 روز بعد ملاقات کی اجازت دی گئی ہے۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

بنوں: ایف سی چیک پوسٹ پر دہشت گردوں کی حملہ ناکام

بنوں کراچی (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع بنوں کے علاقے ٹوٹری میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

ایران کا 1,200 کلومیٹر تک مار کرنے والا بیلسٹک میزائل متعارف کرا دیا

تہران (این این آئی) ایران نے ایک نیا سالڈ فیول بیلسٹک میزائل قاسم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

غزہ میں اسرائیلی فضائی حملوں میں 19 فلسطینی شہید

غزہ (این این آئی) غزہ میں 12 اسرائیلی فضائی حملوں میں 19 فلسطینی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)

پاکستانی فوج دنیا کی ماہر ترین افواج میں سے ہے: ملک محمد احمد خان

سندھ طاس معاہدہ کوئی یکطرفہ معاہدہ نہیں ہے، بھارت کا اس کو ختم کرنے کا کوئی اختیار نہیں

لاہور (خبر نگار) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے خطاب کرتے ہوئے بھارت کی جانب سے دی جانے والی جنگی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)



لاہور: اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف سے سپیکر پنجاب اسمبلی کی ملاقات

باہمی دلچسپی کے امور، سیاسی صورتحال اور فلاح عامہ کے منصوبوں پر تبادلہ خیال

لاہور (خبر نگار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان ملاقات کی۔ ملاقات میں رکن پنجاب اسمبلی سردار محمد عاصم منیر ڈوگر اور خرم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)



لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان ملاقات کر رہے ہیں

ان ہیلی کاپٹروں میں موجود مسافروں اور ان کے مشن کے بارے میں معلوم نہیں ہو سکا، میڈیا رپورٹ

کراچی (این این آئی) کراچی سے 2 امریکی ہیلی کاپٹروں کی بھارتی شواہد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)



اسلام آباد: وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی سے پاکستان میں یوایی کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

لاہور ہائیکورٹ نے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کی آئرنو منیاریٹی لسٹ مرتب کرلی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کی آئرنو منیاریٹی لسٹ مرتب کرلی، قبصہ نیوز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی مصدق ملک سے آذربائیجان کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
بانی: میاں محمد فیاض
سٹی نیوز

تاجر کو تشدد کر کے لوٹنے والے 3 پولیس اہلکاروں کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) انارکلی پولیس نے پردیسی تاجر کو تشدد کر کے لوٹنے والے 3 پولیس اہلکاروں کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا تفصیلات کے مطابق متاثرہ شہری مشتاق احمد جو کاروباری سلسلے میں لاہور انارکلی آیا ہوا تھا جہاں پولیس اور ڈولفن فورس کے پانچ اہلکاروں نے تاجر کو روکا، تشدد کا نشانہ بنایا، اور رقم کا مطالبہ کرتے رہے۔ بعد ازاں اہلکاروں نے تاجر کو ایک اے ٹی ایم مشین پر لے جا کر ایک لاکھ روپے نکلوا لیے اور پھر رہا کر دیا تاجر کی درخواست پر واقعہ کی فوری تحقیقات کی گئیں، جس کے نتیجے میں مقدمہ درج کر کے تین اہلکاروں عمران، عثمان اور محسن کو گرفتار کر لیا گیا جبکہ دیگر نامزد اہلکاروں میں آفتاب اور ایک ڈولفن اہلکار شامل ہیں، جن کی گرفتاری کے لیے کارروائی جاری ہے پولیس کو ملنے والی واقعے کی کلوز سرکٹ فوٹیج میں واضح طور پر اہلکاروں کو اے ٹی ایم کے باہر پہرہ دیتے ہوئے اور متاثرہ شہری کو اندر بھیجتے دیکھا جا سکتا ہے ترجمان پولیس کا کہنا ہے کہ لاہور پولیس عوام کے تحفظ کو اولین ترجیح دیتی ہے اور کسی بھی اہلکار کی جانب سے اختیارات کے ناجائز استعمال کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ واقعہ میں ملوث تمام افراد کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

صوبائی دارالحکومت میں مختلف مقامات پر 2 افراد دم توڑ گئے

لاہور (کرائم رپورٹر) صوبائی دارالحکومت میں مختلف مقامات پر دو افراد دم توڑ گئے، پولیس نے لاشیں مردہ خانے منتقل کر کے قانونی کاروائی کا آغاز کر دیا ایدھی ترجمان کے مطابق راوی روڈ پر 32 چوک کے قریب دوران نماز ایک شخص جاں بحق ہو گیا، متوفی کی شناخت نہ ہو سکی، دوسرے واقعہ میں چوہنگ کے علاقے ملتان روڈ کے قریب 60 سالہ بزرگ شہری ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہو گیا، 60 سالہ بزرگ شہری کی شناخت مشتاق کے نام سے ہوئی اور سمبڑیال کا رہائشی تھا۔ پولیس نے دونوں لاشیں مردہ خانے منتقل کر کے قانونی کاروائی کا آغاز کر دیا۔

صوبائی دارالحکومت میں ڈاکوؤں اور شہریوں میں آنکھ مچولی جاری

لاہور (کرائم رپورٹر) صوبائی دارالحکومت میں ڈاکوؤں اور شہریوں میں آنکھ مچولی جاری، لاہور پولیس کرکٹ میچوں کی سیکیورٹی پر معمور، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف جرائم کی 285 وارداتیں رپورٹ، پولیس زرائع کے مطابق نقب زنی کی وارداتوں میں چور شہر کے مختلف علاقوں میں 12 گھروں سے لاکھوں روپے مالیت کے طلائی زیورات، نقدی اور دیگر سامان لے اڑے، راہزنی کی وارداتوں میں ڈاکوؤں نے شہر میں اسلحہ کے زور پر مختلف مقامات پر 8 افراد سے لاکھوں روپے، 1 شہری سے موٹر سائیکل اور موبائل فونز چھین لیے، جھپٹا مار کاروائیوں میں ڈاکو 18 شہریوں سے شاہراہ عام پر ہزاروں روپے اور موبائل فونز چھین کر فرار ہو گئے جبکہ 24 گھنٹوں کے دوران شہر بھر سے 33 موٹر سائیکلیں، 1 کار، 3 مویشی چوری ہو گئے اور مختلف تھانہ جات میں متفرق چوری کی 209 وارداتیں رپورٹ ہوئیں۔

پاکستان کرکٹ بورڈ کا لاہور، کراچی اور ملتان میں اکیڈمیز مکمل فعال کرنے کا فیصلہ

عاقب جاوید ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس کا عہدہ سنبھالنے کے لیے مضبوط امیدوار ہیں

لاہور (رمیض علی سے) پاکستان کرکٹ بورڈ نے لاہور، کراچی اور ملتان میں اکیڈمیز مکمل فعال کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق تینوں شہروں کی اکیڈمیز میں سال بھر مختلف پروگرامز جاری رہیں گے، ایج گروپ پاتھ ویز پروگرام کو خاص طور پر توجہ دی جائے گی، نیشنل کرکٹ اکیڈمی لاہور میں بیچ اسٹرینتھ پر کام کیا جائے گا۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ پرفارمرز کو نیشنل کرکٹ اکیڈمی میں رکھا جائے گا، کوچز ان پر کام کریں گے، ملتان میں انڈر 19 کرکٹرز کو تربیت دے کر آئندہ ورلڈ کپ کے لیے تیار کیا جائے گا، کراچی میں پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم اور دیگر ممکنہ کھلاڑی کی تربیت ہوگی۔ ذرائع کے مطابق ویمن کرکٹرز کو رواں برس ورلڈ کپ اور آئندہ برس کے ٹی 20 ورلڈ کپ کے لیے تیار کیا جائے گا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ عاقب جاوید ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس کا عہدہ سنبھالنے کے لیے مضبوط امیدوار ہیں۔

رائیونڈ کے علاقے میں بحریہ آرچرڈ میں دوران ڈکیتی سیکورٹی گارڈ کو فائرنگ کر کے قتل کرنے والے ملزمان 24 گھنٹوں میں گرفتار

لاہور (رمیض علی سے) ڈی آئی جی انویسٹی گیشن سید ذیشان رضا نے قتل کی اس بڑی واردات کا نوٹس لیا تھا ایس پی انویسٹی گیشن صدر معظم علی کی سربراہی ملزمان کی فوری گرفتاری کے لیے ٹیم تشکیل دی تھی ※ انچارج انویسٹی گیشن تھانہ رائیونڈ شرافت علی نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائی کر کے ملزمان کو گرفتار کر آلہ قتل پسٹل برآمد کر لیا، گرفتار ملزمان میں اکبر علی، محمد عاطف اور خیام شامل ملزمان نے دوران ڈکیتی مزاحمت پر فائرنگ کر کے سیکورٹی گارڈ صبح صادق کو قتل کر دیا تھا، ایس پی انویسٹی گیشن صدر ملزمان قتل کرنے کے بعد موقع واردات سے فرار ہو گئے تھے، ایس پی معظم علی، مقتول صبح صادق بحریہ آرچرڈ میں زیر تعمیر پلازہ میں سیکورٹی گارڈ تھا۔



کمشنر لاہور زید بن مقصود 10 تا 11 مئی 2025 کو ہونے والی جیپ ریلی کراس کے انتظامات کے حوالے سے کوآرڈینیشن اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور راوی جیپ ریلی کراس تیاریاں/کمشنر لاہور کا میونسپل آرگنائزنگ ایونٹس و دیگر انتظامی پلاننگ کا جائزہ

روڈا کے تعاون سے لاہور راوی جیپ ریلی 10 تا 11 مئی 2025 کو دریائے راوی ایریا میں ہو رہی ہے: بریفنگ

کمشنر لاہور زید بن مقصود نے لاہور اور شیخوپورہ کو عملی اور بہترین ٹریفک پلان جاری کرنے کی ہدایت کر دی

لاہور راوی جیپ ریلی کراس کا روٹ تقریبا 30 کلومیٹر ہے۔ 1122 ریسکیو ایمرجنسی کیمپس قائم ہونگے۔ کمشنر لاہور

لاہور (خبر نگار) کمشنر لاہور زید بن مقصود کی زیر صدارت 10 تا 11 مئی 2025 کو ہونے والی لاہور راوی جیپ ریلی کراس تیاریوں کے حوالے سے کوآرڈینیشن اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں راوی جیپ ریلی کراس کے میونسپل، آرگنائزنگ ایونٹس و دیگر انتظامی پلاننگ کا جائزہ لیا گیا۔ ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ محکموں نے کمشنر لاہور کو انتظامات بارے بریفنگ دیتے ہوئے کہا ہے کہ راوی اربن ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے تعاون سے لاہور راوی جیپ ریلی کا انعقاد 10 تا 11 مئی 2025 کو دریائے راوی ایریا میں ٹورازم ڈویلپمنٹ کارپوریشن آف پنجاب کے زیر اہتمام ہو رہا ہے، لاہور و شیخوپورہ پولیس اور موٹروے وہائی وے پولیس کی ٹیمیں ایریا میں سیکورٹی انتظامات سرانجام دینگی۔ کمشنر لاہور نے تمام متعلقہ محکموں کو ہدایت دیتے ہوئے کہا ہے کہ لاہور اور شیخوپورہ انتظامیہ آرگنائزرز کو مکمل سپورٹ فراہم کرے اور اس حوالے سے روسٹر بھی جاری کریں۔ انہوں نے کہا کہ لاہور راوی جیپ ریلی کراس کا روٹ تقریبا 30 کلومیٹر ہے 1122 ریسکیو ایمرجنسی کیمپس قائم ہونگے جبکہ آگ بجھانے والی گاڑیاں اور آلات مکمل فعال ہوں اور پورے روٹ پر دستیاب ہوں۔ انہوں نے مزید کہا کہ سب کمیٹی تشکیل دیں اور ایریا میں میڈیکل کیمپس، ایمرجنسی سنٹرز اور ایمبولینسز میڈیکل کور بھی دیں۔ کمشنر لاہور نے لاہور اور شیخوپورہ انتظامیہ کو عملی اور بہترین ٹریفک پلان جاری کرنے کی بھی ہدایت دی۔ اجلاس میں ایم ڈی ٹی ڈی سی پی ڈاکٹر ناصر محمود، ڈی آئی جی آپریشنز ڈاکٹر فیصل کامران، ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن لاہور عبدالسلام عارف، ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا، سی ٹی او لاہور ڈاکٹر اطہر وحید، سی ای او ایل ڈبلیو ایم سی بابر صاحبدین، ڈی سی شیخوپورہ شاہد عمران مارتھ سمیت ٹی ڈی سی پی افسران، ریسکیو 1122، این ایچ اے، واسا، روڈا افسران اور شیخوپورہ رینج کے پولیس افسران نے شرکت کی



یونیورسٹی آف لاہور کے طلباء وطالبات کا پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کا مطالعاتی دورہ

وفد میں میڈیا اینڈ کمیونیکیشن اسٹڈیز کے طلباء، طالبات اور اساتذہ شامل تھے طلباء وطالبات کا سیف سٹی میں استعمال ہونے والی جدید ٹیکنالوجی میں گہری دلچسپی کا اظہار

لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف لاہور کے شعبہ میڈیا اینڈ کمیونیکیشن اسٹڈیز کے طلباء وطالبات اور اساتذہ نے پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کا مطالعاتی دورہ کیا۔ اس موقع پر وفد کا استقبال شفٹ کمانڈر سیف سٹی ڈی ایس پی کامران خان نے کیا، وفد کو سیف سٹی کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کروایا اور بریفنگ دی گئی بریفنگ کے دوران وفد کو سیف سٹی میں خواتین کی حفاظت کیلئے قائم پاکستان کے پہلے ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن، ورچوئل سینٹر فار چائلڈ سیفٹی، ویمن سیفٹی ایپ اور کرائم سٹاپر سروس سے متعلق آگاہ کیا گیا۔ وفد کو بتایا گیا کہ ویمن سیفٹی ایپ میں حال ہی میں مزید نئے فیچرز شامل کیے گئے ہیں تا کہ خواتین کو ہراسگی یا خطرے کی صورت میں فوری اور مؤثر مدد فراہم کی جا سکے۔ کرائم سٹاپر سروس سے متعلق بتایا گیا کہ اطلاع دینے والے شہری کی شناخت کسی صورت ظاہر نہیں کی جاتی، جس سے اعتماد میں اضافہ ہوا ہے۔ وفد کو آگاہ کیا گیا کہ سیف سٹی کے مختلف شعبہ جات میں جرائم کی بروک تھام کیلئے جدید ٹیکنالوجی اور آرٹیفیشل انٹیلیجنس سے بھرپور فائدہ اٹھایا جا رہا ہے۔ دورے کے دوران طلباء وطالبات نے سیف سٹی کی جانب سے متعارف کردہ جدید سیکورٹی سسٹمز، مانیٹرنگ اینڈ ڈسپیچ رومز اور ڈیٹا اینالسز کے شعبہ جات میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر طلباء وطالبات نے سیف سٹی کے ورچوئل بلڈ بینک کا دورہ بھی کیا اور بطور ڈونر خود کو رجسٹر کروایا اور اس اقدام کو سراہا۔

پرانی سبزی منڈی میں اسد علی بک شاپ پر دن دیہاڑے ڈکیتی، نقدی اور موبائل چھین لیا گیا

شرقپور شریف (نامہ نگار) شرقپور شریف میں جرائم پیشہ عناصر کی سرگرمیاں دن بدن بڑھتی جا رہی ہیں۔ آج صبح پرانی سبزی منڈی میں واقع اسد علی بک شاپ پر دو مسلح ڈاکوؤں نے دن دیہاڑے واردات کرتے ہوئے دوکاندار سے نقدی اور قیمتی موبائل فون لوٹ لیا۔ تفصیلات کے مطابق واردات صبح 9 بجے اس وقت پیش آئی جب دو موٹر سائیکل سوار مسلح افراد دکان پر آئے۔ انہوں نے گن پوائنٹ پر دوکاندار کو یرغمال بنا کر اس سے 18 ہزار روپے نقدی اور ایک قیمتی موبائل فون چھین لیا اور فرار ہو گئے۔ واردات کی اطلاع ملتے ہی تھانہ شرقپور شریف کی پولیس موقع پر پہنچ گئی، شواہد اکٹھے کیے اور مقدمہ درج کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان کی تلاش جاری ہے۔ شہریوں نے اس واقعے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ شرقپور میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، جس سے عوام میں خوف و ہراس پھیل رہا ہے۔ انہوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر سخت اقدامات کیے جائیں تا کہ شہر میں امن و امان کی صورتحال بہتر ہو سکے۔



شرقپور کے علاقے بھٹی ٹاؤن میں واقع ریٹائرڈ ہیڈ ماسٹر سید شبیر حسین بخاری کے گھر چوری کی سنگین واردات

نامعلوم چور اہل خانہ کی غیر موجودگی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے گھر میں داخل ہوئے اور قیمتی سامان لوٹ کر فرار ہو گئے







شرقپور شریف (نامہ نگار عامر مجید نوشاہی سے) شرقپور کے علاقے بھٹی ٹاؤن میں واقع ریٹائرڈ ہیڈ ماسٹر سید شبیر حسین بخاری کے گھر چوری کی سنگین واردات۔ نامعلوم چور اہل خانہ کی غیر موجودگی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے گھر میں داخل ہوئے اور قیمتی سامان لوٹ کر فرار ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق سید شبیر حسین بخاری کے بیٹے اور بیٹی کی شادی پندرہ روز قبل ہوئی تھی۔ گذشتہ روز گھر کے تمام افراد ایک دعوت پر گئے ہوئے تھے، جس دوران چور گھر میں گھس آئے۔ چور نہایت اطمینان سے گھر کا قیمتی سامان سمیٹتے رہے اور لیپ ٹاپ، دو عدد موبائل فون، چاندی کے زیورات، قیمتی گھڑیاں، کپڑے اور دیگر اشیائے ضروریہ سمیت کھانے پینے کا سامان بھی لے اڑے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی تھانہ شرقپور شریف کی پولیس فوری طور پر موقع پر پہنچ گئی اور شواہد اکٹھے کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا ہے۔ ادھر متاثرہ خاندان نے اعلیٰ حکام سے فوری کارروائی اور ملزمان کی گرفتاری کا مطالبہ کیا ہے۔ اہل علاقہ نے واردات پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ شرقپور میں بڑھتی ہوئی چوری کی وارداتیں شہریوں میں عدم تحفظ کا باعث بن رہی ہیں، جن کے سدباب کے لیے فوری اقدامات اٹھائے جائے تا کہ شہری سکھ کا سانس لے سکیں۔

مصطفیٰ آباد پولیس نے کارروائیوں کے دوران دو منشیات فروشوں کو گرفتار کر کے مقدمات درج کر لیے

لاہور (کرائم رپورٹر) مصطفیٰ آباد پولیس نے کارروائیوں کے دوران دو منشیات فروشوں کو گرفتار کر کے مقدمات درج کر لیے ترجمان کے مطابق مصطفیٰ ٹاؤن پولیس نے دوران پٹرولنگ مشہور بدنام زمانہ 02 منشیات فروش عابد اور علی رضا کو گرفتار کر کے ان سے 01 کلو سے زائد چرس، 200 گرام آئس برآمد کر کے مقدمات درج کر لیے

نواں کوٹ اور گلشن راوی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ریکارڈ یافتہ ملزمان دھر لئے

لاہور (کرائم رپورٹر) نواں کوٹ اور گلشن راوی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ریکارڈ یافتہ ملزمان دھر لئے، ایس پی ڈاکٹر اقبال ٹاؤن محمد عمر کے مطابق نواں کوٹ اور گلشن راوی پولیس نے کارروائیوں کے دوران ریکارڈ یافتہ ملزمان عمر دین اور مجاہد کو گرفتار کر لیا پولیس کا کہنا ہے کہ ریکارڈ یافتہ ملزم عمر دین کے خلاف 57 اور ملزم مجاہد کے خلاف 12 مقدمات درج تھے

24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1482 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا

اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ 228 ٹریفک حادثات کی فون کالز لاہور کنٹرول روم میں موصول ہوئیں

لاہور (کرائم رپورٹر) ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1482 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 644 افراد شدید زخمی ہو گئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی و تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 838 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ تر تعداد (75 فیصد) موٹر سائیکلز حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کرتے ہوئے لائن اور لین کے نظم و ضبط کا خیال رکھیں۔ ایمرجنسی اعداد و شمار کے مطابق ریسکیو 1122 کے صوبائی مانیٹرنگ سیل کو موصول ہونے والی ایمرجنسی کالز کے مطابق ان ٹریفک حادثات میں 867 ڈرائیوز، 68 کم عمر ڈرائیور، 546 مسافر اور 169 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے۔ اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ 228 ٹریفک حادثات کی فون کالز لاہور کنٹرول روم میں موصول ہوئیں جس میں صوبائی دارالحکومت 282 متاثرین کے ساتھ پہلے ملتان 78 حادثات میں 88 متاثرین کے ساتھ دوسرے، گوجرانوالہ 78 حادثات میں 80 متاثرین کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔ واضح رہے کہ ان ٹریفک حادثات کے کل 1501 متاثرین میں 1205 مرد اور 296 خواتین شامل ہیں جبکہ زخمی ہونیوالوں میں 287 افراد کی اوسط عمر 18 سال سے کم 810 افراد کی اوسط عمر 18 سے 40 سال کے درمیان جبکہ 404 زخمی افراد کی اوسط عمر 40 سال سے زائد ہے۔ ان ٹریفک حادثات کے بیشتر واقعات میں 1191 موٹر سائیکلز، 86 آٹو رکشے، 142 کاریں، 26 وین، 11 مسافر بسیں، 31 ٹرک اور 113 دوسری اقسام کی گاڑیاں شامل ہیں۔

لیبارٹری پروفیشنلز حقیقی ہیروز، نظام صحت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں: ڈاکٹر فریاد حسین

بیماریوں کی تشخیص اور مریض کے علاج میں لیبارٹری ٹیسٹ بنیادی اہمیت کے حامل ہوتے ہیں: ایم ایس

یہ شعبہ صرف تکنیکی نہیں بلکہ انسانی خدمت اور تحقیقی علم کا مجموعہ ہے: پروفیسر نازش ثقلین/پروفیسر فرحان رشید

یہ کام باریک بینی، توجہ اور سائنس کا متقاضی، مریضوں کی بہتری میں اہم کردار ادا کرتے ہیں: پروفیسر نثار احمد

جنرل ہسپتال میں میڈیکل لیبارٹری پروفیشنلز ویک 2025، خراج تحسین پیش، کیک کاٹا گیا

لاہور (خبر نگار) میڈیکل سپرنٹنڈنٹ لاہور جنرل ہسپتال پروفیسر ڈاکٹر فریاد حسین نے لیبارٹری پروفیشنلز کو حقیقی ہیروز قرار دیتے ہوئے کہا کہ ان کی خدمات نظام صحت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہیں جو پس منظر میں رہ کر انتہائی اہم کردار ادا کرتے ہیں اور بیماریوں کی تشخیص اور مریض کے علاج میں لیبارٹری ٹیسٹ بنیادی اہمیت کے حامل ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ لوگ ہمارا وہ اثاثہ ہیں جنہوں نے کورونا وائرس کے دوران اپنی جانوں کی پرواہ کیے بغیر فرنٹ فٹ پر رہ کر اپنی خدمات سرانجام دیں جو قابل ستائش ہیں۔ لیب ٹیکنیشنز کا کام باریک بینی، توجہ اور سائنس کا متقاضی ہوتا ہے جو مریضوں کی بہتری میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ایم ایس ڈاکٹر فریاد حسین کا کہنا تھا کہ پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر نے سنٹرل ریسرچ لیب کو جدید خطوط پر استوار کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ جس سے نوجوان ڈاکٹرز بڑی تعداد میں مستفید ہو رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار ایم ایس ایل جی ایچ نے پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ، امیر الدین میڈیکل کالج اور لاہور جنرل ہسپتال میں شعبہ پیتھالوجی کے زیر اہتمام میڈیکل لیبارٹری پروفیشنلز ویک 2025 کی منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں پروفیسر ڈاکٹر نثار احمد نے خصوصی طور پر شرکت کی جبکہ اس ایونٹ کے منتظمین شعبہ پیتھالوجی کے سربراہ ڈاکٹر نازش ثقلین اور پروفیسر ڈاکٹر فرحان رشید تھے جبکہ شرکاء نے میڈیکل لیب اسٹاف کی خدمات کو سراہا۔ تقریب میں ہیلتھ پروفیشنلز کی کثیر تعداد موجود تھی۔ ڈاکٹر پروفیسر نثار احمد نے کہا کہ لیبارٹری پروفیشنلز کی لگن، درستگی، خاموش محنت، درست تشخیص اور موثر علاج ہی مریضوں کی سلامتی کی بنیاد ہے۔ انہوں نے کہا کہ نمونوں کی جانچ سے لے کر ٹیسٹوں میں درپیش مسائل اور کوالٹی کنٹرول کو یقینی بنانا براہ راست زندگیوں پر اثر انداز ہوتا ہے جو انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر نازش ثقلین نے کہا کہ آج کے دور میں تیز اور قابل اعتماد تشخیص پہلے سے کہیں زیادہ اہم ہو چکی ہے لہذا لیب پروفیشنلز اپنی پیشہ ورانہ مہارت، دیانت داری، محنت، اور لگن کے ساتھ ان تقاضوں کو بخوبی نبھا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ پیشہ صرف ایک تکنیکی کام نہیں بلکہ انسانی خدمت اور تحقیقی علم کا مجموعہ ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر فرحان رشید نے لیبارٹری کے مختلف شعبوں میں کام کرنے والے تمام پروفیشنلز کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ آپ ہماری قوت ہیں اور روزانہ کی بنیاد پر مہارت، وابستگی سے ادا کیے جانے والی ذمہ داری کسی سے ڈھکی چھپی نہیں۔ تقریب کے اختتام پر میڈیکل لیب پروفیشنلز کے اعزاز میں کیک کاٹا گیا جس میں تمام شرکاء نے بھرپور جوش و خروش سے شرکت کی۔ نیز لیبارٹری سٹاف میں تعریفی اسناد و میڈلز بھی تقسیم کیے گئے۔



صفائی کا خیال نہ رکھنے والوں کو موذی امراض لاحق ہونے کا خطرہ رہتا ہے: ڈاکٹر حامد حسن

سنت نبوی ﷺ پر عمل کرنے والے بیماریوں سے محفوظ رہتے ہیں: عابد ہاشمی، عتیقہ عنبرین

لاہور (خبر نگار) گلاب دیوی ٹیچنگ ہسپتال کے زیر اہتمام ورلڈ ہینڈ ہائجین ڈے کے حوالے سے تقریب منعقد کی گئی۔ تقریب کے مہمان خصوصی ایم ایس گلاب دیوی ٹیچنگ ہسپتال پروفیسر حامد حسن اور پراجیکٹ ڈائریکٹر العلیم میڈیکل کالج ڈاکٹر عابد علی ہاشمی تھے۔ اس تقریب کا مقصد انفیکشنز کو روکنے اور صحت عامہ کو فروغ دینے میں ہاتھ کی صفائی کرنے سے زندگی بچانے کی اہمیت پر زور دینا ہے۔ اس موقع پر ایم ایس گلاب دیوی ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر پروفیسر حامد حسن، ڈاکٹر عابد علی ہاشمی اور ڈاکٹر عتیقہ عنبرین نے کہا کہ صفائی کا خیال نہ رکھنے والوں کو موذی امراض لاحق ہونے کا خطرہ رہتا ہے۔ ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ کا فرمان ہے کہ صفائی نصف ایمان ہے۔ سنت نبوی ﷺ پر عمل کرنے والے بیماریوں سے محفوظ رہتے ہیں۔ کھانا کھانے سے پہلے ہاتھ دھونا بے حد ضروری ہے۔ ہاتھ نا دھونے کی وجہ سے لوگ مختلف بیماریوں مثلاً پیٹ کی بیماریاں، دست، موشن فوڈ پوائزنگ کا شکار ہو سکتے ہیں۔ جب آپ گھر سے باہر جاتے ہیں تو آپ کو گرد آلود چیزوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے اس لیے منہ اور آنکھوں کو چھونے سے پہلے ہاتھ دھونا بہت ضروری ہے تا کہ گندے جراثیوں سے بچا جا سکے۔ مریض کی عیادت کرنے سے پہلے اور بعد میں بھی ہاتھ لازمی دھوئیں۔ واش روم جانے کے بعد ہاتھ لازمی دھوئیں۔ یہ احتیاطی تدابیر اپنا نے آپ خود بھی خطرناک بیماریوں سے محفوظ رہ سکتے ہیں اور دوسرے افراد بھی محفوظ رہ سکتے ہیں۔ تقریب میں مس بختاور علی رضا سمیت ڈاکٹرز، نرسز، پیرا میڈیکل سٹاف اور طلبہ و طالبات کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔



چیف ایگزیکٹو لیسکو انجینئر محمد رمضان بٹ کی سربراہی میں اہم اجلاس

ڈائریکٹر کسٹمر سروسز، تمام ایس ایز اور ڈپٹی کمرشل منیجرز کی شرکت

لاہور (خبر نگار) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی کے ہیڈ کوارٹر میں چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر محمد رمضان بٹ کی زیر صدارت اہم اجلاس ہوا، جس میں ڈائریکٹر کسٹمر سروسز، تمام سرکلز کے سپرنٹنڈنٹ انجینئرز اور ڈپٹی کمرشل منیجرز نے شرکت کی۔ اجلاس میں اہم امور خاص طور پر ریکوری سے متعلق معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا، اس موقع پر گفتگو کرتے لیسکو چیف انجینئر محمد رمضان بٹ نے کہا کہ تمام افسران ریکوری پر خصوصی توجہ دیں اور اپریل کی ریکوری جلد از جلد مکمل کریں، ریکوری سے متعلق کوئی کوتاہی سامنے آنے پر سخت سے سخت تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ تمام ایس ایز، ایکسیئنز اور ایس ڈی اوز اپنے اپنے دفاتر میں نظم و ضبط کو بہتر بنائیں اور آفس ڈیکورم کا خیال رکھیں، لیسکو کے دفاتر میں آنے والے صارفین کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں تا کہ ادارے کو تشخص کو بہتر کرنے میں مدد ملے۔ انہوں نے کہا کہ تمام افسران و عملہ وقت کی پابندی کو یقینی بنائے تا کہ لیسکو دفاتر میں آنے والے صارفین کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑا۔



جی سی یو کے طالبعلم بلال مقبول کا شاندار اعزاز، ایک سال میں 15 نیشنل گولڈ میڈلز اپنے نام کر لیے

وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد عمر چوہدری نے بلال کی مسلسل کامیابیوں پر مبارکباد دی



لاہور (خبر نگار) گورنمنٹ کالج یونیورسٹی لاہور کے انٹرمیڈیٹ کمپیوٹر سائنس پارٹ ون کے طالبعلم محمد بلال مقبول نے پاکستان انٹر بورڈ سوئمنگ چیمپئن شپ 2025 میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے چار گولڈ میڈلز جیت لیے۔ اس کامیابی کے بعد بلال کے نیشنل گولڈ میڈلز کی مجموعی تعداد ایک سال میں 15 ہوگئی ہے۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد عمر چوہدری نے بلال کی مسلسل کامیابیوں پر مبارکباد دی اور کہا کہ جی سی یو کو بلال پر فخر ہے، ہمیں امید ہے کہ وہ جلد پاکستان کی بین الاقوامی سطح پر نمائندگی کرے گا۔ بلال نے اس سے قبل 27 ویں جونیئر نیشنل سوئمنگ چیمپئن شپ میں چھ اور قائداعظم گیمز میں پانچ گولڈ میڈلز جیتے، جس سے وہ پاکستان کے نمایاں ترین نوجوان تیراکوں میں شمار ہونے لگے ہیں۔ صرف کھیل ہی نہیں، بلال نے تعلیمی میدان میں بھی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور میٹرک میں 1060 نمبر حاصل کیے۔ انٹر بورڈ چیمپئن شپ میں بلال نے 50 میٹر بٹرفلائی، بیک اسٹروک، بریسٹ اسٹروک اور فری اسٹائل کے مقابلے جیتے اور 'بیسٹ سوئمر وِد ڈسٹنکشن' کا اعزاز بھی اپنے نام کیا۔ اسی چیمپئن شپ میں جی سی یو ہی کے ایک اور طالبعلم محمد احمد نے دوسری پوزیشن حاصل کی، جو یونیورسٹی کی سوئمنگ میں قومی برتری کا ثبوت ہے۔ بلال کو اس چیمپئن شپ میں شرکت کے لیے لاہور انٹر کالجیٹ سوئمنگ چیمپئن شپ 2024 میں شاندار کارکردگی کی بنیاد پر منتخب کیا گیا تھا، جہاں انہوں نے تمام کیٹیگریز میں گولڈ میڈلز جیتے۔

لاہور سمیت صوبہ بھر میں انٹیلی جنس بیسڈ سرچ، سویپ اینڈ کومبنگ آپریشنز جاری

لاہور (رمیض علی سے) گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 468 کومبنگ آپریشنز، 15500 مشتبہ افراد کی چیکنگ، 47 مشکوک افراد حراست میں لئے گئے، 41 سرچ اینڈ سویپ آپریشنز، 3368 افراد سے پوچھ گچھ، 04 مشتبہ افراد گرفتار، سنگین جرائم میں ملوث 137 اشتہاری، 74 عدالتی مفرور، 45 عادی مجرمان بھی گرفتار، جرائم پیشہ و مشتبہ افراد کے قبضہ سے بڑی تعداد میں ناجائز اسلحہ اور گولیاں برآمد، جرائم پیشہ افراد کے خلاف کاروائی کے دوران 09 مجرمان کیفر کردار کو پہنچے، 02 زخمی حالت میں گرفتار، سنگین وارداتوں میں ملوث مجرمان کے خلاف سرچ و کومبنگ آپریشنز میں مزید تیزی لائی جائے، دہشت گردوں، جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کے لئے پنجاب پولیس کی فرضی مشقیں بھی جاری ہیں، آئی جی پنجاب فرضی مشقوں میں پنجاب پولیس، سی ٹی ڈی، سپیشل برانچ، ایلیٹ فورس، ریسکیو 1122، قانون نافذ کرنے والے اداروں کی ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں۔

مشتری ہوشیار باش

ایک قطعہ مکان رقبہ تعدادی ایک مرلہ M - 1 منجملہ پراپرٹی نمبر NVI-43S-9/8/A/RH واقع مکان نمبر 9/8 گلی نمبر 43 محمد سلیم خان ولد عبدالعزیز خان سکنہ قلعہ محمدی راوی روڈ لاہور بحق محمد وسیم ولد محمد سمیع شاد ٹرانسفر کرانا چاہتا ہے اگر کسی شخص/ادارے کو کوئی اعتراض یا کلیم ہو تو اندر 3 یوم اپنا اعتراض/کلیم زیر

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3) 6 مئی 2025ء

کمشنر گوجرانوالہ سید نوید حید رشیرازی کی زیر صدارت اہم اجلاس کا انعقاد

اجلاس میں ستھرا پنجاب پروگرام، انسداد تجاوزات مہم، شہر کی خوبصورتی کے منصوبوں اور سرکاری ہسپتالوں میں او پی ڈی سروسز کی بہتری سے متعلق جاری پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا





گوجرانوالہ۔ 5 مئی (نوید بخاری قوت بیورو) کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حید رشیرازی کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ستھرا پنجاب پروگرام، انسداد تجاوزات مہم، شہر کی خوبصورتی کے منصوبوں اور سرکاری ہسپتالوں میں او پی ڈی سروسز کی بہتری سے متعلق جاری پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد اور ممبران صوبائی اسمبلی عمر فاروق ڈار محمد نواز چوہان کمشنر دفتر جبکہ ڈویژن کے تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز، اسسٹنٹ کمشنرز ویڈیو لنک اجلاس سے منسلک تھے

اس کے علاوہ ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن محمد شفیق، ڈائریکٹر ڈیولپمنٹ محمد عبدالروف، ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ قمر زیشان، چیف انجینئر یلکو گوجرانوالہ، ریجن محمد ایوب بھی اوز جی ڈبلیو ایم سی شاہد عباس جوتہ ہیلتھ اتھارٹی ڈاکٹر معیز منصور، میٹرو پولیٹن کارپوریشن حیدر علی چٹھہ، ضلع کونسل خرم محمود، اسسٹنٹ کمشنرز، ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے کنٹریکٹرز اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے اجلاس میں شرکت کی۔

کمشنر سید نوید حید رشیرازی نے کہا کہ عوامی فلاح کے منصوبوں کو جلد پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے۔ کمشنر نے ہدایت کی کہ تجاوزات کے خلاف جاری مہم کو مزید مؤثر بنایا جائے تاکہ شہریوں کو آمد و رفت میں سہولت میسر آئے۔ انہوں نے واضح کیا کہ غیر قانونی تعمیرات اور قبضہ مافیا کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت صفائی، کوڑا کرکٹ کی بروقت تلفی، نکاسی آب کے نظام کی بہتری اور سرسبز و شاداب ماحول کی فراہمی کے لیے ٹھوس اقدامات کیے جائیں

تاہم کمشنر نے عملدرآمد کی رفتار مزید تیز کرنے پر زور دیا۔ اجلاس کے اختتام پر ہسپتالوں میں او پی ڈی سروسز کے معیار پر بات کرتے ہوئے کمشنر نے کہا کہ مریضوں کو صاف ستھرا ماحول، بروقت علاج اور ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ وہ ڈاکٹرز کی حاضری، مشینری کی فعالیت اور ادویات کی دستیابی کے حوالے سے باقاعدہ مانیٹرنگ کریں۔

عوام کے دکھ درد میں شامل ہونا اپنا اولین فرض سمجھتا ہوں: چوہدری مستقیم مہار

میرا جیتنا مرنا حلقہ کے عوام کیساتھ ہے، مہار ہاؤس کے دروازے ہر خاص و عام کیلئے دن رات کھلے ہیں اور حلقہ کے عوام کی خدمت کیلئے ہمہ وقت موجود ہوں



سمندری (نمائندہ خصوصی) حلقہ پی پی 104 کے عوام کے دکھ درد میں شامل ہونا اپنا اولین فرض سمجھتا ہوں، میرا جینا مرنا حلقہ کے عوام کیساتھ ہے، مہار ہاؤس کے دروازے ہر خاص و عام کیلئے دن رات کھلے ہیں اور حلقہ کے عوام کی خدمت کیلئے ہمہ وقت موجود ہوں۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف حلقہ پی پی 104 کی ہر دلعزیز شخصیت چوہدری مستقیم مہار نے حلقہ پی پی 104 کے مختلف دیہاتوں اور سٹی کے علاقے میں فوت شدگان کے لواحقین سے اظہار تعزیت کے موقع پر کیا، انہوں نے مرحومین کے درجات کی بلندی کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔ چوہدری مستقیم مہار کا کہنا تھا کہ وطن عزیز پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے دیکھنے والے کی آنکھیں نوچ لیں گے، پوری قوم پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جعلی فارم 47 پر قائم موجودہ حکومت دشمن کو منہ توڑ جواب دینے کیلئے امت مسلمہ کے قائد عمران خان کو فوری رہا کرے اور دیکھے کہ کس طرح دشمن بھیگی بلی کی طرح بھاگنے پر مجبور ہوتا ہے۔

چھٹی کے روز آرڈیننس کے ذریعے وزراء کی تنخواہوں میں بے تحاشا اضافہ ہوس زر کی بدترین مثال اور عوام کا استحصال ہے: پاکستان فلاح پارٹی

چیلوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاکستان فلاح پارٹی کے پیٹرن واس چیئرمین سید آفتاب عظیم بخاری ایڈووکیٹ، چوہدری طارق گجر، سید نعیم بخاری ایڈووکیٹ، حافظ غلام نبی و دیگر ذمہ داران نے اپنے مشترکہ بیان میں صدارتی آرڈیننس کے ذریعے وزراء کی تنخواہوں میں اضافے و مراعات پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ملک حالت جنگ میں ہے اور حکمران اپنی سہولیات میں و مراعات میں اضافے کیلئے مگن ہیں۔ چھٹی کے روز آرڈیننس کے ذریعے وزراء کی تنخواہوں میں بے تحاشا اضافہ ہوس زر کی بدترین مثال اور عوام کا استحصال ہے۔

چیئرمین نیشنل پریس کلب پسرور کی زیر صدارت اجلاس کا انعقاد

اجلاس کا مقصد پاکستان آرمی کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرنا تھا مختلف صحافی حضرات کی بڑی تعداد نے اس تقریب میں شرکت کی

پسرور (عاطف علوی سے) چیئرمین میاں مشتاق نیشنل پریس کلب پسرور کی زیر صدارت مورخہ 04 مئی پسرور کے نواز شریف پارک میں اہم اجلاس منعقد ہوا اس اجلاس کا مقصد پاکستان آرمی کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرنا تھا مختلف صحافی حضرات کی بڑی تعداد نے اس تقریب میں شرکت کی اور پاک فوج کے حق میں بھرپور حمایت کا اعلان کیا تقریب کے دوران مقررین نے اپنے خطابات میں پاک فوج کی قربانیوں اور خدمات کو سراہا انہوں نے کہا کہ پاکستان آرمی نے ہمیشہ وطن عزیز کے دفاع کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا ہے اور ہر مشکل وقت میں قوم کی ڈھال بنی ہے اس موقع پر نیشنل پریس کلب کے تمام عہدیداروں نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میڈیا اور عوام مل کر ملکی سلامتی کیلئے اداروں کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اجلاس کا اختتام پاکستان کی سلامتی ترقی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعا کے ساتھ کیا گیا

بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب ملے گا: چوہدری اظہر جاوید گجر

ہم اپنے عظیم سپہ سالار آرمی چیف سید محمد عاصم منیر کے قومی بیانیے غزوہ ہند کی مکمل حمایت کرتے ہیں اگر انڈیا جنگ کرنا چاہتا ہے تو پچیس کڑور عوام بھارت کے خلاف جنگ کے لئے تیار ہے





چاہتا ہے لیکن بھارت کسی گھمنڈ میں نہ رہے ہماری افواج پاکستان ہندوستان کو 1965 سے بھر کے ناک چنے چبائے گئی ضلعی صدر محمد اعجاز چوہدری نے کہا کہ عالمی طاقتوں کا مسلم کش سامراجی ایجنڈا کب ختم ہوگا اقوام متحدہ کی مجرمانہ غفلت اور مسلم حکمرانوں کی بے حسی کب ختم ہوگی؟ جنوبی ایشیاء میں قیام امن کیلئے مسئلہ کشمیر حل کرنا ہوگا۔ مودی سرکار کی انتہا پسندانہ پالیسیاں خطے کے امن کیلئے 'کینسر' ہیں بھارتی اور اسرائیلی جنونیت کا نوٹس فوری نہ لیا گیا تو عالمی امن تباہ ہو جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار مقررین نے این



فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) پاکستان پیپلز پارٹی کے ضلعی صدر محمد اعجاز چوہدری عوامی سماجی رہنما چوہدری اظہر جاوید گجر نے کہا کہ وطن عزیز پر بھارتی کسی بھی وحشیانہ جارحیت کا منہ توڑ جواب ملے گا پاکستانی قوم اپنی عظیم افواج پاکستان کی پشت پر پوری قوت سے کھڑی ہے ہم اپنے عظیم سپہ سالار آرمی چیف سید محمد عاصم منیر کے قومی بیانیے غزوہ ہند کی مکمل حمایت کرتے ہیں اگر انڈیا جنگ کرنا چاہتا ہے تو پچیس کڑور عوام بھارت کے خلاف جنگ کے لئے تیار ہے جنوبی ایشیا میں ہندوستان کی بالا دستی کا "امریکی و اسرائیلی" خواب کبھی پورا نہیں ہوگا؟" مظلوم کشمیروں کے غم جانے کب ہونگے کم" عوامی سماجی رہنما چوہدری اظہر جاوید گجر نے کہا کہ ہندوستان میں جب بھی الیکشن آتا ہے بدبخت مودی پاکستانی کارڈ کھیلتا ہے اور سرحدوں پر انارکی اور کشیدگی کروانے کے لئے شرانگیزیاں شروع کر دیتا ہے ملک کی تمام سیاسی جماعتیں اور پاکستانی قوم قائد عوام شہید بھٹو اور ڈاکٹر قدیر خان جو محسن پاکستان ہے ان کے احسان مند ہیں جن کی بدولت آج پاکستان دنیا کی پر امن اسلامی ایٹمی قوت ہے جو خطے میں امن

حکومت پنجاب نے محکمانہ مس کنڈکٹ و غفلت کے مرتکب سول ڈیفنس آفیسر معطل کر دیئے

شاہد پرویز Cdo و انسپیکٹنگ آفیسر عبداللہ شاکر وغیرہ یکشن 6 کے تحت معطل



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ہوم ڈیپارٹمنٹ گورنمنٹ آف پنجاب نے محکمانہ غفلت، مس کنڈکٹ و بری کارکردگی وغیرہ کے مرتکب افراد کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی کرتے ہوئے سول ڈیفنس آفس سیالکوٹ کے ڈسٹرکٹ آفیسر سول ڈیفنس شاہد پرویز، انسپیکٹنگ آفیسر عبداللہ شاکر اور انسٹرکٹر ابوبکر کو پنجاب ایمپلائز ایفی ڈسپلین اور احتساب ایکٹ 2006 کی یکشن 6 کے تحت معطل کر دیا۔ ان آفیسران کو فوری طور پر ہوم ڈیپارٹمنٹ رپورٹ کرنے کا کہا گیا ہے۔ زرائع کے مطابق ضلع سیالکوٹ میں اختیارات سے تجاوز کرنے و دیگر محکمانہ غفلت میں ملوث ہونے پر یہ کاروائی کی گئی دوسری جانب شہریوں اور وکلاء ڈسٹرکٹ بار کیجانب سے معطل شدہ سول ڈیفنس آفیسران کیخلاف متعدد درخواستیں بھی اختیارات سے تجاوز کرنے کے ثبوتوں کیساتھ حکومت پنجاب کو بھیجی گئیں تھیں۔

آر پی او ساہیوال محبوب رشید نے سٹی سرکل او کاڑہ میں اظہر ریذیڈنس (علاقہ تھانہ بی ڈویژن) میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) آر پی او ساہیوال محبوب رشید نے سٹی سرکل اوکاڑہ میں اظہر ریذیڈنس (علاقہ تھانہ بی ڈویژن) میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ کھلی کچہری میں آنے والے شہریوں کی درخواستوں کی سماعت کی گئی۔ شہریوں کے مسائل کے قانونی حل کے لیے موقع پر احکامات جاری کیے۔ کھلی کچہری کے دوران ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت اور متعلقہ افسران موجود تھے۔ کھلی کچہری کا مقصد عوام اور پولیس میں اعتماد کی فضاء قائم کرنا ہے تاکہ عوامی مسائل عوامی سطح پر ہی حل ہو سکیں۔ شہریوں کے مسائل فوری طور پر حل کر کے دادرسی کی جائے گی۔ آر پی او نے متعلقہ افسران کو سائلین کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی ہدایات کیں۔

بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب ملے گا: چوہدری اظہر جاوید گجر

ہم اپنے عظیم سپہ سالار آرمی چیف سید محمد عاصم منیر کے قومی بیانیے غزوہ ہند کی مکمل حمایت کرتے ہیں اگر انڈیا جنگ کرنا چاہتا ہے تو پچیس کڑور عوام بھارت کے خلاف جنگ کے لئے تیار ہے

چاہتا ہے لیکن بھارت کسی گھمنڈ میں نہ رہے ہماری افواج پاکستان ہندوستان کو 1965 سے بھر کے ناک چنے چبائے گئی ضلعی صدر محمد اعجاز چوہدری نے کہا کہ عالمی طاقتوں کا مسلم کش سامراجی ایجنڈا کب ختم ہوگا اقوام متحدہ کی مجرمانہ غفلت اور مسلم حکمرانوں کی بے حسی کب ختم ہوگی؟ جنوبی ایشیاء میں قیام امن کیلئے مسئلہ کشمیر حل کرنا ہوگا۔ مودی سرکار کی انتہا پسندانہ پالیسیاں خطے کے امن کیلئے 'کینسر' ہیں بھارتی اور اسرائیلی جنونیت کا نوٹس فوری نہ لیا گیا تو عالمی امن تباہ ہو جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار مقررین نے این

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) پاکستان پیپلز پارٹی کے ضلعی صدر محمد اعجاز چوہدری عوامی سماجی رہنما چوہدری اظہر جاوید گجر نے کہا کہ وطن عزیز پر بھارتی کسی بھی وحشیانہ جارحیت کا منہ توڑ جواب ملے گا پاکستانی قوم اپنی عظیم افواج پاکستان کی پشت پر پوری قوت سے کھڑی ہے ہم اپنے عظیم سپہ سالار آرمی چیف سید محمد عاصم منیر کے قومی بیانیے غزوہ ہند کی مکمل حمایت کرتے ہیں اگر انڈیا جنگ کرنا چاہتا ہے تو پچیس کڑور عوام بھارت کے خلاف جنگ کے لئے تیار ہے جنوبی ایشیا میں ہندوستان کی بالا دستی کا "امریکی و اسرائیلی" خواب کبھی پورا نہیں ہوگا؟" مظلوم کشمیروں کے غم جانے کب ہونگے کم" عوامی سماجی رہنما چوہدری اظہر جاوید گجر نے کہا کہ ہندوستان میں جب بھی الیکشن آتا ہے بدبخت مودی پاکستانی کارڈ کھیلتا ہے اور سرحدوں پر انارکی اور کشیدگی کروانے کے لئے شرانگیزیاں شروع کر دیتا ہے ملک کی تمام سیاسی جماعتیں اور پاکستانی قوم قائد عوام شہید بھٹو اور ڈاکٹر قدیر خان جو محسن پاکستان ہے ان کے احسان مند ہیں جن کی بدولت آج پاکستان دنیا کی پر امن اسلامی ایٹمی قوت ہے جو خطے میں امن

رانی سندراں کے شہر "روڑس" کا تاریخی پس منظر حسین ہے۔ حکیم ظہیر الاحسن قریشی

تاریخ بینی پر منبج سیالکوٹ کے مختلف ادوار پر روشنی ڈال رہے ہیں: قبلہ بڑے حکیم صاحب



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) قبل از مسیح قدیمی سیالکوٹ صدیوں پرانی تاریخ کا حامل انتہائی دلفریب شہر ہے جس کا ذکر برصغیر پاک و ہند کی قدیمی کتب میں بدرجہ اتم موجود ہے۔ ان باتوں کا اظہار معروف معالج و تاریخ کی ورک گردانی کرنے والے معروف محقق و مورخ قبلہ حکیم ظہیر الاحسن قریشی بڑے حکیم صاحب نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے پنجاب کی دھرتی میں سیالکوٹ بارے لب کشائی فرماتے کہا کہ پاک وطن پاکستان کے اس خطہ ارض پر جہاں پانچ دریا شباب و جوانی کے منظہر اپنی آغوش میں ہزاروں داستانیں لیے منزل کی طرف رواں دواں ہیں، اہل نظر نے اسی مناسبت سے اس دھرتی کو ہمیشہ ہمیشہ کیلئے 'پنجاب' کے نام سے منسوب کر دیا یہ پنجاب ان جیالوں اور بہادروں کی دھرتی ہے جنہوں نے تلوار کی نوک سے ایمان افروز تاریخ کندہ کی، پانچ دریاؤں کے منبع و مبدا کشمیر کے فلک بوس اور برف پوش پہاڑ قدرت کاملہ کی عظمت و بڑائی کے ثنا گو ہیں جو اپنے دامن میں سرسبز و شاداب اور حسین و جمیل وادی کشمیر جو سرزمین پنجاب کے حسن و جمال کو دوبالا کئے ہوئے ہے۔

5 روز سے سرکاری پانی بند شہری بوند بوند کو ترس گئے شدید مشکلات کا سامنا

معمولات زندگی متاثر شرقی آبادی کو پانی فراہم کرنے والے پائپ بوسیدہ ہو کر پھٹ گئے جس سے آدھے شہر کا پانی پانچ روز سے بند ہے

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) 5 روز سے سرکاری پانی بند شہری بوند بوند کو ترس گئے شدید مشکلات کا سامنا معمولات زندگی متاثر شرقی آبادی کو پانی فراہم کرنے والے پائپ بوسیدہ ہو کر پھٹ گئے جس سے آدھے شہر کا پانی پانچ روز سے بند ہے جس سے اہل علاقہ کو شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے انتظامیہ کا کہنا کے بحالی کیلئے کوششیں کر رہے ہیں جلد بحال ہو جائے گا شہریوں کا کہنا تھا کہ پانی کی موٹر ٹینکی یا پائپ لائن پھٹنے کے معمولی مسئلے پر بھی کئی روز پانی بند رہتا ہے جس پر اہل علاقہ کو شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے معمولی نقص پر بھی لاہور پہنچنا پڑتا ہے بلدیہ کے پاس کوئی متبادل ذریعہ موجود نہیں ہے اہل علاقہ نے شدید احتجاج کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

یونین کونسل اگوکی سیالکوٹ میں ترقیاتی کام جاری ہیں۔ رانا محمود احمد

رانا عبدالستار ایم پی اے نے ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھا دیا۔ سابق ناظم اگوکی



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) فرزند رانا شمیم احمد خان ممبر صوبائی اسمبلی رانا عبدالستار خان نے حلقہ بھر میں ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھا دیا ہے۔ اسی سلسلہ میں نکاسی آب کا دیرینہ مسئلہ حل کرتے عوامی خدمت گار نے سلیم پورہ تا امانت پورہ نالہ کی تعمیر شروع کرائی جو تیزی سے مکمل کرنے کے بعد سڑک بھی مکمل کی جائیگی۔ ان باتوں کا اظہار سابق چیئرمین یوسی اگوکی رانا محمود احمد خان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ اگوکی کے محلہ سلیم پورہ روڈ سے امانت پورہ روڈ نکاسی آب کے لیے نالے کی تعمیر کا کام جاری ہے۔ اسکے علاوہ وزیر آباد اگوکی روڈ کی اطراف ٹف ٹائل منصوبہ مکمل ہونے کے بعد مین نالہ جات کے اوپر لینٹر ڈالا جا رہا ہے تاکہ گندگی و کوڑا کرکٹ نالہ میں نہ گرے اور شہریوں کو صاف ستھرا ماحول میسر آئے

فاؤنڈر فیملی کو آرڈیننس سسٹم کے زیر انتظام سردار اعلیٰ قبیلہ کی پروقار دستار بندی تقریب

تقریب میں ملک بھر سے تعلق رکھنے والے فیملی کو آرڈیننس سسٹم کے مرکزی و علاقائی عہدیداران، معزز مہمانان اور فیملی ممبران نے بھرپور شرکت کی



فیصل آباد: فاؤنڈر فیملی کو آرڈیننس سسٹم کے زیر انتظام اور زیر نگرانی ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں ڈاکٹر امین علی اظہر آف گجرات کو سردار اعلیٰ قبیلہ منتخب ہونے پر باقاعدہ دستار بندی کی گئی۔ تقریب میں ملک بھر سے تعلق رکھنے والے فیملی کو آرڈیننس سسٹم کے مرکزی و علاقائی عہدیداران، معزز مہمانان اور فیملی ممبران نے بھرپور شرکت کی۔ اس موقع پر جناب ملک محمد اقبال حسن کھوکھر (فاؤنڈر فیملی کو آرڈیننس سسٹم)، رانا عابد علی (نائب صدر تحصیل بارلالیاں ویلفیئر ایڈوائزر)، منیر حسین بھٹی (مالک مہتاب فین انڈسٹری، چیمیر مین ایجوکیشنل کونسل)، ملک عبد الحق کھوکھر (سینئر نائب سرپرست اعلیٰ، اوکاڑہ)، خان ندیر احمد (پنیوٹ)، چوہدری محمد آصف دراوڑ (شیخوپورہ)، شیخ انادعلی (اسلام آباد)، ریاض حسین بھٹی ایڈووکیٹ ہائی کورٹ (جڑانوالہ)، ملک عقیل خالد اور ملک نوز محمد چوہان سمیت دیگر معزز شخصیات موجود تھیں۔ نومنتخب سردار اعلیٰ ڈاکٹر امین علی اظہر نے اپنے خطاب میں کہا کہ پاکستان کی سب سے قدیم اور نمایاں برادری کی نمائندگی کرنا میرے لیے اعزاز کی بات ہے، اور میں اپنی تمام تر صلاحیتوں کے ساتھ قبیلے کی فلاح و بہبود کے لیے عملی اقدامات کروں گا۔ انہوں نے خصوصاً نئی نسل کی نصابی و غیر نصابی تعلیم پر توجہ دینے اور قبیلے کے ناراض افراد کو دوبارہ جوڑنے کے عزم کا اظہار کیا۔ اس موقع پر اوورسیز سے تعلق رکھنے والی شخصیات جناب طارق محمود بھٹی (پیلن) اور جناب امداد اللہ حجازی (مسقط) نے آن لائن کال کے ذریعے ڈاکٹر امین علی اظہر کو مبارکباد پیش کی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے پنجاب میں ریکارڈ ترقیاتی کام کروائے: شیخ محمد زاہد

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) مسلم لیگ ن ضلع حافظ آباد کے صدر چوہدری محمد بخش تارڑ سے گذشتہ دنوں سابق صدر بار ملک محمد اعظم اعوان ایڈووکیٹ اور صابری ویلفیئر ایسوسی ایشن پنجاب کے صدر شیخ محمد زاہد نے ملاقات کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے چوہدری محمد بخش تارڑ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پنجاب میں ریکارڈ ترقیاتی کام کروائے ہیں اور عوام کو ان کا حق آن کی دہلیز پر پہنچانے میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مریم نواز شریف کے کارنامے دیکھ کر مخالفین بلبلاہٹ کا شکار ہو چکے ہیں۔ ضلع حافظ آباد میں ریکارڈ ترقیاتی کام اُن کی حافظ آباد سے محبت کا ثبوت ہے۔ انہوں نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاک فوج ہماری سرحدوں کی حفاظت کرتی ہے۔

صحافی اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر عوامی مسائل کو اجاگر کرتا ہے: سید سلیمان مصطفیٰ گیلانی

جماعت اہلسنت وسنی یوتھ فورس کے زیر اہتمام یوم آزادی صحافت سیمینار کا اہتمام کیا گیا



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) صحافی اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر عوامی مسائل کو اجاگر کرتا ہے۔ سید سلیمان مصطفیٰ گیلانی۔ تفصیلات کے مطابق ضلعی سنی سیکرٹریٹ حراچونک ننکانہ میں جماعت اہلسنت وسنی یوتھ فورس کے زیر اہتمام یوم آزادی صحافت سیمینار کا اہتمام کیا گیا۔ جس کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے کیا گیا ہے۔ جس کے بعد مقامی ثناء خواں نے کریم آقا ﷺ کے دربار اقدس میں گلہائے عقیدت کے پھول نچھاور کئے۔ سیمینار کے میزبان علامہ کامران قادری نے آنے والے مہمانوں کو خوش آمدید کہا۔ سیمینار میں صحافیوں سید سلمان شاہ گیلانی۔ رائے شاہ نواز بھٹی۔ رانا رفاقت علی انجم۔ حاجی محمد رضوان۔ حکیم ریاض احمد طارق محمود۔ شیخ منیب ارشاد۔ عبدالرحمن شہباز۔ حافظ نوید۔ غلام سرور۔ نواز قادری نے شرکت کی۔ اس موقعہ پر سید سلمان مصطفیٰ گیلانی نے کہا کہ صحافت ایک پیغمبرانہ پیشہ ہے۔ صحافی اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر عوامی مسائل کو اجاگر کرتا ہے۔ صحافت ریاست کا چوتھا ستون ہے۔ جس طرح صحافی عوامی مسائل کے حل کے لئے قربانی دیتا ہے۔ اس کو تحفظ فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری میں شامل ہے۔

مخالفین کو جلد سرپرائز دیں گے، مخالفین اپنی شکست سے بھاگ رہے ہیں: چوہدری کاشف اسماعیل

واپڈا ٹاؤن کی غیور عوام ہمارے واپڈا ٹاؤن ویلفیئر گروپ پر اعتماد کا اظہار کر رہی ہے، اقتدار کے مزے لوٹنے والوں کے بہت کم دن باقی رہ گئے ہیں

گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) واپڈا ٹاؤن ویلفیئر گروپ کے نامزد صدارتی امیدوار چوہدری کاشف اسماعیل گجر کا کہنا ہے کہ مخالفین کو جلد سرپرائز دیں گے، مخالفین اپنی شکست سے بھاگ رہے ہیں، واپڈا ٹاؤن کی غیور عوام ہمارے واپڈا ٹاؤن ویلفیئر گروپ پر اعتماد کا اظہار کر رہی ہے، اقتدار کے مزے لوٹنے والوں کے بہت کم دن باقی رہ گئے ہیں، ہم میدان میں ہیں اور بھرپور الیکشن میں مقابلہ کر کے ان کو ان کو عبرتناک شکست دیں گے،،، واپڈا ٹاؤن کے رہائشی ان سے 18 سالوں کا حساب مانگ رہے ہیں، الیکشن میں تاریخی فتح حاصل کر کے، معززین واپڈا ٹاؤن اور رہائشیوں کی راہنمائی میں واپڈا ٹاؤن کے مسائل کو ترجیح بنیادوں پر حل کریں گے، ہم واپڈا ٹاؤن سے چوہدراہٹ سیاست کو ختم کرنے آئے ہیں، 18 سالوں سے اقتدار میں رہنے والے واپڈا ٹاؤن کے رہائشیوں کے سوالات سے بھاگ رہے ہیں،،، ہر کوئی ان کا جان گیا ہے کہ کس طرح انہوں نے اقتدار میں رہ کر واپڈا ٹاؤن کو لوٹا ہے، ان خیالات کا اظہار واپڈا ٹاؤن ویلفیئر گروپ کے نامزد صدارتی امیدوار چوہدری کاشف اسماعیل گجر نے واپڈا ٹاؤن کے رہائشیوں کے مختلف وفود سے ملاقات کے دوران کیا،،، انہوں نے کہا کہ ہمارا گروپ میں نامزد تمام امیدوار ان کا بھرپور مقابلہ کریں، الزامات لگانے کی سیاست کا وقت گیا اب میدان میں آئیں بھاگیں نہ اب واپڈا ٹاؤن کے رہائشی ووٹرز ان کو بھاگنے نہیں دیں گے، ان کا جواب کا وقت قریب ہے، واپڈا ٹاؤن کے غیور رہائشی ووٹرز اپنا فیصلہ دے چکے ہیں رہائشیوں نے ان کے جھوٹ کو مسترد کر دیا ہے اور مخالفین اوچھے ہتھکنڈوں پر اتر آئے ہیں، ہمارے گروپ کی بڑھتی ہوئی مقبولیت سے یہ خوف زدہ ہیں، واپڈا ٹاؤن ویلفیئر گروپ کے تمام معزز قارئین، امیدوار، ممبرز اور ووٹرز متحد ہیں اور ان کو واپڈا ٹاؤن کے الیکشن میں شکست دے کر واپڈا ٹاؤن کو ان سے آزاد کروائیں گے۔ الیکشن میں تاریخی کامیابی کے بعد واپڈا ٹاؤن میں تاریخی ترقیاتی کاموں کا آغاز کریں گے، مخالفین اپنے اقتدار میں کیے گئے

محکمہ سول ڈیفنس شیخوپورہ ہنگامی حالات میں بھرپور کردار ادا کرنے کیلئے ہمہ وقت تیار ہے

زمانہ جنگ و امن میں محکمہ کی خدمات لائق تحسین رہی ہیں اور آئندہ بھی اس روایت کو برقرار رکھا جائے گا: حاجی قمر اقبال ڈار



شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) محکمہ سول ڈیفنس شیخوپورہ ہنگامی حالات میں شہریوں و املاک کے تحفظ کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کرنے کیلئے ہمہ وقت تیار ہے زمانہ جنگ و امن میں محکمہ کی خدمات لائق تحسین رہی ہیں اور آئندہ بھی اس روایت کو برقرار رکھا جائے گا محکمہ کے افسران و عملہ اور رضا کار ملکی سلامتی کے تحفظ کی خاطر افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور اس کاز کی خاطر کسی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا، ان خیالات کا اظہار ایڈیشنل چیف وارڈن سول ڈیفنس حاجی قمر اقبال ڈار، ڈسٹرکٹ آفیسر سول ڈیفنس خالد شہزاد اعوان اور چیف انسٹرکٹر چوہدری محمد حنیف ورک نے پر ہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر انسٹرکٹرز شاہد اختر اعوان، مدثر لیاقت، پوسٹ وارڈ نخ طاہر حسین، فقیر محمد، محمد شہزاد سندھو، شہزاد جٹ، مرزا راشد محبوب، عمران ناصر و دیگر موجود تھے، ڈسٹرکٹ آفیسر سول ڈیفنس خالد شہزاد اعوان نے کہا کہ ڈائریکٹر سول ڈیفنس پنجاب ضمیر حسین، ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نعمان علی ڈوگر کی زیر نگرانی محکمہ کے تمام امور فعال ہیں بھارتی جنگی جارحیت کی صورت میں ہم افواج پاکستان کے ساتھ نہ صرف فرنٹ لائن پر اپنا کردار ادا کریں گے بلکہ متاثرہ علاقوں کے شہریوں کے تحفظ میں بھی کوئی کسر اٹھا نہ رکھیں گے، چیف انسٹرکٹر چوہدری محمد حنیف ورک نے کہا کہ شہری دفاع کی تربیت فراہم کرنے اور اسکی اہمیت اجاگر کرنے کیلئے بھرپور کردار ادا کیا جا رہا ہے اور صنعتی مزدوروں و طلبہ کو عملی مشقیں کروائی جا رہی ہیں خصوصاً نوجوانوں پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ وقت شہری دفاع کی تربیت حاصل کرنے پر توجہ دیں تاکہ ہنگامی حالات سے نبرد آزما ہونے کے قابل بن سکیں۔

ڈرائیونگ لائسنسنگ برانچ شیخوپورہ کو پنجاب بھر میں سرفہرست قرار دیا گیا

شہری حلقوں نے ڈی پی او بلال ظفر شیخ، ڈی ایس پی ٹریفک ملک احمد خان اعوان کی کارکردگی کو سراہا



شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈرائیونگ لائسنسنگ برانچ شیخوپورہ کو مسلسل پانچویں مرتبہ ماہانہ کارکردگی کے حوالے سے پنجاب بھر میں سرفہرست قرار دیا گیا ہے۔ جس پر شہری حلقوں نے ڈی پی او بلال ظفر شیخ، ڈی ایس پی ٹریفک ملک احمد خان اعوان، انچارج ڈرائیونگ لائسنسنگ برانچ انسپکٹر محمد پرویز اور نائب انچارج سب انسپکٹر میاں ناصر اقبال و دیگر افسران اور عملہ کو خراج تحسین پیش کیا ہے جبکہ انچارج انسپکٹر محمد پرویز نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ پانچ ماہ سے ڈرائی

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

امریکی نائب صدر کے الزام پر پاکستانی حکومت

پاکستانی فوج کے کور کمانڈرز کی کانفرنس نے کسی بھارتی جارحیت کا یقینی اور فیصلہ کن جوب دینے کا عزم دہرایا ہے۔ تاہم اس دوران امریکی نائب صدر جے ڈی وینس کی طرف سے پاکستان کو بالواسطہ طور سے پہلگام دہشت گرد کا قصوروار قرار دینے پر کوئی ردعمل سننے میں نہیں آیا۔ جے ڈی وینس کا بیان فوکس نیوز پر ایک انٹرویو کی شکل میں سامنے آیا ہے۔ انٹرویو کے دوران ایک سوال کے جواب میں پہلگام سانحہ کے بعد برصغیر کی صورت حال پر تبصرہ کرتے ہوئے یہ یک طرفہ بیان دیا گیا ہے۔ انہوں نے پہلگام سانحہ کا الزام جزوی طور سے پاکستان کی طرف منتقل کرنے کی کوشش کی۔ یہ بیان نامناسب اور قابل گرفت ہے۔ پراسرار طور سے پاکستانی حکومت نے اس کا نوٹس لینے کی ضرورت محسوس نہیں کی۔ اس کی بجائے پاکستانی ترجمانوں کا سارا زور بھارت کی مذمت کرنے، پہلگام کو فالس فلیگ آپریشن قرار دینے اور کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے پر صرف ہو رہا ہے۔ حیرت انگیز طور پر آج راولپنڈی میں جنرل عاصم منیر کی صدارت میں منعقد ہونے والی کور کمانڈرز کانفرنس میں بھی اس قابل اعتراض اور پاکستانی نقطہ نظر سے تشویشناک بیان کو نظر انداز کیا گیا ہے۔ بلاشبہ پاکستان ایک چھوٹا ملک ہے اور اس کا امریکہ کے ساتھ کوئی مقابلہ نہیں ہے لیکن جس قومی وقار اور خودمختاری کا پاٹھ پاکستانی قوم کو گزشتہ منگل سے پڑھایا جا رہا ہے، اس کا تقاضا ہے کہ پاکستانی حکومت اپنی نیک نیتی پر اٹھائے گئے سنگین الزام کا فوری جواب دے اور امریکہ کو باور کرایا جائے کہ نائب صدر وینس نے بھارتی پروپیگنڈا کے زیر اثر بے بنیاد بیان دیا ہے۔ پاکستان کو اس بیان سے فوری اور سختی سے لاتعلقی ظاہر کرنی چاہیے۔ ملکی میڈیا بھی نائب صدر وینس کے بیان کا مناسب تجزیہ کرنے اور اس میں بعض اشاروں کو بے بنیاد بتانے میں کامیاب نہیں ہوا۔ 22 اپریل کو مقبوضہ کشمیر کے مقام پہلگام میں مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کر کے 26 سیاحوں کو ہلاک کر دیا تھا۔ اس کے بعد سے بھارتی ذرائع نے پاکستان پر اس دہشت گردی کا الزام لگاتے ہوئے انتقام لینے کا بیانیہ بنانے کی کوشش کی ہے۔ بھارتی حکومت نے براہ راست پاکستان پر الزام عائد نہ کرنے کے باوجود فوری طور سے پاکستان مخالف اقدامات کیے جن میں سندھ طاس معاہدہ معطل کرنے اور پاکستان کا پانی بند کرنے کا اقدام سب سے زیادہ سنگین اور دونوں ملکوں کے درمیان حقیقی تصادم کا سبب بن سکتا ہے۔ امریکہ سمیت دنیا کے بیشتر ممالک نے پہلگام میں ہونے والی دہشت گردی کی مذمت کی ہے اور بھارتی حکومت کے ساتھ اظہار ہمدردی کیا ہے۔ پاکستان نے بھی اس وقوعہ پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے متاثرین کے ساتھ اظہار ہمدردی کیا لیکن اس کے ساتھ ہی اس واقعہ سے مکمل لاتعلقی ظاہر کی گئی ہے اور بھارت کے ان الزامات کو مسترد کیا گیا ہے کہ پہلگام دہشت گردی میں ملوث عناصر سے پاکستان یا یہاں سے فعال کسی گروہ کا کوئی ہاتھ ہو سکتا ہے۔ امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے اسی پاکستانی موقف کو مسترد کرتے ہوئے پاکستان کو مشورہ دیا ہے

کہ جس حد تک اس کی سرزمین سے دہشت گرد اس واقعہ میں ملوث تھے، پاکستان کو چاہیے کہ وہ انہیں پکڑنے اور انجام تک پہنچانے میں بھارتی حکومت کے ساتھ تعاون کرے۔ وینس کے اس بیان میں پاکستانی موقف کو مکمل طور سے نظر انداز کیا گیا اور بھارت کے ساتھ مکمل امریکی یک جہتی ظاہر کی گئی ہے۔ پاکستان کی طرف سے ایسے خطرناک بیان کا نوٹس نہ لینا، اس جرم کی بالواسطہ ذمہ داری قبول کرنے کے مترادف ہے۔ جے ڈی وینس نے فوکس نیوز پر انٹرویو میں پاک بھارت کشیدگی پر بات کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں امید ہے کہ بھارت اس دہشت گردانہ حملے کا اس طرح جواب دے گا جس سے وسیع تر علاقائی تنازع پیدا نہ ہو۔ اور ہم امید کرتے ہیں کہ پاکستان، جس حد تک ذمہ دار ہے بھارت کے ساتھ تعاون کرے گا تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ جو دہشت گرد اس کی سرزمین سے کارروائی کرتے ہیں ان کو نشانہ بنایا جائے اور ان سے نمٹا جائے۔ امریکی نائب صدر کے بیان میں دو نکات اہم ہیں۔ ایک تو یہ کہ وہ بھارت کو پاکستان کے خلاف محدود کارروائی کی دعوت دے رہے ہیں۔ بس انہوں نے یہ امید ظاہر کی ہے کہ بھارت کا جواب ایسا ہو کہ اس سے کوئی بڑی جنگ نہ شروع ہو جائے۔ اس بیان میں بھارت کے حملہ کا ذکر کرتے ہوئے پاکستان کے اس عزم کو قطعی طور سے کوئی اہمیت دینے کی ضرورت محسوس نہیں کی گئی کہ وہ بھی کسی بھارتی ایڈونچر کا ترکی بہ ترکی جواب دے گا اور یہ کارروائی فوری طور سے ہوگی۔ یہ موقف آئی ایس پی آر کے علاوہ آرمی چیف جنرل عاصم منیر بھی دہرا چکے ہیں۔ بلکہ آج منعقد ہونے والی کور کمانڈرز کانفرنس میں بھی یہی کہا گیا ہے کہ جنگ مسلط کرنے کی کسی بھی کوشش کا یقینی اور فیصلہ کن جواب دیا جائے گا۔

آئی ایس پی آر کی پریس ریلیز کے مطابق کور کمانڈرز کانفرنس میں خطے کی موجودہ صورتحال بالخصوص پاکستان اور انڈیا کے درمیان کشیدگی اور علاقائی سلامتی کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر مسلح افواج نے کسی بھی جارحیت یا مہم جوئی کے خلاف ملک کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کو برقرار رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے اس موقع پر کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج دفاع وطن کے لیے اپنے عوام کے ساتھ متحد ہو کر کھڑی ہیں۔

یہ پریس ریلیز پاکستانی موقف کو صراحت کے ساتھ بیان کرتی ہے۔ اس میں پہلگام سانحہ کی کسی قسم کی ذمہ داری قبول کرنے کا کوئی اشارہ نہیں ہے۔ لیکن اس کے ساتھ ہی حیرت انگیز طور پر امریکی نائب صدر کے الزام تراشی پر مبنی بیان کو نظر انداز کرنا مناسب سمجھا گیا ہے۔ حالانکہ وینس نے اپنے مختصر تبصرے کے دوسرے حصے میں پاکستان کو اپنے حصے کی ذمہ داری قبول کرنے اور دہشت گردوں کو پکڑنے کے لیے بھارت کے ساتھ تعاون کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ دیکھا جا سکتا ہے کہ جے ڈی وینس نے بھارت کی حمایت میں بیان دیتے ہوئے برصغیر میں جنگ کی ہولناکی کا ذکر کرنا ضروری نہیں سمجھا۔ نہ ہی یہ وضاحت کی گئی ہے کہ پاکستان تو اس واقعہ سے مکمل لاتعلقی ظاہر کرتا ہے پھر امریکہ جیسی بڑی طاقت کا نائب صدر کس بنیاد پر پاکستان کو اپنے حصے کی ذمہ داری قبول کرنے اور تحقیقات میں بھارت کے ساتھ تعاون کرنے اور پاکستانی سرزمین میں دہشت گردوں کا پیچھا کرنے کا مشورہ دے رہا ہے۔ اگر جے ڈی وینس نے یہ سوال اٹھانے کی ضرورت محسوس نہیں کی تو پاکستانی حکومت کو فوری طور سے اس پر اپنا ردعمل اور ناراضی رجسٹر کرانی چاہیے تاکہ ایک نئے معاملہ میں پاکستان کو دہشت گردی کا معاون قرار دے کر بعد میں اس کے خلاف مقدمہ بنانے کی کوشش نہ کی جائے۔ پاکستان پہلے ہی عالمی سفارتی تنہائی کا سامنا کر رہا ہے اور بھارت ایک سانحہ کی تحقیقات کے بغیر پاکستان کو سزا دینے کا اعلان کر رہا ہے۔ اب امریکی حکومت اس موقف کی تائید کر رہی ہے۔ یہ صورت حال پاکستان کی خودمختاری کے لیے شدید تشویش کا سبب ہونی چاہیے۔ نائب صدر وینس کے علاوہ متعدد امریکی ترجمانوں نے پہلگام سانحہ کے بعد مسلسل بھارت کا ساتھ دینے کا اعلان کیا ہے۔ اگرچہ امریکہ نے بھارت کی طرح براہ راست پاکستان پر الزام عائد نہیں کیا۔

عالمی یومِ صحافت اور صحافیوں درپیش مسائل

کالم نگار: محمد شہزاد بھٹی

آج ہماری گفتگو ہو گی آج کے دن کی مناسبت سے، ہر سال 3 مئی کو دنیا بھر میں عالمی یومِ صحافت منایا جاتا ہے تاکہ آزاد، غیر جانبدار اور ذمہ دار صحافت کی اہمیت کو اجاگر کیا جا سکے۔ یہ دن اقوام متحدہ کی جانب سے اس عہد کی تجدید کا موقع بھی فراہم کرتا ہے کہ صحافیوں کی آزادی، تحفظ اور اظہارِ رائے کے بنیادی حق کی ہر ممکن حمایت کی جائے۔ پاکستان میں صحافت ایک اہم اور متحرک ستون کے طور پر ریاست اور عوام کے درمیان رابطے کا کام سرانجام دیتی ہے۔ ملکی جمہوریت، شفافیت اور احتساب کو فروغ دینے میں میڈیا نے ہر دور میں نمایاں کردار ادا کیا ہے، چاہے بات مارشل لا کے ادوار کی ہو یا جمہوری حکومتوں کی، پاکستانی صحافیوں نے اکثر جان کے خطرے کے باوجود سچ سامنے لانے کی کوشش کی ہے، یاد رہے، گزشتہ دو دہائیوں میں الیکٹرانک میڈیا کے فروغ اور سوشل میڈیا کے پھیلاؤ نے معلومات تک عوامی رسائی میں اضافہ کیا ہے۔ میڈیا نے بدعنوانی کے اسکینڈلز بے نقاب کیے، لاپتہ افراد کے مقدمات اجاگر کیے اور مظلوم طبقات کی آواز کو ایوانوں تک پہنچایا۔ یہ وہ خدمات ہیں جن سے انکار ممکن نہیں، تاہم ان مثبت پہلوؤں کے باوجود پاکستان میں صحافیوں کو کئی طرح کی سنگین مشکلات کا سامنا ہے۔ مختلف اداروں کی رپورٹس کے مطابق پاکستان صحافیوں کے لیے دنیا کے خطرناک ترین ممالک میں شامل ہے۔ کئی صحافی قتل ہو چکے ہیں یا پرتشدد حملوں کا نشانہ بنے ہیں، جن کے قاتل اکثر قانون کی گرفت سے باہر رہے۔ میڈیا ہاؤسز پر ادارہ جاتی اور غیر ادارہ جاتی دباؤ بڑھتا جا رہا ہے۔ سنسرشپ، اشتہارات کی بندش اور دباؤ کے ذریعے بعض موضوعات پر خاموشی اختیار کرنے پر مجبور کیا جاتا ہے۔ صحافیوں کی بڑی تعداد کنٹریکٹ پر ہے، انہیں مناسب تنخواہیں، سہولیات اور ملازمت کا تحفظ حاصل نہیں۔ بعض صحافی تنخواہوں کی عدم ادائیگی یا میڈیا ہاؤسز کی مالی بدحالی کا شکار ہیں۔ ہتکِ عزت، سائبر کرائم ایکٹ اور انسداد دہشتگردی جیسے قوانین کا استعمال اکثر صحافیوں کو دبانے کے لیے کیا جاتا ہے۔ خاص طور پر خواتین صحافیوں کو سوشل میڈیا پر سنگین نوعیت کی نفسیاتی، جنسی اور ذاتی ہراسانی کا سامنا ہے، جس کا خاطر خواہ سدباب تاحال ممکن نہیں ہو سکا۔ پاکستان میں صحافت کے مستقبل کو محفوظ اور معزز بنانے کے لیے ضروری ہے

اے ہندوستان ! یہ پاکستان ہے

تحریر: مولانا پیر ذوالفقار علی شان صوابی

اے ہندوستان ! تمہاری یادداشت کمزور ہو چکی ہے یا تم بھولنے کا ڈرامہ کر رہے ہو؟ سنو ! یہ پاکستان صرف زمین کا ٹکڑا نہیں، یہ ایک نظریہ ہے، ایک بیدار قوم کی پہچان ہے، یہ لا الہ الا اللہ کے نعرے پر قائم قلعہ ہے جسے نہ تمہاری فوج توڑ سکتی ہے، نہ تمہارا میڈیا چھپا سکتا ہے۔ یہ وہ وطن ہے جس کی بنیاد کلمے پر ہے، جسے لاکھوں مسلمانوں نے خون دے کر حاصل کیا۔ تم نے سوچا تھا کہ تم ہمیں دبا لو گے؟ تم نے سوچا کہ تمہاری سازشیں ہمیں مٹا دیں گی؟ سن لو ! تمہاری ہر چال ہم پر آشکار ہے۔ تمہارے ہر فریب کو ہم نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے۔ ہندوستان ! تم نے 1947 سے لے کر آج تک ہر میدان میں پاکستان کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی، لیکن ہر بار تمہیں شکست ہوئی۔ تم نے 1965 میں ہماری سرزمین پر حملہ کیا، تمہاری توپیں لاہور میں ناشتہ کرنے کے خواب دیکھ رہی تھیں، مگر ہماری افواج نے تمہیں ایسا جواب دیا کہ تم اپنی ہی لاشیں سمیٹنے پر مجبور ہو گئے۔

تم نے 1971 میں بھی ہماری کمر توڑنے کی کوشش کی، مگر ہم بکھرے ضرور، مٹے نہیں۔ ہمارے حوصلے نہ کمزور ہوئے نہ جھکے۔ کارگل کی بلندیوں پر ہمارے کیپٹن کرنل شیر خان نے تمہیں بتایا کہ ایمان کے جذبے کے آگے تمہاری بندوقیں بیکار ہیں۔ ابھی نندن کا واقعہ تمہیں یاد ہے؟ جب تمہارا فخر، تمہارا پائلٹ، ہمارے آسمان کو چھونے آیا، تو ہماری شاہینوں نے اسے زمین پر لا گرایا۔ تمہیں چائے بھی پلائی، مگر تمہاری آنکھوں میں شکست لکھی تھی۔ یہ پاکستان ہے، یہاں کا ہر فرد



سپاہی ہے، ہر بچہ مجاہد ہے، ہر ماں بیٹے کو وطن پر قربان کرنے کے لیے تیار ہے۔ ہماری افواج دنیا کی بہترین افواج میں شامل ہیں، مگر جو چیز انہیں سب سے الگ بناتی ہے وہ ان کا ایمان ہے۔ ہمارے سپاہی وردی نہیں صرف لباس سمجھتے، وہ اسے ذمہ داری، قربانی، اور اللہ کی رضا کا ذریعہ سمجھتے ہیں۔ ہمارے علما حق کی صدا بلند کرتے ہیں، ہمارے مدارس جہاد فی سبیل اللہ کا شعور دیتے ہیں۔ ہمارے طلبا یونیورسٹیوں میں علم کے ساتھ غیرت کا پرچم اٹھاتے ہیں۔ ہمارے تاجر رزقِ حلال کماتے ہوئے وطن کی خاطر ہر لحہ تیار رہتے ہیں۔ ہمارا مزدور پسینہ بہا کر اس دھرتی کی بنیادوں کو مضبوط کرتا ہے۔ ہمارا دکاندار، ہمارا استاد، ہمارا کسان، سب اس نظریے کے سپاہی ہیں۔ ہم ایک قوم ہیں جو صرف توپ، ٹینک، اور بم سے نہیں، بلکہ جذبہ ایمانی سے لڑتی ہے۔ جب ہماری ماں کی دعائیں ہماری ڈھال ہوں، تو تمہارے ہتھیار زنگ آلود ہو جاتے ہیں۔ اے مودی ! اے ہندوستانی جرنیلو ! سن لو ! تم نے پاکستان کے خلاف نفرت کے جو بیج بوئے ہیں، وہ اب تمہاری ہی سرزمین کو جلا دیں گے۔ تم نے اقلیتوں پر سیاست کی، مسلمانوں پر ظلم کیا، اور اپنے دجالی میڈیا سے جھوٹ بولا۔ مگر سچ کا سورج چھپتا نہیں۔ ہم تمہاری گولیوں سے نہیں، تمہارے غرور سے لڑتے ہیں۔ تمہارے زخم ہم پر گواہ ہیں کہ تمہارے ہاتھوں میں صرف مظلوموں کا خون ہے۔ اگر تم نے آج بھی پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے دیکھا، تو ہماری افواج تمہاری آنکھیں نکال دیں گی۔ جنگ اگر تم چھیڑو گے، تو ختم ہم کریں گے۔

یدان ہمارا ہوگا، انجام تمہارا ہوگا۔ یہاں پاکستان میں ایک ماں جب بیٹے کو اسکول بھیجتی ہے تو کہتی ہے: "بیٹا، پڑھ کر قوم کا سپاہی بننا !" یہاں ایک مزدور جب پسینہ بہاتا ہے تو کہتا ہے: "میری مشقت پاکستان کے لیے ہے !" یہاں ایک کسان جب بیج بوتا ہے تو دعا کرتا ہے: "یا اللہ ! میرے کھیت میں اگنے والی گندم شہدا کے گھروں تک پہنچے !" یہاں ہر میڈیا والا، ہر معلم، ہر امام، ہر مدن، ہر نوجوان، اور ہر بزرگ پاکستان کے لیے جیتا ہے، اور اس پر مر مٹنے کو تیار ہے۔ اے ہندوستانی فوج ! تمہاری وردی میں غرور ہے، مگر جذبہ نہیں۔ تمہاری مشقوں میں تکبر ہے، مگر ایمانی غیرت نہیں۔

تم نے صرف کمزوروں پر ظلم کرنا سیکھا ہے، مگر سچ کا سامنا کبھی نہیں کیا۔ تم نے کشمیر میں نہتے نوجوانوں پر گولیاں برسائیں، تم نے بچوں کے سامنے ان کے والدین کو شہید کیا، تم نے عورتوں کی عصمتیں پامال کیں، مگر یاد رکھو ! یہ سب تمہارے گناہوں کی فہرست میں لکھا جا چکا ہے۔ پاکستان کی سرحدوں پر تم نے اگر میلی نظر ڈالی، تو تمہاری بندوقیں تمہارے ہی خلاف پلٹیں گی۔ ہمارے مجاہد نہ نیند میں ہوتے ہیں نہ غفلت میں۔ جب تمہیں اپنی طاقت پر ناز ہوتا ہے، ہم اس وقت سجدے میں اپنے رب سے مدد مانگ رہے ہوتے ہیں۔

ہماری گرج تمہاری دہلیز پر گونجے گی۔ اور تمہارے ہر فوجی جنرل کے غرور کو پاش پاش کر دے گی۔ مودی ! تمہاری فوج کو تمہارے جھوٹ نے کمزور کیا ہے۔ تمہاری قوم کا دل خالی ہے، تمہارے نعرے کھوکھلے ہیں، تمہاری دعوے دیوالیہ ہو چکے ہیں۔ یہ پاکستان ہے، یہاں صرف خون کی قیمت پر آزادی ملتی ہے، اور ہم نے ہر نسل میں وہ خون دیا ہے۔ اگر تم نے اب بھی سبق نہ سیکھا تو ہم وہ سبق پڑھائیں گے جو تمہاری تاریخ میں ہمیشہ کے لیے داغ بن جائے گا۔ نعرہ تکبیر ! اللہ اکبر ! پاکستان زندہ باد !

تاریخی وسیاسی

تحریر سید خالد جاوید بخاری

شہنشاہ جارج پنجم اور ان کی ملکہ کے 12 دسمبر 1912 کے دور ملتان کو تحقیقی انداز میں بیان کیا گیا ہے، جس میں تاریخی، سیاسی، ثقافتی اور نوآبادیاتی سیاق وسباق کا بھی تجزیہ شامل ہے: عنوان: 12 دسمبر 1912 کو شہنشاہ جارج پنجم اور ملکہ میری کا دور ملتان: ایک نوآبادیاتی مشاہدہ تمہید: 1912 کا سال برطانوی ہند کے سیاسی منظرنامے میں غیر معمولی اہمیت کا حامل رہا، جب شہنشاہ جارج پنجم نے دہلی دربار میں شرکت کے بعد برصغیر کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا۔ ان کے ہمراہ ان کی زوجہ ملکہ میری بھی تھیں، جنہیں مقامی طور پر اکثر غلطی سے "ملکہ وکٹوریا" کہا جاتا رہا۔ 12 دسمبر 1912 کو ان کی آمد ملتان ڈویژن میں ہوئی، جو اس وقت ایک زرخیز، دفاعی اور ثقافتی لحاظ سے اہم خطہ تھا۔ اس دورے کو نوآبادیاتی حکومت کی "شاہی موجودگی (Royal Presence)" کی حکمت عملی کے تحت دیکھا جاتا ہے۔ تاریخی سیاق و سباق: دہلی دربار 1911 کی تقریبات میں جارج پنجم کی تاجپوشی کا اعلان کیا گیا، اور انہوں نے دارالحکومت کو کلکتہ سے دہلی منتقل کرنے کا اعلان بھی کیا۔ اس اقدام کے بعد شہنشاہ اور ملکہ نے ہندوستان کے مختلف حصوں کا دورہ شروع کیا تاکہ مقامی رعایا سے وفاداری حاصل کی جا سکے۔ اس دورہ کے پس منظر میں برطانوی سامراج کا استحکام، مقامی اشرافیہ کی حمایت کا حصول اور عوامی تاثر کی بہتری شامل تھی۔ ملتان کی اہمیت: ملتان اس وقت برطانوی حکومت کے لیے ایک دفاعی قلعہ، زرعی مرکز اور ثقافتی مقام کے طور پر جانا جاتا تھا۔ یہاں کا قلعہ، کینٹ، ریلوے نیٹ ورک اور نہری نظام نوآبادیاتی حکمت عملی کا عملی مظہر تھے۔ اسی وجہ سے شاہی جوڑے نے ملتان کو اپنے دورے کے ایجنڈے میں شامل کیا۔ شاہی جوڑے کی سرگرمیاں: 1. استقبالیہ انتظامات: ملتان ریلوے اسٹیشن کو برطانوی و مقامی جھنڈیوں سے سجایا گیا، اور اعلیٰ سول و فوجی افسران کے ساتھ ساتھ مقامی نواب، زمیندار اور رسائے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ 2. زراعت و تحقیق: شاہی جوڑے نے ملتان کے زرعی تحقیقاتی اداروں کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر کپاس، گندم اور آم کی پیداوار پر بریفنگ دی گئی، جو کہ نوآبادیاتی معیشت کے ستون تھے۔ 3. ثقافت اور خیرات: ملکہ نے مقامی یتیم خانوں اور خواتین کے ہسپتالوں کے لیے مالی امداد کا اعلان کیا۔ اس کے علاوہ، مقامی ثقافت کو فروغ دینے کے لیے ایک خصوصی تقریب منعقد کی گئی جس میں ملتانی رقص، قوالی، اور ہنر پیش کیے گئے۔ 4. شکار اور تفریح: برطانوی روایات کے مطابق، ملتان کے نواحی علاقوں میں شکار کا بھی اہتمام کیا گیا، جسے شاہی مشغلہ اور مقامی طاقت کی علامت سمجھا جاتا تھا۔ نوآبادیاتی اثرات اور تاثر: یہ دورہ صرف ایک رسمی سرگرمی نہیں تھی، بلکہ برطانوی راج کی طاقت، تسلط اور "مقامی تعاون" کی علامت بھی تھی۔ مقامی اشرافیہ کے ساتھ شاہی میل جول نے برطانوی سیاسی جڑیں مزید مضبوط کیں۔ عوامی سطح پر اس دورہ کو احترام اور حیرت کے ملے جلے جذبات سے دیکھا گیا۔ نتائج اور تجزیہ: ملتان میں شاہی موجودگی نے جہاں مقامی معاشرے پر وقتی اثرات ڈالے، وہیں اس نے برطانوی حکومت کی سماجی انجینئرنگ کی حکمت عملی کو بھی آشکار کیا۔ مقامی اشرافیہ کو نوازنا، عوامی خیرات اور ثقافتی دلچسپی کا اظہار یہ سب نوآبادیاتی اقتدار کے "نرم پہلو" کو اجاگر کرنے کے لیے استعمال کیے گئے۔ شہنشاہ جارج پنجم اور ملکہ میری کا 12 دسمبر 1912 کو ملتان کا دورہ صرف ایک تاریخی واقعہ نہیں بلکہ نوآبادیاتی سیاست، حکمت عملی اور عوامی تاثر سازی کا ایک اہم باب ہے۔ یہ دورہ برصغیر کی نوآبادیاتی تاریخ میں شاہی طاقت کے ایک نمایاں مظاہرے کے طور پر یاد رکھا جاتا ہے۔



ملتان ریلوے جنکشن کی توسیع) غیر رسمی افتتاح):(

شاہی جوڑے کی آمد کے موقع پر ملتان ریلوے اسٹیشن کی تزئین و توسیع کی گئی تھی۔ اگرچہ رسمی افتتاح کے واضح شواہد موجود نہیں، لیکن ریلوے کی توسیع اور تزئین شدہ وی آئی پی پلیٹ فارم کا معائنہ کیا گیا، جسے شاہی موجودگی کا "افتتاحی اعزاز" دیا گیا۔

2. سول ہسپتال) ملتان (کے توسیعی بلاک کا سنگ بنیاد:

ملکہ میری نے خواتین کے وارڈ اور بچوں کے لیے ایک توسیعی بلاک کا سنگ بنیاد رکھا۔ یہ اقدام نوآبادیاتی خیراتی حکمت عملی کا حصہ تھا تاکہ مقامی رعایا میں شاہی خاندان کی 'ہمدردی' کا تاثر قائم ہو۔

3. زراعتی تحقیقاتی مرکز) ملتان (کی نئی عمارت: ملتان میں اس وقت موجود زرعی تحقیقاتی مرکز کو نئی عمارت میں منتقل کرنے کے فیصلے کا اعلان اس موقع پر کیا گیا، جسے 'شاہی منظوری' کے ساتھ جوڑا گیا۔

4. خواتین صنعتی اسکول) سابقہ D.A.V. (اسکول ملتان کے قریب:

ملکہ میری کی خصوصی دلچسپی پر ایک صنعتی تربیتی مرکز برائے خواتین کے قیام کا اعلان کیا گیا،

ہوئی کشیدگی

پاکستان اور بھارت کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی کے ماحول میں یہ سوال بے حد اہمیت حاصل کر چکا ہے کہ کیا جوہری صلاحیت کے حامل دو ہمسایہ ملکوں میں جنگ ٹالی جا سکتی ہے۔ کسی کے پاس اس سوال کا جواب نہیں ہے۔ کیوں کہ نئی دہلی سے مسلسل جنگ جوئی کا بیانیہ بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے جبکہ پاکستان نے واضح کیا ہے کہ وہ جنگ میں پہل نہیں کرے گا لیکن اپنے خلاف ہونے والی کسی کارروائی پر خاموش بھی نہیں رہے گا۔ آج لائن آف کنٹرول کے دورہ کے دوران پاکستانی سپاہ سے خطاب کرتے ہوئے آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے دوٹوک الفاظ میں باور کرایا ہے کہ پاکستان علاقائی امن کے لیے پرعزم ہے مگر اس حوالے سے کوئی ابہام نہیں ہونا چاہیے کہ اگر انڈیا نے کسی بھی طرح کی فوجی مہم جوئی کی تو پاکستان کی جانب سے اس کا فوری اور بھرپور جواب دیا جائے گا۔ قیاس کیا جا رہا ہے کہ پاکستانی چیف آف آرمی اسٹاف کا یہ بیان 2019 میں پاکستانی فوجی قیادت کی طرف سے اختیار کیے گئے معتدل اور مفاہمانہ موقف سے برعکس ہے۔ اس وقت پلوامہ میں 40 بھارتی فوجیوں کی ہلاکت کے بعد بھی مودی حکومت نے پاکستان پر الزام عائد کرتے ہوئے انتقام لینے اور پاکستان کو سزا دینے کا بیانیہ بنایا تھا۔ اسی کے نتیجے میں بالاکوٹ پر حملہ کر کے گھس کر ماریں گے کے دعوے کیے گئے اور اس حملہ کو سرجیکل اسٹرائیک کا نام دے کر باور کرانے کی کوشش کی گئی کہ بھارت، پاکستان میں دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو نشانہ بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ 2019 میں اس سانحہ کے بعد پاک فضائیہ نے بھارتی فائیٹرز کے ساتھ ایک جنگ میں دو بھارتی طیارے مار گرائے تھے جن میں ایک پاکستانی علاقے میں گرا اور اس کا پائلٹ گرفتار کر لیا گیا۔ پاکستان نے اس وقت مزید کشیدگی سے بچنے اور تنازعہ ختم کرنے کے مقصد سے پائلٹ کو فوری طور سے رہا کر کے حالات معمول پر لانے کی کوشش کی تھی۔ تاہم اس بار پاک فوج اور سیاسی قیادت کی طرف سے سامنے آنے والے اشاروں میں واضح طور سے پیغام دیا جا رہا ہے کہ اب حالات تبدیل ہو چکے ہیں اور بھارت کو ہر چند سال بعد کسی واقعہ کا الزام پاکستان پر لگا کر کسی عسکری کارروائی کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ اس بار پاکستان کی طرف سے بین الاقوامی دارالحکومتوں کو یہی پیغام پہنچایا گیا ہے کہ پاکستان جنگ نہیں چاہتا اور امن کا خواہش مند ہے۔ پاکستان امن کے لیے ہر قسم کی بات چیت اور اقدامات پر آمادہ ہے لیکن اگر بھارت نے پاکستان کے خلاف کوئی عسکری کارروائی کی تو اسے برداشت نہیں کیا جائے گا۔ پاکستان کا یہ پیغام کئی طریقوں سے سامنے آیا ہے۔ پہلگام سانحہ اور اس کے بعد بھارت کی طرف سے الزام تراشی کے سنگین ماحول میں پاکستانی حکومت کے نمائندوں نے تسلسل واضح کیا ہے کہ اس بار پاکستان کا ردعمل 2019 کے



حرف رواں

تحریر

ڈاکٹر محمد عمران

مقابلے میں مختلف ہوگا۔ گزشتہ روز آئی ایس پی آر کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کے ساتھ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا تھا کہ پہلگام کے سانحہ میں پاکستان کا کوئی کردار نہیں ہے۔ اس کے باوجود اگر بھارت اشتعال انگیزی کرتا ہے اور کوئی جنگی صورت پیدا کی جاتی ہے تو یہ اس کا فیصلہ ہوگا لیکن پھر یہ جنگ کیا رخ اختیار کرتی ہے، یہ ہم طے کریں گے۔ اس بیان سے بھی یہی اندازہ قائم کیا جا رہا تھا کہ پاک فوج بھارت پر واضح کر رہی ہے کہ اس بار کسی نرمی کی توقع نہ رکھی جائے۔ پاکستان کی خودمختاری پر کوئی حملہ قبول نہیں کیا جائے گا۔ آج آرمی چیف نے اسی بات کو دہرایا ہے اور دو ٹوک الفاظ میں امن کی ضرورت پر زور دیا ہے لیکن واضح کیا ہے کہ پاکستان کسی قسم کی جنگ جوئی کو برداشت نہیں کرے گا اور اس کا بھرپور جواب دیا جائے گا۔ یہ محض دھمکی یا عوام کے اطمینان کے لیے جاری ہونے والا بیان نہیں ہے بلکہ اس کے ذریعے بھارتی لیڈروں پر واضح کیا جا رہا ہے کہ پاکستان بھارتی اشتعال انگیزی برداشت کرنے پر تیار نہیں ہے اور اس کا جوب دینے کے لیے کسی بھی حد تک جانے پر آمادہ ہے۔ ایک اندازہ ہے کہ 2019 میں بھارت کو بالاکوٹ پر حملہ کرتے ہوئے یقین تھا کہ پاکستان کے ساتھ کوئی چپقلش نہ تو کسی بڑی جنگ میں تبدیل ہوگی اور نہ ہی کسی قسم کے جوہری ہتھیار استعمال ہونے کی نوبت آئے گی۔ البتہ اس بار نئی دہلی کو اس کے برعکس پیغام پہنچایا جا رہا ہے۔ اسی پیغام رسانی کی وجہ سے بھارت کے عسکری تجزیہ نگار بھی دونوں ملکوں میں کسی بڑی جنگ کے امکان کو مسترد کر رہے ہیں۔ البتہ کسی معمولی جھڑپ کے قیاس قائم کیے جا رہے ہیں۔ لیکن اس حوالے سے مودی حکومت کے لیے یہ مسئلہ موجود ہے کہ اس نے پہلگام کے بعد پاکستان کے خلاف دہشت گردی کا الزام لگاتے ہوئے ایسے سخت الفاظ کا چناؤ کیا اور بھارتی میڈیا نے جنگ کا ایسا سنسنی خیز ماحول قائم کیا کہ کوئی نام نہاد سرجیکل اسٹرائیک قسم کا واقعہ بھارتی رائے عامہ کی تشفی نہیں کر پائے گا۔ اس کے ساتھ ہی پاکستان کی طرف سے یہ بتا دیا گیا ہے کہ اگر کوئی حملہ ہوا تو اس کا جواب دیا جائے گا۔ اس جوابی کارروائی کی نوعیت کے بارے میں ابہام موجود ہے لیکن پاکستانی لیڈر آنکھ کے بدلے آنکھ سے زیادہ کی بات کر رہے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ امن ہماری ترجیح ہے لیکن اگر جنگی کارروائی ہوئی تو ہم جوابی کارروائی کی شدت کا فیصلہ کرنے میں آزاد ہوں گے۔ یہی ایک نکتہ بھارتی حکام کے لیے پاکستان کے ساتھ کسی جھڑپ سے باز رہنے کا پیغام ہے۔ بھارت نے پہلگام سانحہ کا الزام پاکستان پر عائد کرنے کے باوجود ابھی تک اس کے کوئی ثبوت پیش نہیں کیے ہیں۔ بھارتی حکومت نے امریکہ سمیت تمام ممالک سے سفارتی اعانت حاصل کرنے کے لیے جو رابطے کیے ہیں، ان میں یہی کہا گیا ہے کہ ماضی میں پاکستان کا کردار مشکوک رہا ہے۔ لیکن دنیا پہلگام سانحہ میں پاکستان کے ملوث ہونے کے ثبوت مانگتی ہے۔ اس کے واضح شواہد موجود نہ ہونے کی صورت میں بھارتی لیڈروں سے کہا جاتا ہے کہ وہ تحمل سے کام لیں اور محض اندازوں کی بنیاد پر پاکستان کے خلاف جنگ جوئی سے باز رہیں۔ کیوں کہ کسی ٹھوس ثبوت کے بغیر ایک خودمختار ملک پر حملہ کرنے یا فوجی کارروائی میں اسے سزا دینے



پاکستان میں آئی پی ایل کی سٹریمنگ پر پابندی لگا دی گئی

حکومت کے مطابق لائیو سٹریمنگ ایپس کے ذریعے پاکستان میں انڈین پریمیئر لیگ کو اب نہیں دکھایا جائے گا، فیصلہ بھارتی حکومت کے جواب میں کیا گیا، نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد: (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان حکومت نے انڈین پریمیر لیگ (آئی پی ایل) پاکستان میں دکھانے پر پابندی عائد کردی۔ حکومت نے پاکستان میں مقامی پلیٹ فارمز پر آئی پی ایل کی آن لائن سٹریمنگ پر پابندی عائد کردی۔ حکومت پاکستان کے مطابق لائیو سٹریمنگ ایپس کے ذریعے پاکستان میں انڈین پریمیئر لیگ کو اب نہیں دکھایا جائے گا، فیصلہ بھارتی حکومت کے جواب میں کیا گیا۔ آن لائن سٹریمنگ چینل کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق حکومت پاکستان کے احکامات پر آئی پی ایل کی آن لائن سٹریمنگ اب پاکستان میں نہیں دکھائی جائیں گی۔ یاد رہے کہ بھارتی حکومت نے تہلگام فالز فلیگ آپریشن کے بعد اپنے ملک میں پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) دکھانے پر پابندی عائد کی تھی۔ پاکستان حکومت نے انڈین پریمیر لیگ (آئی پی ایل) پاکستان میں دکھانے پر پابندی عائد کردی۔ حکومت نے پاکستان میں مقامی پلیٹ فارمز پر آئی پی ایل کی آن لائن سٹریمنگ پر پابندی عائد کردی۔ حکومت پاکستان کے مطابق لائیو سٹریمنگ ایپس کے ذریعے پاکستان میں انڈین پریمیئر لیگ کو اب نہیں دکھایا جائے گا، فیصلہ بھارتی حکومت کے جواب میں کیا گیا۔ آن لائن سٹریمنگ چینل کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق حکومت پاکستان کے احکامات پر آئی پی ایل کی آن لائن سٹریمنگ اب پاکستان میں نہیں دکھائی جائیں گی۔ یاد رہے کہ بھارتی حکومت نے تہلگام فالز فلیگ آپریشن کے بعد اپنے ملک میں پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) دکھانے پر پابندی عائد کی تھی۔



چین، شنگھائی گلوبل چیپئن شپ 2025 میں گھڑسوار اپنے فن کا مظاہرہ کر رہا ہے

میدان پر نوٹ پھینک کر مداحوں کا ''رونالڈو'' کیخلاف احتجاج



برازیلیا (نیٹ نیوز) لالیگا میچ کے دوران برازیل کے اسٹار فٹبالر رونالڈو نازاریو کیخلاف مداحوں کے منفرد احتجاج نے سوشل میڈیا کو دو گروپوں میں تقسیم کردیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ہفتے کی رات لالیگا میں پیش آنے والا واقعہ فٹبال دنیا کی توجہ کا مرکز بن گیا، ریئل ویلا ڈولڈ کے مداحوں نے اپنے ہی کلب کے صدر رونالڈو نازاریو کے خلاف انتہائی منظم اور ڈرامائی احتجاج ریکارڈ کروایا۔ میچ کے 12 ویں منٹ میں ہزاروں مداحوں نے اسٹیڈیم کے اندر 500 یورو کے تقریباً 60 ہزار سے زائد جعلی نوٹ میدان پر پھینکے، ان جعلی نوٹوں پر رونالڈو کی تصویر نمایاں تھی۔ واقعہ کے بعد میچ کو کچھ دیر کیلئے روک دیا گیا

پاکستانی ٹیم میں کم بیک میرا ہدف ہے، حسن علی

لاہور (سپورٹس رپورٹر) کراچی کنگز کے فاسٹ بولر حسن علی نے کہا ہے کہ پاکستانی ٹیم میں کم بیک میرا ہدف ہے، لاہور قلندرز اور کراچی کنگز کا بڑی حریف ٹیمیں ہونا اچھی چیز ہے، بڑے شہروں کی دو بڑی ٹیمیں سخت حریف ٹیمیں ہوں گی تو فینز کی دلچسپی بڑے گی اور فینز آئیں گے ہر کوئی اچھا کھیلنے کی کوشش کرتا ہے، جیت اسی کی ہوتی ہے جو اچھا کھیلتا ہے۔ لاہور میں گفتگو کرتے ہوئے فاسٹ بولر حسن علی نے کہا کہ میرا ٹارگٹ یہی تھا کہ ری ہیب سے واپسی کے بعد پرفارم کرنا ہے تاکہ سلیکٹرز کی نظر مجھ پر پڑے۔ پی ایس ایل سے پہلے نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ میں بھی سب سے زیادہ وکٹیں حاصل کیں۔

محمد عامر آج کا میچ کیوں نہیں کھیلے؟ وجہ سامنے آگئی



لاہور (این این آئی) پی ایس ایل 10 میں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے فاسٹ بولر محمد عامر کی آج اسلام آباد یونائیٹڈ کے خلاف میچ نہ کھیلنے کی وجہ سامنے آگئی۔ فاسٹ بولر محمد عامر گزشتہ دو میچز میں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کی جانب سے نہیں کھیلے، جس پر ٹیم کے سوشل میڈیا پر وجہ بتائی گئی ہے۔ کوئٹہ کے سوشل میڈیا پیج پر بتایا گیا ہے کہ محمد عامر بخار کی وجہ سے ٹیم کو دستیاب نہیں، وہ سو فیصد فٹ نہیں ہے جبکہ کوشل مینڈس بھی بخار میں مبتلا ہیں اس وجہ سے وہ بھی آج ٹیم کو دستیاب نہیں تھے۔ کوئٹہ کے سوشل میڈیا پیج پر بتایا گیا ہے کہ محمد عامر بخار کی وجہ سے ٹیم کو دستیاب نہیں، وہ سو فیصد فٹ نہیں ہے جبکہ کوشل مینڈس بھی بخار میں مبتلا ہیں

پاکستان پیڈل رینکنگ کپ کی آرگنائزنگ کمیٹی کا اجلاس 7 مئی کو ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیڈل فیڈریشن کے صدر محمد متین کی زیر صدارت پاکستان پیڈل رینکنگ کپ کی آرگنائزنگ کمیٹی کا اجلاس 7 مئی کو کراچی میں ہوگا۔ پاکستان پیڈل فیڈریشن کی سیکرٹری جنرل قرت العین نے بتایا کہ اجلاس میں پاکستان پیڈل فیڈریشن کے زیر اہتمام پاکستان پیڈل رینکنگ کپ جو کہ 30 مئی سے یکم جون تک کراچی میں منعقد ہوگی کے انتظامات کے حوالے سے بات چیت ہوگی

انضمام الحق کا بابر اعظم کو اسٹرائیک ریٹ بہتر کرنے کا مشورہ

لاہور (این این آئی) پی ایس ایل میں پشاور زلمی کے ڈائریکٹر انضمام الحق نے کپتان بابر اعظم کو اسٹرائیک ریٹ بہتر کرنے کا مشورہ دے دیا۔ پشاور زلمی کے ڈائریکٹر انضمام الحق کا کہنا ہے کہ اگر بابر اعظم اسٹرائیک ریٹ بہتر کرے گا تو پاکستان ٹیم کو ہی فائدہ ہوگا، ٹی 20 تیز کرکٹ ہے آپ کو چانس لینا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بابر اعظم نے خود ہی ون ڈاؤن پوزیشن پر کھیلنے کا فیصلہ کیا ہے۔ انضمام الحق نے کہا کہ پی ایس ایل 10 کے شروع کے میچوں میں بہتر کھیلتے تو آج اس پوزیشن میں نہ ہوتے۔ ان کا کہنا تھا کہ بابر اعظم چاہتے تھے کہ مچل اوون اوپنر کھیلیں اور پاور ہٹنگ کریں، بابر نے ضرورت کے مطابق اپنی اننگز کھیلی۔

قومی یوتھ کبڈی ٹیم کے چناؤ کے سلسلہ میں دوروزہ اوپن ایشین سٹائل ٹرائلز 8 مئی سے شروع ہونگے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کبڈی فیڈریشن کے زیر اہتمام قومی یوتھ کبڈی ٹیم کے چناؤ کے سلسلہ میں دوروزہ اوپن ایشین سٹائل ٹرائلز 8 مئی صبح نو بجے سے پاکستان سپورٹس کمپلیکس، اسلام آباد میں شروع ہونگے۔ گزشتہ روز پاکستان کبڈی فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل محمد سرور رانا نے بتایا کہ منتخب ٹیم بحرین میں کھیلی جانے والی تیسری ایشین یوتھ گیمز میں شرکت کرے گی اور قومی یوتھ ٹیم کے چناؤ کے سلسلہ میں ٹرائلز میں 14 سے 18 سال تک کی عمر اور 70 کلوگرام سے کم وزنی کھلاڑی حصہ لینے کے مجاز ہونگے۔

ایک لڑکے کو موقع دیں تو ہوسکتا ہے وہ بھی اپنا نام بنالے، احمد شہزاد



کراچی (این این آئی) قومی کرکٹر احمد شہزاد کا کہنا ہے کہ کوئٹہ گلیڈی ایٹرز ایک کھلاڑی کو موقع دے تو ہوسکتا ہے وہ بھی اپنا نام بنالے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے احمد شہزاد نے کہا کہ کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کی کامیابی میں 80 فیصد بولنگ کا کمال ہے جو چھوٹے ٹارگٹ دینے پر بھی مخالف ٹیم پر حاوی ہے۔ انہوں نے کہا کہ محمد عامر تجربے کے مطابق شاندار بولنگ کررہے ہیں، دوسرے فاسٹ بولرز سے گفتگو کرتے ہیں اور ان کو سمجھاتے ہیں۔ احمد شہزاد نے کہا کہ کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کی بیٹنگ پر بولنگ کی وجہ سے پریشر نہیں رہا، اب دیکھنا یہ ہے کہ بڑا ہدف ہوگا تو ان کی بیٹنگ چل پائے گی یا نہیں۔

عمر اکمل کو نہیں کھلانا، کس کا فون آتا تھا؟



کراچی (نیٹ نیوز) قومی کرکٹر عمر اکمل نے دعویٰ کیا ہے کہ انھیں پاکستان ٹیم میں نہ کھلانے کیلئے فون کالز آتی تھی اور بیٹر کو کھلانے کیلئے منع کیا جاتا تھا۔ نجی چینل پر گفتگو کرتے ہوئے عمر اکمل نے بتایا کہ ایک کپتان تھا رضا علی ڈار، میں آپ کو اسکا نمبر بھی دے سکتا ہوں اور آپ خود کال کر کے تصدیق کر سکتے ہیں، انہیں کرکٹ بورڈ سے اوپر سے کال آتی تھی کہ عمر اکمل کو نہیں کھلانا ہے۔ عمر اکمل نے بتایا کہ تاہم اس کپتان نے میرے لیے اسٹینڈ لیا کہ میں اسے کیسے نہ کھلاؤں، عمر اکمل جیسا بیٹر میں کیسے باہر بٹھاؤں۔ سابق وکٹ کیپر کامران اکمل کے بھائی عمر نے زور دیتے ہوئے کہا کہ اگر میں ابھی نام لینا شروع کردوں تو آپ کہیں گی کہ عمر بھائی بس کردیں

ورلڈ سنوکر چیمپئن شپ میچ میں چینی کھلاڑی مارک ولیمز ٹرافی وصول کررہے ہیں

جنوبی افریقہ کے فاسٹ بولر لگیسو رباڈا کے ڈوپ ٹیسٹ کی رپورٹ آگئی

کیپ ٹاؤن (آئی این پی) جنوبی افریقہ کے فاسٹ بولر لگیسو رباڈا کے ڈوپ ٹیسٹ کی رپورٹ آگئی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق جنوبی افریقی فاسٹ بولر کا ڈوپ ٹیسٹ مثبت آیا ہے، جس کے بعد اگلے ماہ آسٹریلیا کے خلاف ٹیسٹ چیمپئن شپ کے فائنل میں لگیسو رباڈا کی شرکت خطرے میں پڑ گئی ہے۔ لگیسو رباڈا نے ڈوپ ٹیسٹ مثبت آنے کا اعتراف کرلیا، انہوں نے کہا کہ میرے اقدام سے مداحوں کو مایوسی ہوئی

حسن نواز نے آخری اوور میں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کو میچ جتوایا، ویڈیو وائرل ہوگئی

لاہور (این این آئی) کوئٹہ گلیڈی ایٹر کے نوجوان بیٹر حسن نواز نے آخری اوور میں اعصاب قابو میں رکھتے ہوئے دو چھکے لگائے اور اپنی ٹیم کو میچ جتوادیا۔ اسلام آباد اور کوئٹہ گلیڈی ایٹر کے درمیان ہونے والا مقابلہ اب تک پاکستان سپر لیگ کا سب سے سنسنی خیز مقابلہ ثابت ہوا، کوئٹہ کی ٹیم کو آخری اوور میں 15 رنز درکار تھے اور اس کی دو وکٹیں باقی تھیں، ایسے میں حسن نواز نے ذمہ داری نبھاتے ہوئے اسلام آباد کے بیٹرز کو پنجوں سے جیت چھین لی۔ آخری اوور میں کوئٹہ کے بیٹر حسن نواز پر قسمت خاصی مہربان رہی اور اسلام آباد کے فیلڈرز نے گھبراہٹ میں ان کے تین کیچز چھوڑے

پہلی سپر لیگ ویمن تھروبال کی تیاریوں کے سلسلے میں آرگنائزنگ کمیٹی کا اجلاس

کراچی (یو این پی) پہلی سپر لیگ ویمن تھروبال کی تیاریوں کے سلسلے میں آرگنائزنگ کمیٹی کا اجلاس گزشتہ روز کراچی میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت چیئرمین آرگنائزنگ کمیٹی مقبول آرائیں نے کی۔ اجلاس میں لیگ کے انتظامات کا جائزہ لیا گیا ہے۔ پاکستان تھروبال فیڈریشن کے زیر اہتمام پہلی سپر لیگ ویمن تھروبال 9 مئی سے کراچی میں شروع ہوگی۔ لیگ میں ملک بھر سے ٹیمیں حصہ لیں گی۔ اپنی ٹیموں کی رجسٹریشن 7 مئی تک کرواسکتے ہیں

پی ایس ایل میچ میں شہدائے پولیس کے اہل خانہ خاص مہمان

پروٹوکول میں لایا گیا، شہدائے پولیس کے اہلخانہ و دیگر مہمانوں کو خصوصی نشستوں پر بٹھایا گیا

لاہور (این این آئی) ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ سیزن 10 کا میچ دکھانے کیلئے شہدائے پولیس کے خاندانوں کو خصوصی طور پر مدعو کیا گیا۔ شہدائے پولیس کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کی خصوصی ہدایت پر شہداء کے اہل خانہ کو قذافی اسٹیڈیم میں پی ایس ایل میچ دکھایا گیا۔ قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلے جانے والے اسلام آباد یونائیٹڈ اور کوئٹہ گلیڈیٹر کے درمیان کھیلے جانے والا میچ دکھانے کیلئے شہدائے پولیس کے خاندانوں کو سرکاری پروٹوکول میں لایا گیا۔ شہدائے پولیس کے اہلخانہ و دیگر مہمانوں کو خصوصی نشستوں پر بٹھایا گیا، ڈی آئی جی آپریشنز لاہور فیصل کامران شہداء کے بچوں میں گھل مل گئے۔ اس کے علاوہ والٹنیئر ز آف پولیس میں شامل طلبا و طالبات بھی قذافی اسٹیڈیم پہنچ گئے، ڈولفن فورس میں بہترین کارکردگی دکھانے والی ٹیموں کے خاندان بھی خصوصی دعوت پر شریک ہیں۔



سپین، ٹور ڈی سائیکلنگ چیمپئن شپ میں رائیڈر اپنی منزل کی جانب گامزن ہیں

آئی سی سی ویمنز ٹی 20 ٹیموں کی رینکنگ جاری، آسٹریلیا ٹاپ پر

انگلینڈ دوسری، بھارت تیسری اور نیوزی لینڈ کی ٹیم چوتھی پوزیشن، پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم کا 8 نمبر

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے ویمنز ٹی 20 ٹیموں کی سالانہ رینکنگ جاری کردی۔ آئی سی سی کی نئی رینکنگ میں آسٹریلوی ویمنز ٹیم 299 پوائنٹس کیساتھ ٹاپ پوزیشن پر موجود ہے، انگلینڈ دوسری، بھارت تیسری اور نیوزی لینڈ کی ٹیم چوتھی پوزیشن پر براجمان ہے۔ آئی سی سی کی نئی رینکنگ میں پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم آٹھویں، آئرلینڈ نویں اور بنگلادیشی ٹیم 10 ویں نمبر پر چلی گئی ہے۔ متحدہ عرب امارات ویمنز ٹیم کو امریکا کی جگہ 2025-29 کے سائیکل کیلئے ایک روزہ کرکٹ کا اسٹیٹس دے دیا گیا ہے، 16 ٹیموں پر مشتمل 4 سالہ آئی سی سی سائیکل کا آغاز 12 مئی سے ہوگا۔ آئی سی سی کی نئی رینکنگ میں پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم آٹھویں، آئرلینڈ نویں اور بنگلادیشی ٹیم 10 ویں نمبر پر چلی گئی ہے 2025-29 کے سائیکل کیلئے ایک روزہ کرکٹ کا اسٹیٹس دے دیا گیا ہے

NATIONAL/INTERNATIONAL
نیشنل/انٹرنیشنل



امریکی اسٹیلتھ ریڈار زاب خفیہ نہیں رہے، چین کی سستی ٹیکنالوجی کے آگے ناکام ہوگئے

پاکستان کی جانب سے رافیل کا سراغ لگانے کے لیے بھی کچھ اسی طرح کا کام ہوا تھا، غیر ملکی میڈیا

بیجنگ (پی ایم این) چین کے دفاعی ماہرین نے دعویٰ کیا ہے کہ انہوں نے ایسے کمرشل آلات کو کامیابی سے تیار کیا ہے جو امریکی اسٹیلتھ ریڈارز کو غلطی کے صرف 10 سے 13.5 ملی میٹر کے مارجن کے ساتھ ٹریک کر سکتے ہیں، چاہے وہ ریڈارز الیکٹرانک جامنگ (رکاوٹ) کے ماحول میں ہی کیوں نہ ہوں۔ غیر ملکی ٹی وی کے مطابق یہ انکشاف چین کے معروف 38 ویں ریسرچ انسٹیٹیوٹ، جو کہ چین الیکٹرانکس ٹیکنالوجی گروپ کارپوریشن (CETC) کا حصہ ہے، کی شائع کردہ تحقیقی رپورٹ میں کیا گیا۔ تحقیق کے مطابق، امریکی B-2 بمبار، F-22 اور F-35 جیسے اسٹیلتھ طیاروں، نیوکلیئر آبدوزوں اور خفیہ ڈرونز میں نصب خفیہ ریڈارز جیسے LPIR (Low-Probability-of-Intercept (Radar) کو عام کمرشل اسپیکٹرم اینالائزرز کی مدد سے نہ صرف پہچانا جاسکتا ہے بلکہ ان کی پوزیشن بھی چند سینٹی میٹر کی حد میں معلوم کی جاسکتی ہے۔ واضح رہے کہ حالیہ دنوں میں پاکستان کی جانب سے رافیل کا سراغ لگانے کے لیے بھی کچھ اسی طرح کی ٹیکنالوجی کا استعمال ہوا تھا۔ تحقیق میں عام طور پر ٹیلی کام کمپنیوں کے لیے تیار کی جانے والی ڈیوائس TFN RMT744A کا استعمال کیا گیا، مگر اس کی کارکردگی نے اسے فوجی معیار کے برابر ثابت کر دیا۔ یہ آلہ فعال سگنل خارج نہیں کرتا بلکہ صرف سنتا ہے، اور 5kHz سے 44GHz کی رینج میں کام کرتے ہوئے LPIR جیسے کمزور اور خلل سے بھرے سگنلز کو 100 فیصد درستگی سے شناخت کرسکتا ہے۔ چینی ماہرین نے دعویٰ کیا ہے کہ انہوں نے ایک اے آئی الگورتھمک تکنیک، جسے Enhanced Cuckoo Search کہا جاتا ہے، کے ذریعے LPIR ریڈارز کے پیچیدہ انکرپشن کو توڑنے میں کامیابی حاصل کی۔ یہ تکنیک پرندے کوکو کی بے ترتیب پرواز سے متاثر ہے اور جدید دھات سازی کے اصولوں سے مدد لیتی ہے تاکہ پیچیدہ سگنلز کے تجزیے میں غلط فہمی نہ ہو۔ تجربہ ایک کھلے اور جنگی ماحول کی مشابہت رکھنے والے مقام پر کیا گیا جہاں امریکی ساختہ جنگی ریڈار ماڈلز AN/TPS-43 اور AN/TPS-74 استعمال کیے گئے۔ اگرچہ یہ واضح نہیں کہ اصل امریکی ریڈار استعمال ہوئے یا ان کی نقل تیار کی گئی، مگر نتائج حیران کن تھے۔ چینی سائنس دانوں کا کہنا ہے کہ یہ کامیابی فوجی جاسوسی، میزائل رہنمائی، سمندری نگرانی اور خلائی سیٹلائٹ کنٹرول جیسے شعبوں میں غیر معمولی اہمیت رکھتی ہے۔



نیدرلینڈز میں پاکستان کے سفیر سید حیدر شاہ یکم مئی 2025 کو ہیگ میں عالمی عدالت انصاف میں خطاب کرتے ہوئے) یو این ویب ٹی وی(

پاکستانی لڑکی سے شادی کرنے والا بھارتی فوجی نوکری سے فارغ

میں نے ہر قدم قانون کے مطابق اٹھایا، انصاف کے لیے عدالت جاؤں گا، پولیس افسر

نئی دہلی (پی ایم این) بھارت میں سینٹرل ریزرو پولیس فورس نے جموں کے رہائشی جوان فوجی افسر کو پاکستانی خاتون سے شادی کرنے اور مبینہ طور پر شادی چھپانے پر نوکری سے برطرف کر دیا۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق مقبوضہ کشمیر میں تعینات خصوصی پولیس فورس کے اہلکار منیر احمد کو پاکستانی خاتون منال خان سے شادی چھپانے کے الزام میں ملازمت سے فارغ کر دیا۔ فوجی افسر منیر احمد نے الزامات کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ انہوں نے سی آر پی ایف میڈیا رپورٹس کے ذریعے اپنی برطرفی کا پتہ چلا۔ مجھے فوری طور پر سی آر پی ایف کی جانب سے برطرفی کے بارے میں مطلع کرنے والا ایک خط موصول ہوا جس سے مجھے اور میرے خاندان کو صدمہ پہنچا کیونکہ میں نے ہیڈ کوارٹر سے ایک پاکستانی خاتون سے اپنی شادی کی اجازت طلب کی تھی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق پاکستانی خاتون مینال خان، جن کا ویزا 22 مارچ کو ختم ہوا، کی ملک بدری پر فی الحال ہائی کورٹ نے روک لگا دی ہے، کیونکہ جوڑے نے طویل مدتی ویزے کی درخواست دے رکھی ہے۔ رپورٹ کے مطابق منیر کا کہنا تھا کہ انہیں میڈیا سے برطرفی کا پتہ چلا اور وہ جلد ہی قانونی چارہ جوئی کریں گے۔

آپریشن روسی بندرگاہی شہر نوروسیسک کے قریب سمندری علاقے میں کیا گیا، رپورٹ

کیف (پی ایم این) یوکرین کی جانب سے روس کے جنگی طیارے کو مار گرانے کا دعویٰ کیا گیا ہے۔ یوکرین کا کہنا ہے کہ یہ دنیا میں سمندری ڈرون سے جنگی طیارے کو گرانے کا پہلا واقعہ ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق یوکرینی فوجی انٹیلی جنس ایجنسی جی یو آر نے گزشتہ روز بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ اس نے ایک روسی Su-30 جنگی طیارے کو سمندری ڈرون سے داغے گئے میزائل کے ذریعے تباہ کر دیا ہے، جو اس کے مطابق دنیا میں پہلی بار کسی بحری ڈرون کے ذریعے جنگی طیارے کو نشانہ بنانے کا واقعہ ہے۔ حکام کا کہنا تھا کہ یہ آپریشن روسی بندرگاہی شہر نوروسیسک سے تقریباً 50 کلومیٹر مغرب میں واقع سمندری علاقے میں کیا گیا۔ انٹیلی جنس ایجنسی نے سوشل میڈیا پر جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ یہ آپریشن روسی بندرگاہی شہر نوروسیسک سے تقریباً 50 کلومیٹر مغرب میں کیا گیا۔ روسی وزارتِ دفاع نے یوکرین کے حملہ کرنے کے دعوے پر کوئی تبصرہ نہیں کیا تاہم وزارت دفاع امور سے آگاہ ایک روسی بلاگر نے اس دعوے کی تصدیق کی ہے۔ دوسری جانب روس کے مقامی حکام نے بتایا کہ یوکرینی ڈرون حملے کے نتیجے میں ایک اناج ٹرمینل اور متعدد رہائشی عمارتیں متاثر ہوئیں۔

لائیو پروگرام میں مودی اور بھارتی میڈیا کا لاشوں پر ووٹ لینے کا کھیل بے نقاب

نئی دہلی (پی ایم این) ہلاک بھارتی فوجیوں کی لاشوں پر ووٹ لینے کا مودی کا کھیل بے نقاب ہوگیا۔ بھارتی ٹی وی پروگرام میں کانگریس رہنما کی جانب سے مودی کی تقریر کا ویڈیو کلپ چلا کر مودی اور بھارتی میڈیا کے منہ پر طمانچہ رسید کر دیا گیا۔ بی جے پی کی آلہ کار پروگرام اینکر مودی کا دفاع کرتی رہی مگر نا کام رہی، کانگریسی رہنما کی جانب سے ویڈیو چلاتے ہی اینکر پرسن کو سانپ سونگھ گیا۔ ویڈیو میں مودی کی جانب سے پلوامہ کے شہدا کو ہتھیار بنا کر ووٹ کی اپیل کرتے سنا گیا جس سے مودی کا گھناؤنا چہرہ بھارت سمیت دنیا کے سامنے بے نقاب ہوگیا۔ سیاسی ماہرین کا کہنا تھا کہ مودی سرکار کا اپنے ہلاک فوجی جوانوں کے نام پر سیاست کا گندا کھیل منظر عام پر آچکا ہے، مودی بھارتی قوم کے جذبات بھڑکا کر سیاست کا دھندہ کرتا ہے۔ سیاسی تجزیہ کار نے کہا کہ ٹاک شو میں موجود اینکر اور وزرا کے چہروں پر سوالیہ نشان دیکھنے لائق تھے۔ کانگریسی رہنما کی جانب سے ویڈیو چلاتے ہی مودی کا دفاع کرتی اینکر پرسن کو سانپ سونگھ گیا مودی سرکار کا اپنے ہلاک فوجی جوانوں کے نام پر سیاست کا گندا کھیل منظر عام پر آچکا ہے،



بارسلونا: کاتالونیا کی CCOO اور UGT یونینوں نے 2025 تک کام کے ہفتے کو 37.5 گھنٹے تک کم کرنے اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی پالیسیوں کو مسترد کرنے کے معاہدے پر عمل درآمد کا مطالبہ کرنے کے لیے ایک مظاہرہ کر رہے ہیں

بنگلہ دیش، خواتین کو مساوی وراثتی حقوق کیخلاف حکومت مخالف مظاہرے پھوٹ پڑے

ڈھاکا میں حفیظتِ اسلام کے زیر اہتمام بڑا مظاہرہ اسلامی قوانین کے خلاف سازش ناقابل قبول ہے، مامون الرحمٰن حق

ڈھاکہ (پی ایم این) بنگلہ دیش کے دارالحکومت ڈھاکا میں ہزاروں افراد نے اسلامی تنظیم حفیظتِ اسلام کے زیر اہتمام ایک بڑے احتجاجی مظاہرے میں شرکت کی، جس میں مسلم خواتین کو مساوی وراثتی حقوق دینے کے حکومتی منصوبے کی شدید مخالفت کی گئی۔ مظاہرین نے اسے اسلامی شریعت کے خلاف سازش قرار دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ڈھاکا یونیورسٹی کے قریب جمع ہونے والے تقریباً بیس ہزار مظاہرین نے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر درج تھا: ہماری خواتین پر مغربی قوانین مسلط نہ کرو جاگو بنگلہ دیش! تنظیم کے رہنما مولانا مامون الرحمٰن حق نے مطالبہ کیا کہ اصلاحات کی سفارشات پیش کرنے والے عبوری حکومت کے کمیشن کو تحلیل کیا جائے اور اس کے ذمہ داروں کو سزا دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ اسلامی وراثتی قوانین کو عدم مساوات کی بنیاد قرار دے کر عوام کی مذہبی اقدار کو شدید ٹھیس پہنچائی گئی ہے۔ یہ اس ملک کی اکثریتی مسلم آبادی کے جذبات کے خلاف ہے۔ حفیظتِ اسلام نے اعلان کیا۔

دبئی، سری لنکا کے راستے بھارت پہنچنے والی پاکستانی اشیا پر بھی پابندی کی تیاری

بھارت اب بھی پاکستان سے تانبا، خشک میوہ جات، نمک درآمد کر رہا ہے، بھارتی ہائی کمیشن

نئی دہلی (پی ایم این) ایک طرف بھارت نے پاکستان کے ساتھ تجارتی تعلقات منقطع کرنے کا واویلا مچایا ہوا ہے، تو دوسری جانب خود بھارتی ادارے اعتراف کر رہے ہیں کہ تقریباً 50 کروڑ ڈالر مالیت کی پاکستانی اشیا خفیہ طور پر متحدہ عرب امارات، انڈونیشیا، سنگاپور اور سری لنکا جیسے ملکوں کے ذریعے بھارت میں داخل ہو رہی ہیں۔ بھارتی خبر رساں ایجنسی کی ایک رپورٹ میں ایک اعلیٰ بھارتی عہدیدار کے حوالے سے انکشاف کیا گیا ہے کہ پاکستان سے آنے والی اشیا، جن میں خشک میوہ جات، کیمیکل، چمڑا، ٹیکسٹائل اور سیمنٹ شامل ہیں، ان ممالک کے ذریعے بھارت پہنچ رہی ہیں۔ رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا کہ متحدہ عرب امارات میں پاکستانی اشیا کو ری لیبل اور ری پیک کیا جاتا ہے، جس کے بعد انہیں بھارتی مارکیٹ میں تیسری ملک کی مصنوعات کے طور پر پیش کیا جاتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق سنگاپور کے راستے کیمیکل بھارت میں داخل کیے جا رہے ہیں، جبکہ انڈونیشیا کے ذریعے پاکستانی سیمنٹ اور ٹیکسٹائل رامٹیریل بھارتی صنعتوں تک پہنچ رہا ہے۔ بھارتی عہدیدار نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ اب پاکستانی اشیا پر براہ راست ہی نہیں بلکہ بالواسطہ (indirect) تجارت پر بھی مکمل پابندی عائد کی جائے۔ اس جامع پابندی کے ذریعے بھارت کا مقصد یہ ہے کہ پاکستانی مال کو دوسرے ملکوں کے لیبل میں بھی داخل ہونے سے روکا جاسکے۔

شمالی غزہ کی پٹی میں فلسطینی پناہ گزینوں کے جبالیہ کیمپ میں اسرائیلی حملوں کے نتیجے میں تباہ شدہ عمارتوں کے سامنے کھڑے صحافی) عمر القطا / اے ایف پی(

ایک شخص دو مئی 2025 کو وسطی غزہ میں فلسطینی پناہ گزینوں کے لیے بورج بیچ کیمپ میں اسرائیلی حملے کی زد میں آنے والی عمارت کے اندر کنکریٹ کے بلاکس لے جا رہا ہے۔) ایاد بابا / اے ایف پی(

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ہنگامی پریس کانفرنس

انکم ٹیکس آرڈیننس میں متنازعہ ٹیکس ترامیم یکسر مسترد، فوری واپسی کا مطالبہ



لاہور (کامرس رپورٹر) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 اور فیڈرل ایکسائز ایکٹ 2005 میں کی گئی متنازعہ ترامیم کو یکسر مسترد کرتے ہوئے حکومت سے ان کی فوری واپسی اور سٹیک ہولڈرز سے مشاورت کا مطالبہ کیا ہے۔ لاہور چیمبر میں ہنگامی پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے صدر میاں ابوذر شاد نے کہا کہ ان ترامیم کا نفاذ 2 مئی 2025 سے بغیر کسی مشاورت کے کر دیا گیا ہے جس پر کاروباری برادری کو شدید تحفظات ہیں۔ سینئر نائب صدر انجینئر خالد عثمان، نائب صدر شاہد نذیر چودھری، سابق صدر میاں انجم نثار اور ایگزیکٹو کمیٹی کے ارکان نے بھی ہنگامی پریس کانفرنس سے خطاب کیا۔ صدر لاہور چیمبر میاں ابوذر شاد نے کہا کہ یہ ترامیم نہ صرف کاروبار دشمن ہیں بلکہ خطرناک بھی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان ترامیم کے ذریعے ایف بی آر کو تلوار تھما دی گئی ہے جو قانونی تحمل، آئینی حقوق اور انصاف کے اصولوں کی صریح خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی سیکشن 138 (3A) کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ اس کے مطابق اگر بائیکورٹ یا سپریم کورٹ کسی ٹیکس معاملے میں فیصلہ دے دے تو ٹیکس فوری طور پر واجب الادا ہو جائے گا، چاہے دیگر عدالتوں یا فورمز میں اپیل زیر سماعت ہو۔ انہوں نے کہا کہ اس شق کے ذریعے کاروباری برادری کا آئینی حق برائے اپیل سلب کیا جا رہا ہے۔ مزید برآں، انہوں نے سیکشن 140 (6A) کی نشاندہی کی، جو ایف بی آر کو کسی نوٹس یا صفائی کا موقع دیے بغیر بینک اکاؤنٹس منجمد کر کے رقوم وصول کرنے کا اختیار دیتا ہے۔ میاں ابوذر شاد نے کہا کہ اس اقدام سے کاروباری اعتماد کو شدید دھچکا لگے گا اور مالیاتی نظام عدم استحکام کا شکار ہو سکتا ہے۔

موجودہ ملکی صورتحال میں محکمہ شہری دفاع کا کردار مزید اہم ہو گیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم۔ موجودہ ملکی صورتحال میں محکمہ شہری دفاع کا کردار مزید اہم ہو گیا ہے۔ نوجوانوں کو تنظیم شہری دفاع کا حصہ بننے اور تربیت کے لیے کیمپس لگائے جائیں گے یہ بات چیف وارڈن سول ڈیفنس جہلم چوہدری بلال عارف نے محکمہ کے افسران اور اہلکاروں کے ہمراہ اجلاس میں کہی۔ اس موقع پر ایڈیشنل چیف وارڈن سعید احمد، سول ڈیفنس آفیسر محمد بوٹا بھی موجود تھے۔ اس حوالے سے محکمہ شہری دفاع کے دفتر میں موجود ملکی صورتحال پر میٹنگ کا انعقاد کیا۔ میٹنگ میں کثیر تعداد میں سول ڈیفنس کے افسران اور وارڈن نے شرکت کی اجلاس کا مقصد موجودگی ملکی صورتحال پر شہریوں کے دفاع کو یقینی بنانے اور پاکستانی مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑے ہونے کے عزم کا اظہار تھا۔ اس ضمن میں چیف وارڈن چوہدری بلال عارف نے کہا کہ ضلع جہلم کے نوجوانوں خصوصاً طلبا و طالبات کو محکمہ سول ڈیفنس کا حصہ بنانے اور ان کو بنیادی تربیت کی فراہمی کے لیے سکولوں کالجوں اور اہم شاہراہوں پر محکمہ سول ڈیفنس کے کیمپ لگائے جائیں گے اور شہریوں کی محکمہ سول ڈیفنس میں شمولیت کے لیے رجسٹریشن کی جائے گی۔

بجلی چوری کے خلاف دوٹوک مؤقف ''بجلی چوری قومی جرم ہے: ایکسین ثاقب سلیمان

واپڈا کی ٹیمیں دن رات محنت کر رہی ہیں تاکہ لائن لاسز کو کم کیا جا سکے اور بجلی کی منصفانہ تقسیم ممکن بنائی جا سکے



میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) ایکسین واپڈا ثاقب سلیمان کا بجلی چوری کے خلاف دوٹوک مؤقف ''بجلی چوری قومی جرم ہے، کسی کو معافی نہیں ملے گی'' تفصیلات کے مطابق ایکسئین واپڈا میاں چنوں انجینئر ثاقب سلیمان نے میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ بجلی چوری ایک قومی جرم ہے، جو نہ صرف معیشت کو نقصان پہنچاتا ہے بلکہ ایماندار صارفین کے ساتھ ناانصافی کے مترادف ہے، انہوں نے واضح الفاظ میں کہا کہ ایسے افراد جو بجلی چوری میں ملوث پائے جائیں گے انہیں کسی صورت معاف نہیں کیا جائے گا، چاہے ان کا تعلق کسی بھی طبقے یا اثر و رسوخ والے حلقے سے ہو، انہوں نے مزید کہا کہ بلوں کی بروقت ادائیگی ہر شہری کی قومی ذمہ داری ہے، اور جو افراد وقت پر اپنے بل ادا کرتے ہیں وہ دراصل ایک مہذب، قانون پسند اور ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیتے ہیں، انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ بجلی چوروں کی نشاندہی کریں تاکہ ایسے عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جا سکے اور نظام کو شفاف بنایا جا سکے۔ ثاقب سلیمان نے کہا کہ واپڈا کی ٹیمیں دن رات محنت کر رہی ہیں تاکہ لائن لاسز کو کم کیا جا سکے اور بجلی کی منصفانہ تقسیم ممکن بنائی جا سکے، اس مہم میں عوام کا تعاون نہایت ضروری ہے، کیونکہ یہ صرف محکمہ نہیں بلکہ قومی سطح کا مسئلہ ہے، انہوں نے میڈیا کے کردار کو بھی سراہا اور کہا کہ میڈیا کو چاہیے کہ وہ عوام میں شعور بیدار کرے اور بجلی چوری کے خلاف اس قومی مہم کو تقویت دے۔

خواتین کی صحت موجودہ دور کی اولین ترجیح ہونی چاہیے: حس خالد

عمری کی شادی، خواتین میں تعلیم کی کمی، غربت سمیت دیگر سماجی رسومات صحت کی بہتری میں رکاوٹ پیدا کر رہے ہیں

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم خواتین کی صحت موجودہ دور کی اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ کم عمری کی شادی، خواتین میں تعلیم کی کمی، غربت سمیت دیگر سماجی رسومات صحت کی بہتری میں رکاوٹ پیدا کر رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار ڈسٹرکٹ آفیسر محکمہ صحت و آبادی فلائٹ لیفٹیننٹ (حسن خالد نے محکمہ صحت و آبادی جہلم اور پاپولیشن ویلفیئر ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ لاہور کے زیر انتظام) تنظیم آبادی برائے مساوی مستقبل (کے عنوان سے منعقدہ سیمینار میں کیا۔ اس موقع پر لاہور سے تشریف لائی سینئر انسٹرکٹر محترمہ عمیر امنیر نے ضلع جہلم بالخصوص اور ملک پاکستان کے آبادی اور اس کے بڑھنے کے منفی اثرات جس کی وجہ سے خواتین میں بڑھتے ہوئے صحت کے مسائل اور وسائل کے دن بدن کم ہونے کے اثرات کا تفصیل سے جائزہ لیا اور حاضرین کو اعداد و شمار سے آگاہ کیا۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ آفیسر محکمہ آبادی و بہبود فلائٹ لیفٹیننٹ (حسن خالد نے کہا گھر سے باہر کام کرنے والی خواتین اور بچیوں کو خصوصی عزت و احترام اور عزت نفس کا احساس دینا ہم سب کی معاشرتی ذمہ داری ہے۔ سیمینار میں ضلع بھر کے سماجی کارکنان، علماء کرام، امام مساجد اور خواتین مذہبی عالمات کے علاوہ صحافیوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

جہلم سرکاری نرخنامے پر اشیاء کی فروخت خواب بن گئی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم سرکاری نرخنامے پر اشیاء کی فروخت خواب بن گئی پرائس کنٹرول مجسٹریٹس سرکاری ریٹ لسٹ پر اشیاء خورونوش سمیت اشیاء ضروریہ فروخت کرانے میں بری طرح ناکام یہ امر قابل ذکر ہے کہ ڈپٹی کمشنر کی جانب سے روزانہ کی بنیاد پر اشیاء خورونوش کی ریٹ لسٹ جاری کی جاتی ہے جس پر مکمل درآمد کیلئے باقاعدہ طور پر پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی صورت میں اتھارٹیز بھی موجود ہیں لیکن پرائس کنٹرول مجسٹریٹس سرکاری نرخ نامے کے مطابق کھانے پینے کی اشیاء کی فروخت کو ممکن بنانے میں ناکام دکھائی دے رہی ہیں شہر سمیت ضلع بھر میں دوکانداروں نے اپنا ہی چینی سمیت دیگر روزمرہ کے استعمال کی اشیاء کی اپنی مرضی کی قیمتیں مقرر کر رکھی ہیں اس حوالے سے دکانداروں کا کہنا ہے کہ ہمارے اوپر جو گراں فروشی کا الزام عائد کیا جاتا ہے وہ سراسر غلط ہے کیونکہ منڈی سے ہمیں چیزیں سرکاری ریٹ لسٹ سے بھی مہنگا مہنگے داموں ملتی ہیں، انتظامیہ گراں فروشی پر قابو پانے کے لئے ہول سیل مارکیٹ اور منڈیوں میں قیمتوں کو کنٹرول کرے تاکہ چھوٹے دکاندار معمولی منافع رکھ کر سرکاری نرخوں پر اشیاء فروخت کر سکیں

ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو کا پارکس کی تزئین وآرائش کا جائزہ لینے کے لئے دورہ

سابق ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری طارق محمود باجوہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل شاہد کھوکھر، اسسٹنٹ کمشنر عطیہ عنائیت سمیت دیگر ضلعی افسران بھی ہمراہ تھے



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے پبلک پارکس کی تزئین وآرائش کا جائزہ لینے کے لیے شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا۔ سابق ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری طارق محمود باجوہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل شاہد کھوکھر، اسسٹنٹ کمشنر عطیہ عنائیت سمیت دیگر ضلعی افسران بھی ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے مختلف پبلک پارکس کی جاری بحالی کے عمل کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ اداروں کے افسران کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ پبلک پارکس میں جاری ترقیاتی کاموں کو جلد از جلد مکمل کیا تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ پبلک پارکس کی باؤنڈری والز کا عمل ترجیحی بنیادوں پر جاری ہے، تمام پبلک پارکس میں نئی گھاس، پودے، بیٹچز اور واکنگ ٹریکس سمیت بچوں کے لیے جھولوں کے خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں۔ ڈی سی ننکانہ نے کہا کہ پبلک پارکس کی بحالی کا عمل 90 فیصد تک مکمل کر چکے ہیں جبکہ دیگر پر کام جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کے لیے پبلک پارکس میں سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔ ڈی سی ننکانہ نے بتایا کہ ضلع کے چار روڈز کو ماڈل روڈز کا درجہ دیا گیا ہے، ماڈل روڈز کے قیام کے بعد شہر کی خوبصورتی میں نمایاں اضافہ دیکھنے کو ملے گا، ضلع کو پھولوں اور پھلوں کا شہر بنایا جا رہا ہے، شہر کی خوبصورتی میں اضافے کے لیے تمام تر دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے تھرا پنجاب مہم کے تحت ضلع بھر میں صفائی ستھرائی کے خصوصی انتظامات کیے جا رہے ہیں۔

سماجی بہبود کا اجلاس ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل کی صدارت میں منعقد ہوا

ڈپٹی کمشنر نے سرکاری ہسپتالوں میں خصوصی افراد کے لئے پہلے سے قائم الگ کاؤنٹر کیعلاوہ پیشنٹل افراد کو علاج معالجہ میں بھی سہولت کی فراہمی کی ہدایت کی



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈسٹرکٹ ویلفیئر اینڈ ری ہیبلیٹیشن یونٹ برائے سماجی بہبود کا اجلاس ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل کی صدارت میں منعقد ہوا۔ ڈپٹی کمشنر نے سرکاری ہسپتالوں میں خصوصی افراد کے لئے پہلے سے قائم الگ کاؤنٹر کیعلاوہ پیشنٹل افراد کو علاج معالجہ میں بھی سہولت کی فراہمی کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ پیشنٹل افراد ہمارے بھرپور توجہ کے مستحق ہیں اور پیشنٹل پرسنز کی فلاح و بہبود تمام محکموں کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کے لیے پبلک پارکس میں سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔ ڈی سی ننکانہ نے بتایا کہ ضلع کے چار روڈز کو ماڈل روڈز کا درجہ دیا گیا ہے، ماڈل روڈز کے قیام کے بعد شہر کی خوبصورتی میں نمایاں اضافہ دیکھنے کو ملے گا، ضلع کو پھولوں اور پھلوں کا شہر بنایا جا رہا ہے، شہر کی خوبصورتی میں اضافے کے لیے تمام تر دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے تھرا پنجاب مہم کے تحت ضلع بھر میں صفائی ستھرائی کے خصوصی انتظامات کیے جا رہے ہیں۔

اسسٹنٹ کمشنر وزیر آباد مراد حسین نیکوکارہ نے مین بازار کا دورہ کیا

وزیر آباد (تحصیل رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنر وزیر آباد مراد حسین نیکوکارہ نے مین بازار کا دورہ کیا۔ اس موقع پر چیف آفیسر بلدیہ عمیر دلدار وڑائچ، داؤ عشرت چیمہ، سینیئر صحافی منظور حسین پھول و دیگر بھی ہمراہ تھے، اسسٹنٹ کمشنر مراد حسین نے وزٹ کے دوران صفائی ستھرائی، ٹریفک کی روانی، تجاوزات اور ریٹ لسٹوں کی جانچ کی قصابوں سے گوشت کے ریٹ، تجاوزات ماڈل بازار میں دھوپ سے بچنے کے لئے شیڈ بارے بات چیت کی۔ اسسٹنٹ کمشنر مراد حسین نے دوکانداروں کو صفائی کا خاص خیال رکھنے، ریٹ لسٹ نمایاں جگہ پر آویزاں کرنے اور سرکاری نرخنامے کے مطابق اشیاء فروخت کرنے کی ہدایات دیں۔ اسسٹنٹ کمشنر نے متعلقہ افسران کو روزانہ کی بنیاد پر مانیٹرنگ یقینی بنانے کی ہدایتے ہوئے کہا کہ شہر کی خوبصورتی، عوامی سہولت اور قانون کی عملداری ہماری اولین ترجیح ہے میں بازار میں کسی قسم کی تجاوزات برداشت نہیں کی جائیں گی

فائر فائٹرز کے عالمی دن کے موقع پر ریسکیو اوکاڑہ کی جانب سے ضلع بھر میں فلیگ مارچ کی انعقاد کیا گیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) فائر فائٹرز کے عالمی دن کے موقع پر ریسکیو اوکاڑہ کی جانب سے ضلع بھر میں فلیگ مارچ کی انعقاد کیا گیا۔ اس دن کو منانے کا مقصد فائر فائٹرز کی قربانیوں کو یاد کرنا اور ان کی کارکردگی کو سراہنا ہے۔ فائر فائٹرز کے عالمی دن کے موقع پر ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینیر احتشام نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ دنیا بھر کے فائر فائٹرز خصوصاً پاکستان میں خدمات انجام دینے والے ریسکیو 1122 کے ان ہیروز کو سلام پیش کرتا ہوں جو انتھک محنت سے انسانیت کی خدمت کر رہے ہیں۔ یہ پیشہ ور افراد نہ صرف آگ بجھانے کا اولین فریضہ سرانجام دے رہے ہیں بلکہ ریسکیو آپریشنز، آفات میں امداد اور روزانہ قیمتی جانیں بچانے میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ان کی بہادری، عزم اور قربانی ہمیں عوامی خدمت کے اصل مفہوم کی یاد دلاتی ہے۔ آج کے دن تمام فائر فائٹرز اور دوران فائر آپریشنز اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء کو خراج تحسین اور سلام پیش کرتا ہوں۔ فائر فائٹرز ہی قوم کے اصل ہیروز ہوتے ہیں جو اپنی جانوں کی پروا کیے بغیر بے دھڑک آگ میں کود کر آگ پر قابو پاتے ہیں۔

شہید کانسٹیبل کی بیٹیوں کی شادی میں ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر کی شرکت

ڈی ایس پی محمد خلیل ملک نے شہید کی بیٹیوں کے سر پر دست شفقت رکھا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ فیصل شہزاد کی خصوصی ہدایت پر کوارٹر سیالکوٹ نے سیالکوٹ پولیس آفیسران ولیڈیز پولیس اہلکاروں کے ہمراہ باراتوں کا پرتپاک



استقبال کیا اور شہید کانسٹیبل کی بیٹیوں کے سر پر دست شفقت رکھتے انکے باپ کی کمی کو پورا کرنے کی سعی کی اس موقع پر دولہا دلہن کو پھولوں کے گلدستے اور کیش تحائف پیش کئے گئے اور دعاؤں کے سائے میں شہید کی دونوں بیٹیوں کو رخصت کیا۔

سیالکوٹ پولیس کے شہید کانسٹیبل علی اکبر کی دو بیٹیوں کی شادی پر ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر محمد خلیل ملک، رانا محمد جمیل اور دیگر پولیس افیسران و سیالکوٹ لیڈیز پولیس نے بھرپور شرکت کی۔ اس موقع پر ڈی پی او سیالکوٹ کی جانب سے ڈی ایس پی ہیڈ

عوام کو تیز رفتار ریلیف کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے: ڈپٹی کمشنر سارہ حیات

عوامی مسائل کا فوری اور موثر حل ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور مسائل کے حل کے لئے آنے والے شہریوں کو موافق ماحول میسر کرنا ہے



چکوال (ایم ایوب سلطانی) ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے کہا ہے کہ عوامی مسائل کے حل کے لئے حکومت پنجاب کی اوپن ڈور پالیسی کے مطابق عوام کو تیز رفتار ریلیف کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے اور عوام کو اپنے مسائل کی نشاندہی کے لئے ضلعی انتظامیہ کی طرف سے آسان اور مکمل رسائی دی گئی ہے۔ ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے کہا کہ عوامی مسائل کا فوری اور موثر حل ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور مسائل کے حل کے لئے آنے والے شہریوں کو موافق ماحول میسر کرنا ہے تاکہ انہیں اپنے مسائل کی نشاندہی میں مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ڈپٹی کمشنر نے شہریوں کے انفرادی و اجتماعی مسائل سے آگاہی حاصل کی اور ان کے بلا تاخیر حل کیلئے متعلقہ سرکاری دفاتر کے سربراہان کو احکامات جاری کئے۔ ڈپٹی کمشنر نے عوام الناس سے کہا ہے کہ وہ بلا جھجک اپنے مسائل کی نشاندہی کریں تاکہ ان کا فوری ازالہ یقینی بنایا جا سکے۔

میونسپل کارپوریشن کے افسران شہر میں صفائی کی صورتحال کی کڑی نگرانی کریں

افسران دفاتر میں بیٹھنے کی بجائے فیلڈ میں نکلیں: کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید



ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید نے کہا ہے کہ میونسپل کارپوریشن کے افسران شہر میں صفائی کی صورتحال کی کڑی نگرانی کریں۔ انہوں نے کہا کہ افسران دفاتر میں بیٹھنے کی بجائے فیلڈ میں نکلیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ صفائی کے حوالے سے کسی قسم کی سستی یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ وہ یہاں اپنے دفتر میں ڈویژن بھر میں صفائی کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔ اجلاس میں تینوں اضلاع کے ڈپٹی کمشنر شاہد محمود، احمد عثمان جاوید، ماریہ طارق، سی ای او ساہیوال واٹر اینڈ سینی ٹیشن سروسز پینی افتخار علی، اے ڈی سی ریونیو کیپٹن (ر) اسامہ مجید، اے ڈی سی جنرل نیاز احمد مغل، اے سی ساہیوال رانا واؤ نگزیب، ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ شاہد فاروق وڑائچ، چیف آفیسر ضلع کونسل خداداد تارڑ سمیت متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ کمشنر شعیب اقبال سید نے کہا کہ تینوں اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز اپنے اپنے اضلاع میں صفائی کی رپورٹ پیش کریں اور اسسٹنٹ کمشنرز صفائی عملہ کی ڈیوٹیاں لگائیں۔ انہوں نے کہا کہ صفائی نہ کروانے والے کنٹریکٹرز کے خلاف کاروائی بھی عمل میں لائی جائے۔

ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے ضلع میں جاری مختلف ترقیاتی سکیموں کا اچانک دورہ کیا

ساہیوال (مہر اے ڈی کیم سپر اے) ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے ضلع میں جاری مختلف ترقیاتی سکیموں کا اچانک دورہ کیا اور موقع پر جا کر تعمیراتی کام کی رفتار اور معیار کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے پاکپتن روڈ، عارف والا روڈ اور اڈا سیمبر تانو رشاہ روڈ پر جاری منصوبوں کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر ڈیولپمنٹ محمد اکرم وٹو، ایکسین ہائی وے میاں محمد رمضان، سٹی میجسٹریٹ اسجد خان اور دیگر متعلقہ افسران بھی ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے محکمہ ہائی وے کو ہدایت کی کہ پاکپتن روڈ پر نئی تعمیر شدہ سبزی، فروٹ اور غلہ منڈیوں کے سامنے فوری طور پر سٹریٹ لائٹس نصب کی جائیں۔



ساہیوال (مہر اے ڈی کیم سپر اے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید نے کہا ہے کہ میونسپل کارپوریشن کے افسران شہر میں صفائی کی صورتحال کی کڑی نگرانی کریں۔ انہوں نے کہا کہ افسران دفاتر میں بیٹھنے کی بجائے فیلڈ میں نکلیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ صفائی کے حوالے سے کسی قسم کی سستی یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ وہ یہاں اپنے دفتر میں ڈویژن بھر میں صفائی کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔ اجلاس میں تینوں اضلاع کے ڈپٹی کمشنر شاہد محمود، احمد عثمان جاوید، ماریہ طارق، سی ای او ساہیوال

فرینڈز فارایور گروپ دیپالپور کا اہم مشاورتی اجلاس

ہمیں اپنی تنظیم کو نظم وضبط میں رہتے ہوئے آگے بڑھنا ہے ہر عہدیدار یا ممبر برابر کا درجہ رکھتا ہے

دیپالپور (تحصیل رپورٹر) گزشتہ روز فرینڈز فارایور گروپ دیپالپور کا اہم مشاورتی اجلاس زیر صدارت میاں ریاست علی خان وٹو ڈیرہ میاں محمد افضل بودلہ آف ٹھٹھہ شاہ انعقاد پذیر ہوا۔ جس میں فرینڈز فارایور گروپ کے میاں ریاست علی خان وٹو نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں اپنی تنظیم کو نظم وضبط میں رہتے ہوئے آگے بڑھنا ہے ہر عہدیدار یا ممبر برابر کا درجہ رکھتا ہے ہم ایک دوسرے کی دلجوئی اور اپنے وقار کا خیال رکھیں گے، بلکہ چننا ممکن ہو کے انکی ہر مشکل گھڑی میں شانہ بشانہ چلیں گے اس خوبصورت گلدستہ کی خوشبو دور دور تک محسوس ہوگی۔ ہم ایک جسم کی مانند ہیں جسم کے کسی بھی حصے میں درد ہو تو سارا جسم درد محسوس کرتا ہے۔ ہمیں چاہیے کہ اپنے دوستوں کی خوشی غمی میں انکا کندھے سے کندھا ملا کر بھرپور ساتھ دیں۔ یہی ہمارے گروپ کا اولین منشور ہے۔ ہماری قدریں مشترک ہیں۔ ہمیں بھائی چارے، امن اور مساوات کو دامن سے نہ چھوڑیں بلکہ یک جان دو قالب کی مثال بن جائیں۔ عہدیداران وممبران نے عہد کیا کہ ہم ان شاءاللہ العزیز فرینڈز فارایور گروپ کی بہتری کے لئے شب و روز کوشاں رہیں گے۔ بہترین دوست فریش بلیڈ ہیں۔ جس میں گلدستہ کی سب سے بڑی خاصیت میں خوشبو کا عنصر نمایاں ہے۔ اس مصروف ترین دور میں دوستوں کا مل بیٹھنا آسان میں بیٹھنے باٹھنے سے جو خوشی محسوس ہوتی ہے وہ قابل رشک ہے۔ اجلاس میں میاں محمد افضل بودلہ، میاں ریاست علی خان وٹو نے کہا، انکے علاوہ میڈیا کوآرڈینیٹر ڈاکٹر محمد ناصر میاں محمد یاسین واپڈا انفیسر محمد ریاض محمد سجاد میاں عبدالرؤف پھٹہ میاں عبدالحمید ڈولہ محمد تنویر واپڈا میاں محمود خان وٹو، رانا سلیم احمد میاں محمد جمشید کے علاوہ دیگر نے بھرپور شرکت کی۔

59 سالہ زندگی میں کیا سیکھا؟؟؟

تحریر: آفاذ والقرنین درانی اسسٹنٹ سب انسپکٹر

بچپن کھیلتے مسکراتے گزارا غربت تھی مگر کبھی اس بات کا احساس نہیں ہوا تین وقت کا کھانا پیٹ بھر کر مل جاتا تھا بہن بھائیوں میں سارا دن شرارتیں کرتے گزرتا تھا

جوانی

انتہائی بیوقوفانہ زندگی منہ زور سرپٹ گھوڑے کی طرح گزار دی کبھی سوچا بھی نہ تھا کہ اپنا بڑھاپہ مضبوط کیسے بنا سکتے ہیں جو دل میں آیا وہ کیا۔ دماغ کا استعمال کرنے کی تکلیف گوارا نہ کی جس نے جیسی مدد مانگی کر دی کام غلط ہے یا صحیح کبھی سوچا ہی نہ تھا

بڑھاپہ

پچاس کے بعد پتہ چلا کی میں ایک انسان ہوں دنیا میں کسی مقصد کے لیے بھیجا گیا ہوں یہ دنیا میں کسی کو ایک میسج بھیجا کہ مجھے بیس ہزار روپے کی سخت ضرورت ہے تین نے کوئی عذر بیان کر کے انکار کیا دو نے ایک دو دن کا وعدہ کیا دو نے فون کال واپس کی مگر ان کی کال میں نے اٹینڈ نہ کی باقی 43 افراد نے جواب دینا ہی پسند نہیں کیا

پتہ ہے یہ پچاس آدمی کون تھے جنہیں 1100 فون بک میں سے سب سے قریب سمجھتا تھا کہ جب میں مرا تو یہ سب سے پہلے پہنچیں گے ان پچاس میں سے 43 نے جواب ہی نہیں دیا مطلب ہماری طرف سے مر و یا جیو بھاڑ میں جاو

اصل انسان کی اوقات یہ ہے

یہاں کون ہے تیرا مسافر جائے گا کہاں دم لے لے گھڑی بھر یہ چھتیاں پائے گا کہاں

رونقیں جن میں گم ہو کر فضول زندگی گزار دی اس میں تیرا تو کوئی ہے ہی نہیں

جرم وسزا

CRIME & COURT

روٹھ کر میکے آئی بہن کو موبائل فون پر بات کرنے پر بھائی نے فائر مار کر قتل کر دیا

زنیرہ بی بی سسرالیوں سے لڑ جھگڑ کر چھ ماہ سے میکے رہ رہی تھی زنیرہ بی بی کسی سے فون پر بات کر رہی تھی اس کے بھائی سلمان نے منع کیا



ستراہ کے موضع فقیر انوالی کی زنیرہ بی بی کی شادی گوجرانوالہ ہوئی تھی جس سے ایک سات سالہ بیٹا اور تین سالہ بیٹی ہے زنیرہ بی بی سسرالیوں سے لڑ جھگڑ کر چھ ماہ سے میکے رہ رہی تھی زنیرہ بی بی کسی سے فون پر بات کر رہی تھی اس کے بھائی سلمان نے منع کیا جس پر دونوں میں جھگڑا ہو گیا اور سلمان نے طیش میں آ کر اسے فائر مار دیا اور فرار ہو گیا گولی مقتولہ کی گردن کے آر پار ہو گئی اطلاع ملنے پر ریسکیو رز نے تشویشناک حالت میں سول ہسپتال ڈسکہ منتقل کیا مگر وہ جانبر نہ ہو سکی اور دم توڑ گئی ستراہ پولیس نے مقتولہ کی والدہ کی مدعیت میں سلمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) روٹھ کر میکے آئی بہن کو موبائل فون پر بات کرنے پر بھائی نے فائر مار کر قتل کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ

ماہ اپریل میں ساہیوال پولیس کی اطمینان بخش کارکردگی

4 بین الاضلاعی ڈکیت گینگ کے 14 ارکان گرفتار، 85 لاکھ روپے سے زائد مالیت کا مال مسروقہ برآمد



ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمٰن خان کی زیر قیادت جرائم پیشہ عناصر کے خلاف ساہیوال پولیس کی ماہ اپریل میں بھرپور کارروائیاں

مقدمات متیاشے 129	گرفتار ملزمان 129	مقدمات ناجائز اسلحہ 90	گرفتار ملزمان 90
برآمدہ چرس 06 کلوگرام	برآمدہ شراب 1727 لیٹر	برآمدہ پسٹل 67	برآمدہ رائفل 07
برآمدہ ہیروئن 05 کلوگرام	چالوگتی 07	برآمدہ بندوق 10	برآمدہ کارتین 01

جرائم پیشہ عناصر کے ساتھ کسی بھی قسم کی کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ ڈی پی او ساہیوال

ساہیوال (مہر اے ڈی کیم سپر اے) ماہ اپریل میں ساہیوال پولیس کی اطمینان بخش کارکردگی، 4 بین الاضلاعی ڈکیت گینگ کے 14 ارکان گرفتار، 85 لاکھ روپے سے زائد مالیت کا مال مسروقہ برآمد، 1700 لیٹر سے زائد شراب اور 7 چالو بھٹیاں برآمد کر لیں، ماہ اپریل میں پولیس نے 272 خطرناک اشتہاری مجرمان، 38 عدالتی مفروران جبکہ 82 عادی ملزمان کو گرفتار کر کے پابند سلاسل کیا، ماہ اپریل میں ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف بھی بھرپور کریک ڈاؤن جاری رہا جس دوران 90 مقدمات درج کر کے 67 عدد رپسٹل، 7 عدد رائفل، 10 عدد بندوق 12 بور، 1 عدد کاربین، 1 عدد ریوالور اور 600 سے زائد گولیاں برآمد کر لیں شہری حلقوں نے ساہیوال پولیس کی شاندار کارکردگی پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے کہا کہ ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمٰن کی زیر قیادت ساہیوال پولیس کی بروقت اور منظم حکمت عملی سے ضلع بھر میں جرائم میں واضح کمی آئی ہے اور امن امان کی فضا بہتر ہوئی ہے۔

دو مختلف واقعات میں خاتون سمیت دو افراد نے خودکشی کر لی

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) دو مختلف واقعات میں خاتون سمیت دو افراد نے خودکشی کر لی تھانہ سٹی کے علاقہ سوہاوہ کی رہائشی 24 سالہ مقدس نے گھریلو جھگڑا پر خود کو گولی مار لی مقدس کو تشویشناک حالت میں سول ہسپتال لیجایا گیا مگر جانبر نہ ہو سکی اور دم توڑ گئی میتر انوالی کارہائشی ناصر سعید حالات سے دلبرداشتہ ہو کر پھندہ سے جھول گیا پولیس تھانہ بمبانوالہ نے ناصر سعید کی نعش سول ہسپتال ڈسکہ منتقل کر کے کارروائی شروع کر دی

روزنامہ ''قوت'' لاہور(7) منگل 6 مئی 2025ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ

روزنامہ قوت

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی نکلنے کی صورت میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ،اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

بقیہ 1

کے ساتھ جہاد پاکستان کے اسٹریٹیجک اداروں کے سائنسدانوں اور انجینئرز نے بھی ملاحظہ کیا، جنہیں جواب میں ڈائریکٹر جنرل آف انٹلی جنس اور پیف آف آرمی اسٹاف نے مبارکباد دی۔ پاکستان ریلوے کے سائنسدانوں اور انجینئرز کی کامیابیوں کو سراہا۔ پاکستان آرمی کی آپریشنل تیاری اور بھارت کے خلاف اس کی جارحیت کا بھرپور جواب دینے کی صلاحیت پر اظہار اطمینان کیا۔ ڈائریکٹر جنرل آف انٹلی جنس اور چیف آف جنرل سٹاف نے پاکستان آرمی کی آپریشنل تیاری اور بھارت کے خلاف اس کی جارحیت کا بھرپور جواب دینے کی صلاحیت پر اظہار اطمینان کیا۔ ڈائریکٹر جنرل آف انٹلی جنس نے پاکستان کی کامیابی کو سراہا۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے پاک فوج کی بہادری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ وزیر اعظم نے پاک فوج کی ترقی اور جدید دفاعی صلاحیتوں کو سراہا۔ وزیر اعظم نے پاک فوج کی کامیابی کو قوم کا اعزاز قرار دیا۔ وزیر اعظم نے پاک فوج کی کامیابی کو پوری قوم کا اعزاز قرار دیا۔ وزیر اعظم نے پاک فوج کی کامیابی پر قوم کو مبارکباد دی۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے بھی افواج پاکستان کے کامیاب تجزیہ پر پاکستانی اور انجینئرز کو مبارکباد دی۔ صدر مملکت نے مسلح افواج کی جرات اور بہادری کو خراج تحسین پیش کیا۔ صدر مملکت نے پاک فوج کی کامیابی پر پاکستانی قوم کو مبارکباد دی

پنجاب پولیس کے فورس اور ان کے اہلخانہ کی ویلفیئر کیلئے اقدامات جاری

ویلفیئر پر 78 کروڑ 30 لاکھ روپے سے زائد رقم خرچ کی گئی، پولیس ملازمین کی بیٹیوں کو ویڈنگ گفٹ کی صورت میں 21 کروڑ 99 لاکھ روپے دیئے گئے

پولیس ویلفیئر فنڈ اور محکمے کے ویلفیئر ذرائع سے حاصل آمدن سے ملازمین کی مشکلات کا ازالہ کیا جا رہا ہے، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی گفتگو

لاہور (خبر نگار) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے فورس اور ان کے اہلخانہ کی ویلفیئر کیلئے اقدامات جاری ہیں، جس کے تسلسل رواں سال فورس کی ویلفیئر پر 78 کروڑ 30 لاکھ روپے سے زائد رقم خرچ کی گئی۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ پولیس ملازمین کے بچوں کو تعلیمی سکالرشپس کی مد میں 25 کروڑ روپے سے زائد رقم جاری کی گئی۔ پولیس ملازمین کی بیٹیوں کو ویڈنگ گفٹ کی صورت میں 21 کروڑ 99 لاکھ روپے دیئے گئے۔ علاج معالجے کی سہولیات میں معاونت کے لئے 11 کروڑ 49 لاکھ روپے سے زائد رقم جاری کی گئی۔ گذارا الاؤنس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 51)



آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے فورس اور ان کے اہلخانہ کی ویلفیئر کیلئے اقدامات جاری، رواں سال فورس کی ویلفیئر پر 78 کروڑ 30 لاکھ روپے سے زائد رقم خرچ کی گئی

اسرائیل اور بھارت دنیا میں ریاستی دہشتگردی کی ملوث ہیں، مفتی منیب الرحمان

تفتن یا ہوکو عالمی عدالت اور مودی کو کینیڈا، امریکا اور برطانیہ نے دہشتگرد قرار دیا، مارچ سے خطاب

کراچی (این این آئی) مفتی منیب الرحمان نے کہا ہے کہ اسرائیل اور بھارت دنیا میں ریاستی دہشتگردی میں ملوث ہیں، فلسطینیوں سے اظہار یکجہتی کے لئے کراچی میں نکالے گئے مارچ سے خطاب کرتے ہوئے مفتی منیب الرحمان نے کہا کہ تفتن یا ہو کو عالمی عدالت اور مودی کو کینیڈا، امریکا اور برطانیہ نے دہشتگرد قرار دیا، دونوں کے خلاف جنگی جرائم کا مقدمہ چلا کر کٹہرے میں کھڑا کرنا چاہئے۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 38)

ملیر، رینجرز کی چوکی کے قریب کریکر حملے کا مقدمہ درج

سی ٹی ڈی میں درج کی جانے والی ایف آئی آر میں ایکسپلوزو ایکٹ اور دہشت گردی کی دفعات شامل

کراچی (این این آئی) ملیر کنٹونمنٹ زون رینجرز کی چوکی کے قریب کریکر حملے کا مقدمہ درج کرلیا گیا، سی ٹی ڈی میں درج کی جانے والی ایف آئی آر میں ایکسپلوزو ایکٹ اور دہشت گردی کی دفعات شامل کی گئی ہیں، ریجرٹ کے مطابق کراچی کے علاقے ملیر کالا بورڈ پر گزشتہ روز رینجرز چوکی کے قریب دستی بم حملے کا مقدمہ سی ٹی ڈی میں درج کرلیا گیا، پولیس کے مطابق مقدمہ ایکسپلوزو ایکٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 40)

پہلگام واقعہ مودی حکومت کا سوچا سمجھا منصوبہ تھا، محبوبہ مفتی کا انکشاف

پہلگام حملے کی مکمل غیر جانبدارانہ تحقیقات ہونی چاہئیں تاکہ سچ عوام کے سامنے آسکے، بیان

سرینگر (این این آئی) پہلگام واقعہ پر اس وقت کے بعد حقیقت ہوں، وہ کہیں میں بھارتی فوج کی جانب سے کشمیری مسلمانوں پر بڑھتے ہوئے مظالم پر جوں و ظلم و تشدد کے پہاڑ توڑے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 46) ان پر ظلم و ستم کے دوران بتایا گیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 42)



مظفر آباد: پاسبان حریت کی جانب سے بھارت کے کشمیریوں پر جاری مظالم کیخلاف احتجاجی ریلی نکالی گئی ہے

مودی نے آبیل مجھے مار کر اراد ایک ہے فاق روستا

بھارت کے جاسوس ہماری جیلوں میں ہیں، بھارت آکر اپنا شوق پورا کرلے، پورا اسکواڈرن گرائیں گے، رہنما ایم کیو ایم پاکستان

مودی کو پاکستان نوفیہا ہے، قوم سیسہ پلائی دیوار کی طرح کھڑی ہے، جنگ نہیں چاہتے، جنگ مسلط کی گئی تو ہم تیار ہیں، بیان

کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان (ایم کیو ایم) کے سینئر رہنما فاروق ستار نے کہا ہے کہ بھارت کے جاسوس ہماری جیلوں میں ہیں، مودی نے آبیل مجھے مار والا کردار ادا کیا ہے، معیشت کے بارے میں کہتے ہیں اگلی جنگیں پانی پر ہوں گی، خصوصی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مودی کو پاکستان نوفیہا ہے، قوم سیسہ پلائی دیوار کی طرح کھڑی ہے، ساری سیاسی جماعتیں ایک آواز میں بات کررہی ہیں، جنگ نہیں چاہتے، جنگ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6 4)



غزہ: اسرائیلی فوج کی جانب سے فلسطینی شہریوں کو زبردستی ان کے علاقے سے نکالا جارہا ہے

حکومت و وزیر اعظم پاکستان کی مشکلات کے بارے میں بخوبی آگاہ ہے، عون چوہدری

اوورسیز پاکستانیوں کے دل پاکستان کے ساتھ دھڑکتے ہیں اور پاک فوج ہمارا فخر، بطور قوم ہمیں کسی بیرونی کی نہیں بلکہ باہمی یکجہتی و اتحاد کی ضرورت ہے

سیاسی و منفی امور پر بات چیت، اوورسیز پاکستانیوں کے مسائل پر بھی گفتگو، جنگ کے ماحول میں برداشت کا دامن نہ چھوڑنے پر حکومت کو خراج تحسین

قومی سلامتی کے اداروں کے شانہ بشانہ کھڑے رہنے کے عزم کا اظہار کیا گیا ہے۔ گذشتہ روز ماڈل ٹاؤن لاہور میں ہونے والی اس ملاقات میں پاک فوج اور عسکری اداروں کے شاندار پیشہ ورانہ کردار پر بھی گفتگو کی گئی۔ ملاقات میں صوبائی جنرل سیکرٹری آئی پی پی شیبہ صدیقی اور سینئر رہنما آئی پی پی عون چوہدری نے اہم سیاسی و تنظیمی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 52)



پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ملاوٹ مافیا کیخلاف کارروائی، 3 ہزار لیٹر ملاوٹی دودھ تلف

لاہور (این این آئی) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے ملاوٹ مافیا کے خلاف کارروائی کرکے 3 ہزار لیٹر ملاوٹی دودھ تلف کردیا، ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے حکم پر فوڈ سیفٹی ٹیموں کی جانب سے کریک ڈاؤن جاری ہے، لاہور میں دودھ سپلائی کرنے والی 30 گاڑیوں میں موجود 70 ہزار لیٹر دودھ چیک کیا گیا، ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید نے بتایا کہ تلف کردہ دودھ میں پانی کی ملاوٹ سے قدرتی فیٹ کی کمی پائی گئی، دودھ کو جدید ترین لیکٹو سکین اور لیبارٹری میں ٹیسٹ کیا گیا، ملاوٹی دودھ اتھارٹی حکام نے لاہور کی مختلف دکانوں پر سپلائی کیا جانا تھا، انہوں نے کہا کہ دودھ ہماری بنیادی غذا ہے، ملاوٹ کرنے والوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 59)

موجودہ حالات میں پوری قوم پاکستانی افواج کی پشت پر ہے، پاکستان سنی تحریک

انڈیا بذات خود دہشتگرد ملک ہے اور خود کشمیر میں دہشتگردی کروا کر پاکستان پر جھوٹا الزام لگا رہا ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان سنی تحریک لاہور ڈویژن کے کوآرڈینیٹر صاحبزادہ انعام شاکر، جوائنٹ سیکرٹری لاہور محمد سلیم قادری نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ موجودہ حالات میں پوری قوم پاکستانی افواج کی پشت پر ہے، اگر انڈیا نے پاکستان پر محدود کارروائی کی تو پوری پاکستان قوم پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہوگی اور جواب دے گی، انڈیا بذات خود دہشتگرد ملک ہے اور خود کشمیر میں دہشتگردی کروا کر پاکستان پر جھوٹا الزام لگا رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت اور دہشت گرد مودی کی غلاظتوں میں رہ کر پاکستان سے جنگ کا تصور بھی نہ کریں ورنہ پاکستانی قوم اور افواج ایسا سبق سکھا میں گے کہ بھارت کی اینٹ سے اینٹ بجا کر شہیت ٹھیک کردیں گے کہ دوبارہ پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے دیکھنے کا سوچ بھی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 43)

حکومتِ پنجاب کے آغوش پروگرام کے لیے پنجاب ہیومن کیپیٹل انویسٹمنٹ پراجیکٹ اور نادرا کے درمیان معاہدہ



پراجیکٹ اور نیشنل ڈیٹا میں ایڈوانسز پیش اتھارٹی (نادرا) کے درمیان ایک اہم معاہدے پر دستخط کیے گئے۔ یہ تقریب پنجاب سیکرٹریٹ لاہور میں منعقد ہوئی۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

لاہور (خبر نگار) حکومت پنجاب کی آغوش پروگرام کے تحت بچوں کی پیدائش کے پہلے ہزار دنوں اور نوزائیدہ بچوں کے حفاظتی ٹیکہ جات کی تکمیل کو یقینی بنانے کے لیے پنجاب ہیومن کیپیٹل انویسٹمنٹ

راولپنڈی بیرون ملک جانے والے شہریوں کو لوٹنے والے پولیس اہلکاروں کیخلاف مقدمہ درج

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی سے بیرون ملک جانے والے شہریوں کو لوٹنے کے الزام میں 3 پولیس اہلکاروں کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا۔ مقدمے میں اے ایس آئی عاطف، کانسٹیبل زبیر سمیت 3 اہلکاروں کو نامزد کیا گیا ہے۔ مقدمے کے متن کے مطابق اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے قریب ناکے پر پولیس اہلکاروں نے ملزم کو روکا، پولیس اہلکاروں نے مہمانوں کی تلاشی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 39)

یونیورسٹی آف لاہور کے طلبہ و طالبات کا پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کا مطالعاتی دورہ

لاہور (این این آئی) یونیورسٹی آف لاہور کے طلبہ و طالبات نے پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کا مطالعاتی دورہ کیا۔ وفد میں میڈیا ایڈوکیٹ کیلیشن اسٹڈیز کے طلبا، طالبات اور اساتذہ شامل تھے۔ شفٹ کمانڈر ڈی ایس پی کامران خان نے وفد کو سیف سٹی کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کروایا۔ دورے میں پولیس آپریشن، ویمن سیفٹی ایپ اور کرائم سٹاپر سمیت دیگر امور کے بارے بتایا گیا۔ بریفنگ کے دوران بتایا گیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 42)

پولیس اہلکاروں کے خلاف شہری کو لوٹنے کا مقدمہ درج، 3 گرفتار

سی سی ڈی ٹیم کی پولیس اور ڈلیفٹ اہلکاروں کی مشترکہ کارروائی دیکھی جاسکتی ہے

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقے چوبائی آئی آر کے مطابق پولیس اور ڈلیفٹ فورس کے پانچ اہلکاروں نے تاجر کو روک، تشدد کا نشانہ بنایا اور رقم کا مطالبہ کرتے رہے۔ بعد ازاں اہلکاروں نے تاجر کو ایک اے ٹی ایم مشین پر لے جا کر ایک لاکھ روپے نکلوا لیے اور پھر رہا کر دیا۔ واقعے کی گلوز سرکل فورس بھی منظر عام پر آگئی ہے، جس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 36)

لاہور چیمبر نے انکم ٹیکس آرڈیننس میں متنازعہ ٹیکس ترامیم مسترد کردیں

ترامیم کا نفاذ بغیر کسی مشاورت کے کردیا گیا، جس پر کاروباری برادری کو شدید تحفظات ہیں، پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 اور فیڈرل ایکسائز ایکٹ 2005 میں کی گئی متنازعہ ترامیم کو مسترد کرتے ہوئے حکومت سے ان کی فوری واپسی اور سیکٹ ہولڈرز سے مشاورت کا مطالبہ کیا ہے۔ لاہور چیمبر میں بیگی پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے صدر میاں ابوذر شاذ نے کہا کہ ان ترامیم کا نفاذ صرف کاروبار دشمن ہی نہیں بلکہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 35)



لاہور: ایک بوڑھا آدمی مال روڈ پر سامان سے بھری ریڑھ کو کھینچ رہا ہے

مالٹا کا ڈرون حملے کے شکار بحری جہاز تک رسائی نہ دینے کا اعلان

یہ جہاز غزہ کے باسیوں کے لیے انسانی بنیادوں پر امداد لے کر جا رہا تھا، ایون جی او

مالٹا سٹی (این این آئی) ایون الاقوامی ایون جی او نے کہا ہے مالٹے نے ڈرون حملے کا نشانہ بننے والے بحری جہاز تک رسائی نہیں دی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ جہاز غزہ کے باسیوں کے لیے انسانی بنیادوں پر امداد لے کر جا رہا تھا کہ اس دوران میں الاقوامی حدود میں اسے ڈرون حملے کا نشانہ بنایا گیا۔ مالٹا کے حکام کے مطابق بحری جہاز کے عملے نے مدد لینے سے انکار کر دیا تھا۔ ایون الاقوامی ادارے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 68)

وزیر تعلیم نے سکولوں میں سہولیات کا فقدان دور کرنے کیلئے 4 ماہ کی ڈیڈ لائن دیدی

سروس ڈیلیوری پر کوئی سمجھوتہ نہیں، جہاں ضرورت ہو فنڈز خرچ کرنے سے اجتناب نہ کیا جائے۔ رانا سکندر حیات

پیچھے مڑ کر دیکھیں تو آج تعلیمی حالات پہلے سے بہت بہتر دکھائی دیتے ہیں۔ وزیر تعلیم کا سی ای او زکے ساتھ کانفرنس سے خطاب

لاہور (خبر نگار) وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے دور کرنے کی ہدایت کردی۔ وزیر تعلیم نے ای ای او زکے ساتھ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے تعلیمی محکمہ تعلیم کو سکولوں میں سہولیات کا فقدان دور کرنے کیلئے 4 ماہ کی ڈیڈ لائن دیتے ہوئے تنبیہ کی کہ سروس ڈیلیوری کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، سہولیات کا فقدان دور کرنے کیلئے وافر فنڈز دیں صاف پانی سمیت دیگر مسنگ فیسلیٹیز 120 دن میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 54)

رائے ونڈ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں ٹراما سنٹر سی ٹی سکین، ایمبولینس کی عدم دستیابی، درجنوں افراد موت کی آغوش چلے گئے

رائے ونڈ (این این آئی) رائے ونڈ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں ٹراما سنٹر سی ٹی سکین اور ایمبولینس کی عدم دستیابی، درجنوں افراد موت کی آغوش چلے گئے، ہسپتال میں ٹراما سنٹر کی ناکامی سہولیات سے محرومی کی بدولت علاج معالجے کی ناکامی سہولیات نہ ہونے کی وجہ سے ہسپتال کے خواتین و بچوں کے شعبہ جات میں ہر روز درجنوں مریض لقمہ اجل بن رہے ہیں۔ تحصیلدار کے مطابق رائے ونڈ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کی خواتین و بچوں کی او پی ڈی میں ہر روز 600 سے 700 مریض آتے ہیں جن میں سے 50 سے 60 مریض ایمرجنسی میں منتقل کیے جاتے ہیں۔ ہسپتال میں ٹراما سنٹر کی سہولت نہ ہونے کی وجہ سے ٹریفک حادثات میں زخمی ہونے والے افراد کو بروقت طبی امداد نہ ملنے کی وجہ سے ان کی موت واقع ہو جاتی ہے۔ ہسپتال میں ٹراما سنٹر کی سہولت نہ ہونے کی وجہ سے ٹریفک حادثات میں زخمی ہونے والے افراد کو بروقت طبی امداد نہ ملنے کی وجہ سے ان کی موت واقع ہو جاتی ہے۔ ہسپتال میں ٹراما سنٹر کی سہولت نہ ہونے کی وجہ سے ٹریفک حادثات میں زخمی ہونے والے افراد کو بروقت طبی امداد نہ ملنے کی وجہ سے ان کی موت واقع ہو جاتی ہے۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 62)

مہنگائی نے تنخواہ دار طبقے کا جینا حرام کر دیا ہے، جے یو آئی

ارکان اسمبلی اور پیلے سے سی مراعات یافتہ طبقے کی تنخواہوں میں اضافہ ملک اور قوم سے زیادتی ہے

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شاہ خٹ، سالار معاذ اللہ محمد مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم سٹی لاہور محمد عاصم نواز ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی کوآرڈینیٹر مظہر اقبال ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور احمد چنار نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ بے گھر مہنگائی کے تنخواہ دار طبقے کا جینا حرام کر دیا ہے اور پہلے سے ہی مراعات یافتہ طبقے کی تنخواہوں میں اضافہ ملک اور قوم سے زیادتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ایک جانب پیٹ بھرنے کی بات کرتی ہے دوسری جانب پہلے سے مراعات یافتہ طبقہ ارکان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 63)



اسلام آباد: پاکستان میں نیدرلینڈز کی سفیر ہتی فوکل گرلز فٹبال ٹیم کے حصہ لینے والی طالبات سے خطاب کر رہی ہیں

بھارتی اقدامات کیخلاف فون کیساتھ ڈٹے ہیں، سیٹر گوہر

دہشت گردی کی مذمت کرتے ہیں، پہلگام واقعہ پر بھارت نے جھوٹے اور بے بنیاد الزام لگائے، چیئرمین پی پی آئی

سندھ طاس معاہدہ معطل کرنا ہی ایکٹ آف وار ہے، سندھ طاس معاہدہ معطلی پر آل پارٹی کانفرنس بلانی چاہیے تھی، گفتگو

اسلام آباد (یو این پی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر کا کہنا ہے کہ بھارت کے معاملے پر افواج کے ساتھ کھڑے ہیں، پاکستان کے دفاع کیلئے پی ٹی آئی ہر لمحہ موجود ہوگی۔ جوائنٹ کمپلیکس اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کی مذمت کرتے ہیں، پہلگام واقعہ پر بھارت نے جھوٹے اور بے بنیاد الزام لگائے، پی ٹی آئی کا موقف ہے کہ سندھ طاس معاہدہ معطل کرنا ہی ایکٹ آف وار (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3 4)

سندھ کے مختلف شہروں میں تیز ہواؤں کے ساتھ بارش، 2 افراد جاں بحق

4 منٹ میں ہوگئے۔ بارش سے جیکب آباد، لاڑکانہ، گھوٹکی میں نشیبی علاقے زیر آب آگئے نکاسی نظام متاثر

کراچی (این این آئی) سندھ کے مختلف شہروں میں تیز ہواؤں کے ساتھ موسلا دھار بارش اور ژالہ باری کا سلسلہ جاری ہے۔ طوفانی ہواؤں کے باعث مختلف حادثات میں 2 افراد جاں بحق اور 6 زخمی ہوگئے۔ بارش سے جیکب آباد، لاڑکانہ، گھوٹکی میں نشیبی علاقے زیر آب آگئے۔ تیز ہواؤں کی وجہ سے شعبہ ا

فیصل آباد: پولیس کی تحقیق کے باعث ایک موٹر سائیکل سوار شخص ہیلمٹ خرید رہا ہے

کراچی، غیر اعلانہ لوڈ شیڈنگ کے خلاف عوام سراپا احتجاج

کے الیکٹرک شیڈول کے علاوہ بھی جب دل کرے بجلی بند کر دیتی ہے، مظاہرین

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے علاقے گورگی ایک نمبر میں غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کے خلاف عوام سراپا احتجاج بن گئے۔ تفصیلات کے مطابق گورگی نمبر ایک میں علاقہ مکین نے بجلی کی طویل بندش سے تنگ آکر احتجاج شروع کر دیا ہے، کے الیکٹرک کے خلاف مظاہرین کے احتجاج کے باعث دونوں ٹریک بند ہونے سے ٹریفک معطل ہوگئی۔ مظاہرین کے مطابق کے الیکٹرک شیڈول کے علاوہ بھی جب دل کرے بجلی بند کر دیتی ہے، دن بھر لائٹ نہیں ہوتی اور رات میں بھی بجلی بند کر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 56)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں عالمی یوم

ہلال احمر 8 مئی کو منایا جائے گا

نگوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں عالمی یوم ہلال احمر 8 مئی کو منایا جائے گا۔ اس موقع پر ہلال احمر اور دیگر سرکاری و غیر سرکاری اداروں، انسانیت کی فلاح، بہبود کیلئے کام کرنے والی این جی اوز و طبی تنظیموں کے اشتراک سے خصوصی واکس، سیمینارز، کانفرنسز، ورکشاپس کا انعقاد کیا جائیگا جس میں زمانہ امن، حالت جنگ، قدرتی آفات، ناگہانی سانحات اور بڑے حادثات کی صورت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 61)

مریم نواز کا ہے دور — ہمارا لاہور — بدل رہا ہے لاہور

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ترقیاتی وژن کے تحت تاریخ میں پہلی بار

137 ارب روپے کی لاگت سے — لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام کا آغاز

عوام کو نکاسی آب کے بہترین نظام، پینے کے صاف پانی اور پختہ و ہموار راستوں کی فراہمی


85,000 سے زائد سٹریٹ لائٹس کی تنصیب


728 کلومیٹر طویل 6506 نکی گلیوں کی تعمیر و پختگی


316 کلومیٹر طویل سیوریج لائنز


39 نیب ویلز کی تنصیب


319 کلومیٹر طویل واٹر سپلائی لائنیں


10 ڈسپوزل سٹیشنز کی تعمیر


76 کلومیٹر طویل 269 سڑکوں کی مرمت

آئندہ مالی سال میں پنجاب کے تمام اضلاع میں پنجاب پیکج کے تحت اسی طرز کے ترقیاتی منصوبوں پر کام کا آغاز کیا جا رہا ہے

خدمت ہمارا شعار سہولت ہمارا معیار

حکومت پنجاب

SPL-815